> *"Ma Chang, however, did not feel cut off from his fellow Muslims, although he lived so far away from Makkah, and among so many non-Muslims".*(3)

## Findings and Discussion

The study aimed to seek about the representation of religion Islam in the English textbooks taught at SSC level in the government schools of

---

(1) Ruhi Zaka Malik, *Textbook of English grade-9*, 28

(2) Ibid, 96

(3) Ruhi Zaka Malik, *English reading book grade-10*, 107.

KPK. Religion is an important constituent of both culture and education. The results of the study reveal that Islam being the state religion has been given extensive coverage in a number of reading passages of both the textbooks. The number of such passages is ten. Six passages are directly related to Islam and four have various references to it. It has multifarious advantages keeping in view Pakistani learners such as, it helps in the construction of national and Muslim identity,[(1)] it fosters English language learning in the sense that students already have some know how about their own culture/religion and if the contexts and content are based on students' culture/s, it will be easy for them to learn and more specifically their comprehension level will be increased.[(2)] Moreover, they will get sufficient English voc Abūlary pertaining to their culture which will enable them to convey information about their culture to those who visit to their country.[(3)] Last but not least, religious content will make them good human beings.

However, there is the other side of picture too. The selected textbooks do not provide enough information about other religions. Resultantly they (textbooks) may deprive the learners from getting information about other possible perspectives. Triyoga suggests that all main religious groups should be incorporated in materials while discussing and illustrating religion or churches. In addition, negative opinions about religion should be avoided.[(4)] The researcher is of view that as the world has become a global village interfaith harmony is vital and contents pertaining to all religions and groups can be instrumental for peace and stability in the world. UNESCO in its guidelines regarding textbooks under the program Education 2030 Agenda also emphasizes that the textbooks should demonstrate that different faiths can exist in the same area and should focus on their interactions in which their similarities are highlighted. In addition, they should refrain from ranking religions and passing general judgments about them.[(5)]

---

(1) Azhar Habib and Saleem, "The Construction of National and Muslim Identities through Academic Discourse,".

(2) Cem Alptekin, "Target-language culture in EFL materials," 136-143.

(3) Cortazzi and Jin, "Cultural mirrors: materials and methods in EFL classroom", 196-219.

(4) Arilia Triyoga, *Cultural bias in textbooks*. Retrieved from http://ariliablog.blogspot.com/2010/06/cultural-bias-in-textbooks.html

(5) Making textbook content inclusive: A focus on religion, gender and culture (Paris: UNESCO, 2017AD).

## Conclusion

Learning of any language becomes easy when the content of materials is based on cultural schemas of learners. The aim of the study was to know about the representation of the religion, Islam which is one the most important components of Pakistani culture in the textbooks employed for teaching English at Secondary level. It was a qualitative study and the data were analyzed thematically. The findings of the study show that sufficient coverage has been given to religion Islam in the prescribed textbooks. The textbook for class 9 has three passages that are purely about Islam. Similarly, two passages that highlight the history of Pakistan are replete with references to Islam. As far as the textbook for class 10 is concerned. Three passages are wholly solely related to Islam and two passages contain several references to it. The passages of both the textbooks contain detailed information about various facets of Islam through linear as well as non-linear content of the selected textbooks. Some of the worth mentioning aspects are as under:

- Holy Prophet (ﷺ), his life, teaching and qualities
- Other prophets, such as, Ḥaḍrat Ibrāhīm (AS) and Ḥaḍrat Ismā‘īl (AS)
- Pillars of Islam: Kalima, Prayer, Fasting and Ḥajj
- Quran, angel and Islamic months
- Four caliphs: Ḥaḍrat Abū Bakar (RA), Ḥaḍrat ‘Umar (RA), Ḥaḍrat ‘Uthmān (RA), Ḥaḍrat ‘Alī (RA)
- Interpretation of Islam from the perspective of great Pakistani leaders Quaid-e-Azam and Allama Iqbal

However, as far as other major religions of the world are concerned adequate space is not given to them keeping in view the fact that people of other religious groups also live in Pakistan. Thus, it is recommended that coverage should also be given to them as well.

# فراہی مصادرِ تفسیر اور تفسیری ادب پر ان کے اثرات کا جائزہ

# The Sources of Farāhī's Qur'ānic Commentary: An analytical Study of their Effect on Tafsīr Literature

محمد ابو بکر صدیق*

## ABSTRACT

Mufasirin have always been the center of intrest, Tafāsīr are the embodiment of Scholerly work, and due to their contribution and great services meanings of Qur'ān become very easy to understand. There are specific principles of Tafāsīr. Allāmā Farāhī is also one of those Mufasirin who worked on sources and methods of Tafāsīr.

No doubt, the knowledge basis on the solid sources Maṣādir glitters with its own solidity and conformity on the sky of knowledge. Talking to the Qur'ānic commentary, the most solid source is the Holy Qur'ān itself as recommended by the main stream of Qur'ānic commentators Jumhūr Mufassirīn. Allāmā Farāhī, one of the latest commentators, apparently argues the same but practically his Qur'ānic commentary differs it because of binding the interpretation of Qur'ān by Qur'ān "Tafsīr ul Qur'ān bil Qur'ān" with his lonely concept of "The Coherence In the Qur'ān" called Naẓm ul Qur'ān, that is a mere logical matter. So its impact on the Tafsīr literature differs not only from the fore commentators but also leads the incoming commentators to base their Qur'ānic commentaries on mental basis rather than solid Ḥadīth sources. So, following is the analytical study on Farāhī's Tafsīr sources and their impact on the Tafsīr literature.

**Keywords**: *Tafsīr, Sources, Farāhī, Qur'ān, Ḥadīth.*

* ریسرچ سکالر، پی ایچ ڈی، علوم اسلامیہ، جامعہ سرگودھا، سرگودھا

مفسرین کے نزدیک قرآنِ کریم کی صحیح تفسیر کے لیے بالعموم درج ذیل پانچ مصادر ہیں:

۱۔ تفسیر القرآن بالقرآن، ۲۔ بالسنہ، ۳۔ باقوالِ الصحابہ، ۴۔ باقوالِ التابعین، ۵۔ بعمومِ لغۃ العرب (۱) اور اہلِ علم کے ہاں تفسیرِ قرآن کے معتمد علیہ ذریعے ہیں جو "تفسیرِ ماثور" کے طُرُق بھی کہلاتے ہیں۔ ان مصادر میں سب سے اعلیٰ و ارفع تفسیر القرآن بالقرآن ہے اور سب سے پہلے اسی سے استفادہ کو ضروری سمجھا گیا ہے، جس کے اختیار کرنے سے قرآنی آیات و سورتوں کے مابین ربط و مناسبت کے معلوم کرنے کی ضرورت کا احساس مزید بڑھا جسے عملی جامہ پہنانے کے لیے مفسرین قرآن نے مختلف مصادر و مآخذ کا سہارا لیا اور تفسیری ادب کا مطالعہ بھی اس بات کا شاہد ہے کہ آیاتِ قرآنی کی صحیح تفسیر تک پہنچنے کے لیے مفسرین کے ہاں عہدِ نبوت سے لے کر زمانۂ حال تک ان کے مابین پائے جانے والے ربط و مناسبت کی بنیاد پر تفسیرِ قرآنی کا سلسلہ کسی نہ کسی صورت میں ایک مسلمہ حقیقت رہا ہے جس کی بنیادی وجہ آیاتِ قرآنی کی ترتیب کا متفقہ طور پر توقیفی قرار دیا جانا ہے چنانچہ ذیل میں ہم علامہ فراہی کے نزدیک تفسیر کے خبری مصادر و مآخذ کا ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے تفسیری ادب پر اثرات کا بھی جائزہ لیتے ہیں جس سے مقصود یہ معلوم کرنا ہے کہ علامہ کے مذکورہ مصادرِ تفسیر کا تفسیری ادب پر کیا اثر مرتب ہوا ہے اور سلف کی تفاسیر کا ان کے نزدیک کیا مقام ہے نیز ان کے اس رجحان کے مطابق آئندہ زمانے کا تفسیری ادب کیا رُخ اختیار کر جائے گا؟

ہم اپنے مضمون کو دو مباحث میں تقسیم کر کے بیان کرتے ہیں:

## پہلی بحث: علامہ فراہی کے خبری مآخذ کا جائزہ

جہاں تک علامہ فراہی کے مآخذ مذکورہ کا تعلق ہے ان کے بیان سے قبل ان کے ہاں تصورِ نظمِ قرآنی، جو ربط و مناسبت آیات و سوَرِ قرآنی کی ایک تکمیلی صورت ہے، کا ذکر کیا جانا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے چنانچہ علامہ فراہی کے نزدیک فہمِ کلام الٰہی نہ صرف فہمِ نظام پر موقوف ہے بلکہ فہمِ کلام میں فہمِ نظام کے طریقے کو یکتائی حاصل ہے جسے آپ یوں بیان کرتے ہیں:

"فإن فهم الكلام لايمكن بدون معرفة النظام وإنه لهو السبيل الوحيد إلى فهمه"(۲)

کیونکہ فہمِ کلام، فہمِ نظام کے بغیر ممکن نہیں اور یہی اس کے فہم کا واحد راستہ ہے۔

چنانچہ اپنے مذکورہ تصورِ نظمِ قرآنی کو اساس قرار دیتے ہوئے علامہ فراہی نے تفسیر کے مآخذ کو بنیادی طور پر دو حصوں، خبری و لسانی میں، پھر خبری کو دو حصوں ۱۔ اصل، ۲۔ فرع اور لسانی کو تین ۱۔ اصطلاحاتِ شرعیہ، ۲۔ قدیم

---

(۱) طیار، د۔ مساعد بن سلیمان، فصول فی اصول التفسیر، دار ابن الجوزی، سعودیہ، طبع دوم: ۱۴۲۳ھ، ۱/۳۶

(۲) فراہی، حمید الدین، رسائل الامام الفراہی فی علوم القرآن، دائرہ حمیدیہ، اعظم گڑھ، ۱۹۹۱ء، ص: ۲۲

کلامِ عرب، ۳۔ علوم اللسان میں تقسیم کیا ہے۔ ذیل میں ہم اپنے موضوع بحث کی مناسبت سے علامہ کے "خبری مآخذ" کا جائزہ پیش کرتے ہیں:

## تفسیر کے خبری ماخذ اور ان کی اقسام

خبری ماخذ سے مراد ایسے مآخذ جن میں ظن اور شبہ کو بھی دخل ہو اور ان پر مکمل اطمینان نہ کیا جا سکتا ہو اس لیے تفسیر قرآن میں ان سے اس حد تک استفادہ کیا جا سکے گا جتنا کہ وہ قرآنِ کریم سے موافقت کریں گے اختلاف کی صورت میں فیصلہ کن بات قرآنِ کریم کی ہی ہو گی کیوں کہ صرف اسی کی دلالت قطعی ہے، اسی بنیاد پر علامہ فراہی نے خبری مآخذ کو بنیادی طور پر درج ذیل دو حصوں میں تقسیم کیا ہے:

## اصل

"اصل" لغت میں جڑ اور بنیاد کو کہتے ہیں، چنانچہ مآخذ کے حوالے سے "اصل" تو آپ کے نزدیک صرف قرآنِ پاک ہی ہے جو قطعی الثبوت ہے، چنانچہ اسی کے بارے لکھتے ہیں:

"أما الإمام والأساس فليس إلا القرآن نفسه"(۱)

جہاں تک اصلی اور بنیادی ماخذ کا تعلق ہے تو وہ تو صرف اور صرف قرآنِ پاک ہی ہے۔

علامہ اپنی تفسیر نظام القرآن کے منہج کے متعلق لکھتے ہوئے مذکورہ بات کو یوں ذکر کرتے ہیں:

"فإني ما أردت أن أجمع كل ما يتعلق بالقرآن...ولكني أردت مايكون كالأساس،والأم، والوسط، والحكم، ولذلك اقتصرت على ما في القرآن غير جاحد لما تركته"(۲)

میرا بالکل ارادہ نہیں کہ قرآنِ کریم کے متعلقہ سب کچھ ہی اس (کتاب) میں جمع کر دوں۔۔۔بلکہ میرا ارادہ تو وہ چیزیں جمع کرنے کا ہے جو نہ صرف بنیاد اور مرکز کا کام دیں بلکہ معتدل ہونے کے ساتھ ساتھ حتمی بھی ہوں، اسی لیے جو کچھ مجھے قرآنِ کریم سے ملا ہے میں نے اسی پر اکتفاء کیا ہے اور جو کچھ رہ گیا ہے اس کا بھی منکر نہیں ہوں۔

اور اس پر علامہ سیوطی کی الاتقان میں بیان کردہ علماء کے قول کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے، چنانچہ لکھتے ہیں:

"فعلمت من هذا أن أوّل شيء يفسر القرآن هو القرآن نفسه"(۳)

چنانچہ اس (قولِ علماء) سے مجھے یہ بات سمجھ آئی ہے کہ وہ پہلی چیز جس سے قرآن کی تفسیر کی جانی چاہئے وہ خود قرآنِ کریم ہی ہے۔

---

(۱) فراہی، حمید الدین، نظام القرآن، دائرہ حمیدیہ، اعظم گڑھ، ۲۰۰۸ء، ص:۲۸

(۲) ایضًا، ص:۲۴

(۳) ایضًا، ص:۲۳

چنانچہ آپ قرآن ہی کو قرآن کی تفسیر کے لیے اصل کلی قرار دیتے ہوئے اس کی تین جزئیات ، نظمِ قرآنی، لغت عرب اور نظائرِ قرآنی پر زیادہ تر اعتماد کرتے ہیں جس کی مثالیں ذیل میں ہم پیش کرتے ہیں:

نظمِ قرآنی سے تفسیرِ آیت کی مثال:

آپ آیتِ تطہیر﴿إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ﴾[۱]میں اہلِ بیت سے مراد امہات المؤمنین ہونا قرار دیتے ہیں کیونکہ سیاقِ کلام﴿يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلًا مَعْرُوفًا ﴾[۲]میں ازواجِ نبی کو خطاب اسی معنی پر دلالت کرتا ہے اور یہاں کسی قسم کا عمومی معنیٰ نہیں لیا جاسکتا۔[۳]

لغتِ عرب سے تفسیرِ آیت کی مثال:

آپ سورت تحریم کی آیت﴿إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا﴾[۴] کی تفسیر کرتے ہوئے کلمہ ﴿صَغَتْ﴾ کا معنیٰ "مالت الی " سے کرتے ہیں اور اس کے ثبوت کے لیے درج ذیل توجیہات پیش کرتے ہیں:

> "عربی میں خاص الفاظ ایک کلی معنی کے تحت بھی ہوتے ہیں، مثلاً کلمہ "میل "(جھکنا، ہٹنا) ایک کلی مفہوم ہے جس کے تحت عربی میں بہت سے الفاظ آتے ہیں جیسے زیغ، جور، ارعواء، حیادہ ، انحراف وغیرہ تو کسی چیز سے ہٹنے یا پھرنے کے لیے آتے ہیں جبکہ اسی کے تحت فیء، توبۃ ، التفات اور صغو وغیرہ کسی چیز کی طرف مائل ہونے اور جھکنے کے لیے آتے ہیں، اس لیے یہاں کلمہ "صغو" بھی "مالت الی اللہ ورسولہ" یعنی اللہ اور اس کے رسول کی طرف جھکنے کے آتے ہیں اور اسی معنی پر اس کلمہ کے مشتقات بھی دلالت کرتے ہیں لہٰذا مذکورہ آیت کی تفسیر یوں کی جائے گی: تم دونوں کے دل اللہ اور اس کے رسول کی طرف جھک چکے ہیں۔[۵]

نظائرِ قرآنی سے تفسیرِ آیت کی مثال:

چنانچہ قرآنِ کریم کے ایک اجمالی مقام کی دوسرے مقام سے تفصیل کی مثال نظائر کی بنیاد پر یوں پیش کرتے ہیں:

> سورت مؤمن کی آیت﴿مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا ﴾[۶]میں پائے جانے والے اس اجمال کہ کفر سے اور آیات اللہ سے یہاں کیا مراد ہے؟ کی تفصیل میں

---

(۱) سورۃ احزاب:۳۳

(۲) ایضًا:۳۲

(۳) علامہ حمید الدین فراہی، رسائل الامام الفراہی، ص:۲۶۲

(۴) سورۃ التحریم:۴

(۵) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، اردو ترجمہ امین احسن اصلاحی، دائرہ حمیدیہ، اعظم گڑھ، ۲۰۰۹ء، ص:۲۱۸

(۶) سورۃ مؤمن:۴

درج ذیل آیات ﴿ذَلِكُمْ بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ وَإِنْ يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ. هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِنَ السَّمَاءِ رِزْقًا وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَنْ يُنِيبُ .فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ﴾(۱) کو بطور نظیر پیش کر کے اسکی روشنی میں یہ قرار دیتے ہیں کہ یہاں کفر سے مراد توحید کا انکار اور آیات اللہ سے مراد وہ نشانیاں جو توحید پر دلالت کرتی ہیں۔(۲)

## فرع

"فرع" لغت کے لحاظ سے شاخ یا ٹہنی کو کہتے ہیں، آپ نے فرع کو ذیلی ماخذ کے طور پر اختیار کیا ہے اور اس کے تین ماخذ شمار کئے ہیں جو ظنی الثبوت ہیں جس کی بنا پر انہیں فرع میں شمار کیا ہے وگرنہ وہ بھی اصل ہی کا حصہ شمار ہوتے، چنانچہ لکھتے ہیں:

"وأما ما هو كالتبع والفرع فذلك ثلاثة: ۱. ما تلقته علماءالأمة من الأحاديث النبوية، ۲.وما ثبت واجتمعت الأمة عليه من أحوال الأمم، ۳. وما استحفظ من كتب المنزلة على الأنبياء"(۳)

اور جہاں تک فرع کا معاملہ ہے تو وہ یہ تین ہیں: ۱۔ جو باتیں علماءِ امت نے احادیثِ نبویہ سے معلوم کیں، ۲۔ قوموں کے وہ ثابت شدہ حالات جن پر امت متفق ہو گئی، ۳۔ گذشتہ انبیاء کے وہ صحیفے جو محفوظ ہیں۔

مذکورہ تینوں فرعی ماخذ کا جائزہ پیش کرنے سے پہلے یہ بات مدنظر رکھنا ضروری ہے کہ علامہ کے اختیار کردہ مصادرِ تفسیر بظاہر تو ماسبق مصادر سے ملتے جلتے اور انہی سے اخذ کردہ ہیں، مگر ان کی تطبیقی صورتیں ان سے مختلف ہیں یہی وجہ ہے کہ آپ نے احادیثِ نبویہ کو بھی ظن پر مبنی ہونے کی بنا پر فرعی ماخذ میں ہی شمار کیا ہے چنانچہ ذیل میں فرعی ماخذ کے جائزہ سے اس کی توضیح ہو جائے گی:

### جو باتیں علماءِ امت نے احادیثِ نبویہ سے معلوم کیں، (حدیث بطور ماخذ)

مؤلف کے نزدیک حدیث شریف قرآنِ کریم کے بعد دوسرے درجے کا ماخذ ہے اور فرعی ماخذ میں اسے پہلا درجہ حاصل ہے، چنانچہ آپ اسی بات کو یوں بیان کرتے ہیں:

"أوّل شيء يفسر القرآن هو القرآن نفسه,ثم بعد ذلك فهم النبي والذين معه... ولعمري أحب التفسير عندي ما جاء من النبي وأصحابه "(۴)

---

(۱) سورۃ مؤمن: ۱۲-۱۴

(۲) علامہ حمید الدین فراہی، رسائل الامام الفراہی، ص: ۲٦۷،۲٦٦

(۳) ایضاً، ص: ۲۸

(۴) ایضاً، ص: ۲۳

وہ پہلی چیز جس سے قرآن کی تفسیر کی جانی چاہئے وہ خود قرآنِ کریم ہی ہے اس کے بعد آپ ﷺ پھر آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کا فہم ہے۔۔۔ مجھے زندگی کی قسم! میرے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ تفسیر وہ ہے جو آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم سے منقول ہو۔

تو جہاں تک علامہ کے نزدیک قرآن کے بعد حدیث کو ماخذِ تفسیر قرار دینے کا تعلق ہے تو اس بارے ہمارا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اس دعوی کا تعلق محض کہنے کی حد تک ہے وگرنہ آپ کے دیگر ارشادات اس کی نفی کرتے نظر آتے ہیں جنہیں ہم ذیل میں عنوان وار ذکر کرکے ان پر تنقیدی نظر ڈالتے ہیں کہ علامہ فراہی کا یہ دعویٰ کہاں تک درست ہے:

**صحاحِ ستہ کے بارے فراہی کا موّقف**

صحاحِ ستہ کا مقام اہلِ علم سے مخفی نہیں اور ان چھے کتابوں میں سے صحت کے لحاظ سے صحیح بخاری و صحیح مسلم کا اول درجہ بھی مسلم ہے، ذیل میں صحیحین کے بارے علامہ اپنا موّقف یوں بیان کرتے ہیں:

"فاعلم أن في قلوب أكثر أهل الحديث أن ما رواه البخاري ومسلم لامجال فيه للشك... فلانؤمن بما فهموا من غير النظر والفكر"(۱)

تو جان لو کہ زیادہ تر اہلِ حدیث کے دلوں میں یہ بات ہوتی ہے کہ جو کچھ بخاری و مسلم سے روایت ہوا ہے اس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔۔۔ لہذا ہم تو اس بات پر بالکل ایمان نہیں لائیں گے جو اُنہیں (احادیث سے) سمجھ آئی ہے جب تک کہ (ہم خود) اس میں غور و فکر نہ کرلیں۔

شائد اسی وجہ سے آپ کی شاہکار تفسیر "نظام القرآن" میں احادیثِ مبارکہ یا اقوالِ صحابہ رضی اللہ عنہم سے استشہاد "النادر كالمعدوم" کی مثل معلوم ہوتا ہے کیوں کہ آپ نے ضخیم ذخیرہ احادیث میں سے محض چند احادیث کو تبعاً بطورِ استشہاد پیش کیا ہے اور باقی تمام ذخیرۂ احادیث کو "ما جاء من النبي وأصحابه" کے لائق خیال نہیں کیا۔

**اصل و فرع کے تعارض میں فراہی کا موّقف**

آپ کے نزدیک جب اصل (آیت) و فرع (روایت) میں تعارض آجائے تو ضروری ہے کہ روایت کی تاویل کی جائے نہ کہ آیت کی کیونکہ روایت تو آیت کی فرع ہے، تو فرع کو ہی کاٹنا زیادہ مناسب ہے، اس تاکیدی ہدایت کے ساتھ ساتھ آپ نے ان لوگوں پر خاصے تعجب کا اظہار بھی کیا ہے جو آیت کی تاویل تو کرنے پر راضی ہو جاتے ہیں مگر روایت کی تاویل برداشت نہیں کرتے، چنانچہ لکھتے ہیں:

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، رسائل الامام الفراہی، ص:۷۰

"ولكن التعجب ممن يؤول الآية ولا يؤول الرواية، وربما لايؤول الآية بل يرضى بقطع نظامها، والفرع أولى بالقطع...والعجب كل العجب ممن يقبل ما هومكذب لنص القرآن مثل كذبِ إبراهيم عليه السلام ونطق النبي الكريم بالقرآن من غير وحي"(۱)

اور تعجب ہے ان لوگوں پر جو روایت کی تاویل تو نہیں کرتے، آیت کی کرڈالتے ہیں، اور کبھی تو صرف آیت کی تاویل پر بھی بس نہیں کرتے بلکہ اس کے نظم کو برباد کر کے ہی خوش ہوتے ہیں۔۔۔اور ان سے بڑھ کر تعجب ان لوگوں پر ہے جو نصوصِ قرآنی کی تکذیب کر ڈالنے والی روایات کو قبول کر لیتے ہیں جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کذب کی روایت اور حضور ﷺ کا خلافِ وحی قرآنِ کریم پڑھنے کی روایت۔

یہاں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ علامہ جس بات کو آیت اور روایت کا تعارض کہہ رہے ہیں ہمارے خیال میں وہ آیت و روایت کا تعارض تو نہیں، البتہ فہم الناس کا تعارض ہے، تو جن لوگوں نے روایتِ حدیث جیسے منقولی معاملہ پر اعتماد کرتے ہوئے آیت کو روایت سے ہی سمجھنے کی کوشش کی ہے تو پھر تعجب کس بات کا؟

### صحیح احادیث کے ذخیرے کی آثارِ ابنِ عباس تک محدودیت

علامہ فراہی چونکہ نظمِ قرآنی کو ہی تفسیر کے لیے اصل مانتے ہیں اسی لیے روایاتِ حدیث کے بارے آپ کا یہ مؤقف بھی سامنے آتا ہے کہ صرف وہی روایات لی جائیں جو نظمِ آیات کو نہ بگاڑیں، یہ اس بات کا پتہ دیتا ہے کہ آپ کے ہاں فہمِ قرآنِ کریم کے سلسلہ میں صحیح ذخیرۂ احادیث سے استفادہ بہت ہی محدود ہو گا چنانچہ آپ نے صحیح احادیث کے ذخیرے کی آثارِ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ تک محدودیت کا اپنے الفاظ میں یوں ذکر کیا ہے:

"فينبغي لنا أن لا نأخذ منها إلا ما يكون مؤيدا للقرآن وتصديقا لما فيه، كما أن الآثار المنقولة عن ابن عباس رضي الله عنهما أقرب الأقوال من نظم القرآن"(۲)

ہمیں چاہئے کہ ہم صرف وہ روایات قبول کریں جو قرآنِ کریم کی تائید و تصدیق کرتی ہوں جیسے ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے منقول آثار دیگر تمام روایات سے بڑھ کر نظمِ قرآنی کے بہت قریب ہیں۔

گویا آپ کے نزدیک کسی بھی روایت کے تفسیرِ قرآنِ کریم کے حوالے سے قبول و رد کا معیار اس کا نظمِ قرآنی کے موافق ہونا ہے جو محض کسی مفسر کی عقلی ممارست کا نتیجہ ہی ہو سکتا ہے، حالانکہ ہمارے نزدیک صحیح منقول کی پیروی ہی آیتِ قرآنیہ کی صحیح تاویل کا محفوظ و مامون راستہ ہے کیونکہ منقول کی تبدیلی بشرطِ قبول صحت تغیرِ اشخاص و احوال سے ممکن نہیں جبکہ معقول ہمیشہ سے تغیر پذیر ہے اور رہے گا۔

---

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۲۸

(۲) ایضًا، ص:۲۸

## قرآنِ کریم اور حدیثِ متواتر کا تقابل

قرآنِ کریم کے بعد حدیثِ پاک کو بطور مصدر تسلیم کرنے کے باوجود علامہ کا موقف یہ ہے کہ چونکہ قرآنِ کریم کے مقابلے میں جب حدیث آئے گی یعنی آیت کا مفہوم اور روایت کا مفہوم جدا جدا نظر آئے گا تو وہاں حدیث کو چھوڑا جائے گا خواہ وہ متواتر ہی کیوں نہ ہو اس سے قرآنِ کریم کا نسخ لازم آتا ہے اور حدیثِ متواتر بھی قرآنِ کریم کو منسوخ نہیں کر سکتی اور دلیل کے لیے آپ نے امام شافعی، احمد بن حنبل وعام محدثین کے نقطۂ نظر کی طرف اشارہ کیا ہے جبکہ فقہاء و متکلمین کی اس کے خلاف رائے کو رد کیا ہے مگر دلائل ذکر نہیں کئے، چنانچہ لکھتے ہیں:

"والذي يهمك(ثالثا)هو أن تعلم أن الخبر، وإن تواتر لا ينسخ القرآن،وحقه التأويل أو التوقف، ألا ترى أن الإمام الشافعي رحمه الله،وأحمد بن حنبل رحمه الله وعامة أهل الحديث يمنعون نسخ القرآن بالحديث وإن كان متواترا...فمن خالفهم من الفقهاء والمتكلمين لانقيم لرأيهم وزنا"(۱)

اور (تیسری) اہم بات یہ ہے کہ آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ خبر، اگرچہ متواتر ہو، قرآن کو منسوخ نہیں کر سکتی، اس کی تو (کوئی) تاویل ہی کی جائے گی یا پھر توقف ہی ہو گا، کیا آپ دیکھتے نہیں کہ امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور عام محدثین، حدیث کے ذریعے نسخِ قرآنِ کریم سے روکتے ہیں اگرچہ وہ حدیث متواتر ہی ہو۔۔۔اور جو فقہاء و متکلمین اس کے خلاف ہیں، ہمارے نزدیک ان کی کوئی اہمیت نہیں۔

ہمارے خیال میں جہاں تک محدثینِ کرام رحمۃ اللہ علیہم کا یہ کہنا ہے کہ حدیثِ متواتر قرآنی آیت کی ناسخ نہیں ہو سکتی، اگرچہ علامہ نے اس کی دلیل تو پیش نہیں کی، تو اس سے محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی مراد یہ نہیں معلوم ہوتی کہ وہ احادیث آیاتِ قرآنیہ کی تاویل سے ہی قاصر ہیں یعنی کہ وہ احادیثِ متواترہ کو تاویلِ آیات کا مصدر ہی قرار نہیں دیتے، بلکہ جن آیات کا ناسخ و منسوخ ہونا اہلِ علم کے ہاں معروف ہے، زیادہ سے زیادہ اس کے ساتھ اس بات کا تعلق ہو سکتا ہے، چنانچہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا یہ قول ہمارے نزدیک علامہ کے مؤقف کی پوری تائید نہیں کرتا۔ بالفرض اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ قرآن کا نظم بھی قرآن ہی کی حیثیت رکھتا ہے تو یہ سوال باقی رہتا ہے کہ جو نظم کسی مفسر نے اخذ کیا ہے کیا وہ اس قابل ہے کہ اس کے مقابلے میں حدیثِ متواتر کو ہی رد کر دیا جائے۔

## حدیثِ پاک پر مروجہ لغتِ عرب کو ترجیح

مؤلف کے نزدیک جب دو مختلف احادیث ایک ہی آیت کے دو الگ مفہوم بیان کریں تو ایسی صورت میں مؤلف نے اپنے تدبرِ قرآن میں احادیث کی بجائے مروّجہ لغتِ عرب کو نہ صرف ترجیح دی ہے بلکہ اسے قرآن فہمی

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۳۰

کا "واضح راستہ" قرار دیا ہے، آپ نے اپنی بات کی تصدیق کے لیے بخاری و مسلم کی درج ذیل دو روایات پیش کی ہیں جو ایک ہی راوی حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے قدرے الگ مفہوم کے ساتھ مروی ہیں:

"قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ[1] عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا﴾[2] قَالَ: «مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ العَرْشِ»"[3]

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ میں نے نبی ﷺ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ﴿ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا﴾ "اور سورج اپنے ٹھکانے کی طرف چلا جارہا ہے" کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا ٹھکانا عرش کے نیچے ہے۔

اور دوسری روایت:

"كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي المسْجِدِ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَقَالَ: «يَا أَبَا ذَرٍّ أَتَدْرِي أَيْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ؟» قُلْتُ: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: «فَإِنَّهَا تَذْهَبُ حَتَّى تَسْجُدَ تَحْتَ العَرْشِ»، فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا﴾"[4]

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ میں ایک مرتبہ غروبِ شمس کے وقت نبی ﷺ کے ساتھ مسجد میں تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابو ذر رضی اللہ عنہ: کیا تجھے معلوم ہے کہ سورج کہاں غروب ہوتا ہے؟ میں نے عرض کی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں، تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ وہ جا کر عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے۔

چنانچہ مذکورہ روایات کو بنیاد بنا کر آپ نے نتیجہ کے طور لغتِ عرب کی حدیثِ پاک پر ترجیح یوں پیش کی ہے:

"فلاسبيل إلى الإطمئنان من هذه الروايات المتناقضة التي لايزداد شاربها إلاظمأ والراكن إليها إلاقلقا ولكنك إن أخذت السبيل الواضح: وهو اتباع لغة السائرة، والنورالبازغ:وهو التدبر في القرآن هديت إلى صحة معنى..واطمأننت به"[5]

لہذا ان متضاد روایات پر اطمینان تو کسی صورت ممکن نہیں اُلٹا ان (چشموں) سے پینے والے کی پیاس ہی بڑھے گی اور ان کی طرف مائل ہونے والے کو بھی سوائے افسوس کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا البتہ اگر آپ نے واضح راستہ اختیار کر لیا جو کہ مروجہ لغت (عرب) کی پیروی ہے اور طلوع ہونے والی روشنی کو سمیٹ لیا

---

(۱) مؤلف نے "النبی" کی بجائے "رسول اللہ" کے الفاظ ذکر کئے ہیں۔

(۲) سورۃ یٰسین: ۳۸

(۳) بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، باب ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا الخ﴾، حدیث نمبر: ۴۸۰۳، طوق النجاۃ، ۱۴۲۲ھ

(۴) بخاری، الجامع الصحیح، باب ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا الخ﴾، حدیث نمبر: ۴۸۰۲

(۵) ایضاً، ص: ۲۷

جو قرآنِ کریم میں تدبر کرنا ہے تو آپ کو۔۔ صحیح معنٰی تک نہ صرف رسائی ہو جائے گی بلکہ اس معنٰی پر آپ کو اطمینان بھی حاصل ہو جائے گا۔

مؤلف کا استدلال یہ ہے کہ دونوں احادیث میں ایک ہی راوی اور ایک ہی کتاب کے باوجود "مستقر" کے متعلق قدرے الگ الگ مفہوم کے ساتھ دو روایات کا آنا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ان کو دیکھنے کی بجائے مروجہ لغتِ عرب کو مد نظر رکھ کر "مستقر" کا معنٰی طے کیا جائے اور ایسا کرنا ان کے نزدیک قرآن کو ایک موضوع کی مختلف احادیث پر گویا حاکم قرار دینا ہے حالانکہ دونوں احادیث میں کوئی اختلاف ہے ہی نہیں، ایک میں سورج کا مستقر بتایا گیا ہے اور دوسری میں (اُسی) مستقر میں سورج کا سجدہ کرنا (گویا ڈوبنا) بتایا گیا ہے، جب تفسیرِ قرآن کے معاملے میں آپ کا یہ مؤقف کئی بار سامنے آچکا ہے کہ قرآنِ کریم میں ایک اجمالی حکم آنے کے بعد پھر تفصیلی حکم آجاتا ہے تو ہماری نگاہ میں حدیث پاک میں بھی یہی صورت پیش آسکتی ہے تو یہ بظاہر اجمال و تفصیل کا اختلاف تفسیر کے معاملے میں حدیث شریف کو ناقابلِ استدلال کیسے کر سکتا ہے؟

### قوموں کے وہ ثابت شدہ حالات جن پر امت متفق ہو گئی، (تاریخ بطورِ ماخذ)

مؤلف کے نزدیک "تاریخ" فرعی مآخذ میں دوسرا ماخذ شمار ہوتا ہے جس کی حیثیت حدیثِ پاک کی طرح ظنی الثبوت ہے اور آپ کے نزدیک تاریخ سے مراد اہلِ کتاب کی تاریخی کتب ہیں کیونکہ روایاتِ اہلِ کتاب کی نسبت اہلِ کتاب کی کتبِ تاریخ زیادہ معتبر ہیں اور ان میں کوئی اختلاف نظر آئے تو ہم روایت کی صحت کو دیکھ کر ترجیح قائم کریں گے جیسے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کے معاملہ میں ہم قرآن ہی کو اصل قرار دیں گے کیونکہ اہلِ کتاب کتمانِ حق کے مجرم بھی ہیں اس لیے ان کی بات نہیں لیں گے اور اگر اختلاف نہ پایا جائے تو ہم درایت کی کسوٹی پر جانچ کر سابقہ آسمانی کتب سے بھی لے سکتے ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

"فإذارأينا الإختلاف نظرنا في صحة الرواية فرجحنا الأثبت رواية وإذا لم يكن اختلاف بينها فلا بأس أن نأخذ مما لم يثبت رواية بعد عرضه على محك الدراية كما أن نذكر من الزبور ما أشار إليه القرآن حيث قال: ﴿وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ﴾[1] و من صحف موسى ما أشار إليه حيث قال: ﴿اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُوْلٰى. صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى﴾[2]"[3]

---

(۱) سورۃ الانبیاء:۱۰۵

(۲) سورۃ الاعلیٰ:۱۹،۱۸

(۳) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۲۹

تو جب ہم ان میں اختلاف پائیں تو روایت کی صحت دیکھ کر سب سے زیادہ صحیح کو ترجیح دے دیں گے اور اگر اختلاف نہ پایا جائے اور وہ روایۃ بھی ثابت نہ ہو تو بھی ہم درایت کی کسوٹی پر پرکھ کر اس سے اخذ کریں گے مثلاً زبور میں سے ہم اس چیز کو لیں گے جس کی طرف قرآنِ کریم نے اشارہ کیا ہے جیسے ارشاد باری ہے: "اور ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکو کار بندے ملک کے وارث ہوں گے۔" اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں سے اس کو لیں گے جس کی طرف قرآنِ کریم نے اشارہ کیا ہے جیسے ارشادِ باری ہے: یہ باتیں پہلی کتابوں میں بھی ہیں (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام کی کتابوں میں۔

چنانچہ مذکورہ بات کی وضاحت کے لیے آپ نے درج ذیل آیت کو بطورِ مثال پیش کیا ہے:

مثال:

﴿وَقَضَيْنَا إِلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ فِي الْكِتَابِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ﴾(۱)

اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل کو اپنے فیصلے کی اطلاع دے دی تھی کہ تم زمین میں دو مرتبہ فساد برپا کرو گے۔

اس آیت کے ضمن میں آپ کا کہنا یہ ہے کہ

"اس طرح کی آیات میں ہمیں بنی اسرائیل کی تاریخ کی طرف رجوع کرنا پڑے گا مگر یہ بات واضح رہے کہ قرآنِ کریم اپنی تفسیر کے لیے ان فروع کا محتاج نہیں اس کی حیثیت مرجع کی ہے اور جہاں کہیں اختلاف ہو تو یہی جھگڑا چکانے والی بنے گی البتہ ان فروع کی مراجعت سے ایمان و اطمینان میں اضافہ ہو گا"۔(۲)

اگر ہم مؤلف کے بیان کردہ فرعی ماخذ، حدیث شریف کی تفصیلات کو ذہن میں رکھ کر تاریخی ماخذ کے بارے آپ کی رائے کو پرکھیں تو ایک بات سمجھنے میں خاصی مشکل پیش آئے گی کہ اُدھر تو حدیث شریف خواہ متواتر درجہ کی ہی کیوں نہ ہو، اس میں تضاد نظر آئے تو اس کی روایت و درایت کو کام میں لا کر اس سے استشہاد کی بجائے مروجہ لغتِ عرب کی طرف صحیح تاویلِ آیت کے لیے رجوع ضروری قرار دیا ہے، جبکہ قصصِ بنی اسرائیل وانبیاء بنی اسرائیل کے بارے میں قرآنِ کریم اور سابقہ آسمانی کتب میں اختلاف نظر آئے تو صحتِ روایت کی بنا پر ترجیح اور اگر اختلاف نہ پایا جائے تو درایت کے مطابق عمل ہو گا، تو سوال یہ ہے کہ ایک طرف تو روایت و درایت کی کسوٹی کام نہیں آتی جس کے ذریعے روایات حدیث کی صحت کو پرکھ لیا جائے اور دوسری طرف یہ کسوٹی ایسی جگہ کام دینے لگی جہاں خود قرآنِ کریم نے ان پر ایمان کے باوجود ان کا محرف ہونا بیان کر دیا ہے، چنانچہ قرآنِ کریم، جو کہ قطعی الثبوت ہے، کے ہی

---

(۱) سورۃ الاسراء: ۴

(۲) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص: ۴۵

بیان کے باوجود ان تاریخی کتابوں کو کس بنیاد پر قرآنِ کریم کے سامنے پیش کیا جائے گا کہ جس کا کُل قابلِ اعتبار نہ ہو تو اس کا جزء کیسے قابلِ اعتبار ہو سکتا ہے اور ویسے بھی قرآنِ کریم نے جب اہلِ کتاب (یہود و نصاریٰ) کے بارے تصریح فرما دی ہے کہ وہ آپس میں دوست اور قریبی ہیں اس لیے وہ تمہارے دوست نہیں ہو سکتے تو پھر علامہ کا اس کے ذریعے ان کے قرب کا دعویٰ خود قرآنِ کریم سے متصادم لگتا ہے۔

**گذشتہ انبیاء کے وہ صحیفے جو محفوظ ہیں، (سابقہ آسمانی کتب بطور ماخذ)**

اس ماخذ کے بارے آپ کا مؤقف یہ ہے کہ ہم مسلمان آسمانی کتابوں میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے اور انہیں میں سے قرآنِ پاک بھی ہے البتہ قرآنِ کریم اور سابقہ آسمانی کتب کے مشترک واقعات میں اگر کوئی اختلاف نظر آئے تو قرآنِ کریم کی طرف ہی رجوع کریں گے کیونکہ وہی محفوظ کتاب ہے، چنانچہ لکھتے ہیں:

"نهتدي لتأويل ماجاء في القران من القصص راجعين إلي القران عند الإختلاف لكونه مجفوظا"[۱]

جو قصے قرآنِ کریم میں آئے ہیں ہم ان کی تاویل کے لیے قرآنِ کریم ہی سے رہنمائی لیں گے البتہ (سابقہ کتب سے) اختلاف کی صورت میں قرآنِ کریم کو محفوظ جانتے ہوئے اسی کی طرف رجوع کریں گے۔

چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ قرآنِ کریم اور تورات دونوں میں ہی بیان ہوا ہے اور علامہ فراہی نے فرعون اور اس کی قوم کی تباہی کا پُروا ہوا کے ذریعے ہونا تورات کے سفر خروج سے نہ صرف اخذ کر کے بتایا ہے بلکہ اس کی قرآنِ کریم سے تائید بھی پیش کی ہے، ذیل میں ہم اس کی مثال پیش کرتے ہیں:

مثال: سفر خروج ۱۲/ ۱۴سے یوں نقل کرتے ہیں:

"پھر موسی نے اپنا ہاتھ سمندر کے اوپر بڑھایا اور خداوند نے رات بھر پوربی آندھی چلا کر اور سمندر کو پیچھے ہٹا کر اسے خشک زمین بنا دیا اور پانی دو حصہ ہو گیا"

یہ پوربی آندھی رات بھر چلتی رہی اور صبح کو تھم گئی ہوا کے زور نے سمندر کا پانی مغرب کی طرف خلیج سویز میں ڈال دیا اور مشرقی خلیج، خلیج عقبہ کو بالکل خشک چھوڑ دیا۔ پھر جب آندھی تھم گئی تو پانی اپنی جگہ پر پھیل گیا اور موسی علیہ السلام کا تعاقب کرنے والی جماعت غرق ہو گئی اس کی تصدیق قرآنِ مجید سے بھی ہوتی ہے، سورہ دخان میں ہے:

﴿فَأَسْرِ بِعِبَادِي لَيْلًا إِنَّكُمْ مُتَّبَعُونَ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ جُنْدٌ مُغْرَقُونَ﴾[۲]

---

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۴۹

(۲) سورۃ الدخان:۲۳، ۲۴

پس میرے بندوں کو رات کے وقت نکال لے جاؤ تمہارا تعاقب کیا جائے گا اور سمندر کو ساکن چھوڑ دو بے شک وہ غرق ہونے والی فوج ہے۔

﴿وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ﴾ میں "رَهْوا" کے معنی سکون کے ہیں اور دریا کا سکون ظاہر ہے کہ ہوا کے سکون سے ہوتا ہے۔(۱)

مذکورہ مثال میں چونکہ قرآنِ کریم بھی آپ کے نزدیک توارات کی تائید کرتا نظر آتا ہے اس لیے فرعون اور قومِ فرعون کی تباہی کا سبب نرم ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کی نجات تند ہوا سے ہی ہوئی یعنی رحمت اور عذاب کے ظہور ہوا کے ذریعے ہی ہوا۔

البتہ علامہ کے نزدیک چونکہ قرآنِ کریم سابقہ کتب کے لیے خود مہیمن (نگہبان) کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے کشفِ معانی میں فروعی ماخذ کو کوئی دخل نہیں بلکہ یہ تو آپ کے ایمان واطمینان میں صرف اضافے کا باعث ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

"ولكن إن أردت تصديقه فالنظر في الفروع يفيدك ويزيدك إيمانا و اطمينانا...ومن نظر في الكتب السابقة استبان له فضل تعليم القرآن عليها، وإعادة بعض ما نسوه من كتبهم، وكشف ما بدلوه"(۲)

اور لیکن اگر آپ اس (قرآنِ کریم) کی کسی بات کی تصدیق کرنا چاہیں تو فروع میں غور کرنا نہ صرف آپ کے لیے مفید ہو گا بلکہ آپ کے ایمان اور اطمینان میں اضافے کا باعث بھی ہو گا۔۔۔ اور جس نے سابقہ آسمانی کتب کا گہرا مطالعہ کیا تو اس پر قرآنِ کریم کی دیگر صحیفوں پر برتری واضح ہو جائے گی جو کچھ اہلِ کتاب نے اپنی کتابوں سے بھلایا اس کا اعادہ ہو جائے گا اور جو کچھ انہوں نے بدل ڈالا تھا اس کا انکشاف ہو جائے گا۔

آپ کے نزدیک فرع (سابقہ آسمانی کتابیں)، اصل (قرآنِ کریم) کی تصدیق کا ذریعہ ہیں، ادھر قرآنِ کریم کو فیصلہ کن کتاب اور جھگڑوں کو ختم کرنے والی کتاب بھی قرار دے رہے ہیں، گویا جس کو اصل کی بات پہ اطمینان نہ ملے وہ فرع سے اطمینان حاصل کر لے، ہمارے خیال میں جب 'اصل' ہی ایمان واطمینان میں اضافہ نہ کر سکے تو وہاں 'فرع' کی کیا حیثیت؟

مؤلف کے فروعی مآخذ کی وضاحت کے بعد ذیل میں ہم آپ کے اصل اور فرع کے مآخذ کے درمیان باہمی ربط ومناسبت کی حیثیت کو ان کے بیان کے مطابق واضح کر دینا مناسب خیال کرتے ہیں چنانچہ لکھتے ہیں:

"فالذي يهمك(أولا)هو أن تعلم أن القرآن,في كشف معناه,لايحتاج إلى هذه الفروع... والذي يهمك(ثانيا)هو أن تجعل بين ما نطق به القرآن وبين ما تجد في الفروع سدا

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص: ۱۶۲، ۱۶۳

(۲) ایضًا، ص: ۳۰

وحاجزا فلا تخلطهما فالقدر الذي في القرآن ثابت والذي زاد عليه مظنة للوهم"[۱]

(پہلی) اہم بات جو تمہیں معلوم ہونا ضروری ہے وہ یہ ہے کہ قرآنِ کریم اپنی تفسیر کے لیے ان فروع کا محتاج نہیں ہے۔۔۔ اور (دوسری) اہم بات یہ کہ قرآنِ کریم کی ثابت شدہ اور فروعات کے ذریعے معلوم کردہ باتوں میں فرق کرنا ضروری ہے ان کو خلط کرنا درست نہیں کیونکہ قرآنِ کریم میں جو کچھ ہے وہ قطعی الثبوت جبکہ جو اس کے علاوہ (فرع سے معلوم) ہے اس میں تو وہم کی بہت گنجائش ہے۔

ہماری نظر میں نظم کو قرآنِ کریم قرار دینے کی اس کوشش کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ نقل کے بجائے عقل پر اعتماد بڑھے گا اور انکارِ حدیث کی راہ ہموار ہو گی، شاید یہی وجہ ہے کہ علامہ نے تیرہ سو سالہ تاریخ تفسیر میں لکھی جانے والی تفاسیر، جن میں بہت سی احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں تحریر کی گئیں، جن کے ذریعے ایک ایک لفظِ قرآنی کے کئی کئی احتمالی معانی معلوم ہوئے اور مفسرین کرام نے اپنے اپنے تدبر سے بعض قرآنی، حدیثی یا لُغوی قرائن کے ساتھ کسی ایک معنیٰ کو ترجیح دی اور امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلاۃ والسلام کے ایک بڑے حصہ نے اسی سے اپنی دنیا و آخرت سنوارنے کی سعی کی، ان سب کو میدان میں اس ریت کی طرح قرار دے دیا جسے پیاسا پانی خیال کرے چنانچہ علامہ لکھتے ہیں:

"إني تصفحت كتب التفسير وسبرتها سبرا فما وجدتها إلا كسراب بقيعة يحسبه الظمأن ماء فلم تبرد غلتي بل زادت قلبي حرا"[۲]

بے شک میں نے کتبِ تفسیر کی ورق گردانی کی اور انہیں خوب خوب جانچا تو مجھے وہ سب کی سب ایسے نظر آئیں جیسے میدان میں ریت کہ پیاسا اسے پانی سمجھے جس سے میری پیاس کی شدت تو کیا کم ہوتی اس نے تو میرا دل جلا کے رکھ دیا ہے۔

## دوسری بحث: فراہی مآخذِ تفسیر کا تفسیری ادب پر اثر

یہ بات ہم گزشتہ بحث سے جان چکے ہیں کہ علامہ فراہی کے مآخذِ تفسیر ان کے تصورِ نظمِ قرآنی کے مکمل پابند ہیں جس کا لازمی نتیجہ تفسیرِ قرآنی کا ماسبق سے مختلف ہونا ہے، چنانچہ ذیل میں ہم آپ کے نقطۂ نظر کے تفسیری ادب پر اثر کا مثالوں سے جائزہ لیتے ہیں جس کی ترتیب یہ ہو گی کہ ہم قرآنِ کریم کی ایک ایک منتخب آیت کی فراہی تفسیر آپ کے اصول کے تذکرہ اور اس کی تطبیقی صورت کے ساتھ پیش کریں گے اور اس کے مقابل متقدمین میں سے معروف مفسرین ابنِ کثیر، رازی اور ابنِ جریر طبری، ابنِ عطیہ وغیرہ سے تفسیر ان کے استدلال کے ساتھ پیش کریں گے اور دونوں سے اخذ کردہ نتائج و ترجیحات پیش کریں گے جس سے ہمارا مقصود زیادہ واضح ہو سکے گا، مثالیں حسبِ ذیل ہیں:

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۲۹، ۳۰

(۲) ایضًا، ص:۹

**مثال ۱: ارشادِ الٰہی﴿إِنَّآ أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾(۱)**

آپ کا ماننا ہے کہ سورت کوثر کی تفسیر لفظِ کوثر میں مضمر ہے اور لغوی طور پر اس کے تین احتمالات ہیں جن سے کلمہ کوثر کے صحیح معانی اخذ کرنے کے لیے آپ اپنا منہج یوں بیان کرتے ہیں:

"یہ تین احتمالات ہیں جن کی تاویل میں ہم جس اصل پر نظر رکھیں گے وہ صرف سورت کا نظم، آیات کا سیاق، اور معنیٰ اور حسنِ تاویل کی رعایت ہے"(۲)

فراہی مذکورہ آیت میں اپنے اصول تفسیر القرآن بالقرآن کے تحت لغتِ عرب سے استفادہ کرتے ہوئے کلمہ "کوثر" کا معنیٰ تو "خیر کثیر" کرتے ہیں مگر اس کی تفسیر کرتے ہوئے اس سے خانۂ کعبہ اور اس کے ارد گرد کا ماحول مراد لیتے ہیں جو آخرت کے حوضِ کوثر کی مجازی صورت ہے، چنانچہ لکھتے ہیں:

"يدلنا على ما ذكرنامن كون الكوثر الأخروي صورة روحانية للكعبة وماحولها"(۳)

جو (اشارات) ہم نے ذکر کئے ہیں وہ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اخروی "کوثر" کعبہ اور اسکے آس پاس کی ہی ایک روحانی صورت ہے۔

اپنی مذکورہ تفسیر کو ثابت کرنے کے لیے آپ نے ایک لمبی تخیلاتی بحث کی ہے جس کی اہم کڑیاں ہم یہاں ذکر کر کے آپ کے مؤقف کو واضح کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لکھتے ہیں:

معراج میں جو نہرِ کوثر، آنحضرت ﷺ کو مشاہدہ کرائی گئی تھی، اس کی صفات پر جو شخص بھی غور کرے گا اس پر یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی کہ نہرِ کوثر در حقیقت کعبہ اور اس کے ماحول کی روحانی مثال ہے اس کے متعلق مختلف طریقوں سے جو روایات مروی ہیں ان کی مشترک حقیقت یہ ہے کہ کوثر ایک نہر ہے جس کے کناروں پر مجوف موتیوں کے محل ہیں۔۔اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ شیریں، برف سے زیادہ ٹھنڈا ہے، اس کی مٹی مشک سے زیادہ خوشبو دار ہے اس پر چڑیاں اترتی ہیں جن کی گردنیں قربانی کے جانوروں کی طرح ہیں۔۔اب ایک لمحہ توقف کر کے کعبہ اور اس کے ماحول کے مشاہدات پر غور کرو اکنافِ عالم سے جاںنثارانِ توحید کے قافلے، اس چشمۂ خیر و برکت کے پاس ان کا جمع ہونا، مجوف موتیوں کی طرح حجاج کے خیمے، پھر قربانی کے اونٹوں کی قطاریں (وغیرہ)۔۔ایک نگاہِ تعمق اس تشبیہہ کے محاسن پر بھی ڈالو چڑیوں کی قربانی کے اونٹ سے تشبیہہ اور چڑیوں کی گردنوں کو قربانی کے اونٹوں کی گردنوں سے تشبیہہ دی گئی ہے کہ اس جزسے پورے کل پر روشنی پڑ جائے گی۔(۴)

---

(۱) سورۃالکوثر:۱

(۲) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۵۲۳

(۳) ایضًا، ص:۴۹۵

(۴) ایضًا، ص:۵۳۳، ۵۳۲

فراہی نے اپنی مذکورہ اشاراتی و تشبیہاتی بحث کرنے کی وجہ بھی خود ہی بیان کر دی ہے کہ عقلِ سلیم اس سے حقائق کا استنباط کر سکے گویا یہ سب کچھ تدبر کا حصہ ہے۔

فراہی کے برعکس جمہور نے احادیث و آثار کی بنیاد پر "کوثر" سے مراد نہر ہی لی ہے جو رسول اللہ ﷺ کو جنت میں ملے گی جس کو صفتِ کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے موصوف فرمایا ہے اور تفسیر کے مصدر احادیث پر ہی اعتماد کیا ہے اور کسی اشاراتی و تشبیہاتی بحث میں الجھ کر احادیث کو عقلِ سلیم کے تابع نہیں کیا چنانچہ ابنِ جریر طبری رحمہ اللہ ﴿الکوثر﴾ کی تفسیر کرتے ہوئے مختلف روایات جمع کر کے لکھتے ہیں:

"وأولى هذه الأقوال بالصواب عندي، قول من قال: هو اسم النهر الذي أُعطيه رسول الله ﷺ في الجنة، وصفه الله بالكثرة، لعِظَم قدره.وإنما قلنا ذلك أولى الأقوال في ذلك، لتتابع الأخبار عن رسول الله ﷺ بأن ذلك كذلك"(۱)

اور میرے نزدیک (کوثر کے متعلق) ان اقوال میں وہ قول درست ہے جس کے قائل نے یہ کہا: کہ ایک نہر کا نام ہے جو رسول اللہ ﷺ کو جنت میں ملے گی جس کو صفتِ کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے موصوف فرمایا ہے اور یہ بات ہم نے ترجیحی طور پر ان روایات کی بنیاد پر کی ہے جن میں رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں منقول ہے کہ وہ یہ ہے۔

اور ابنِ کثیر بھی اوپر مذکور معنیٰ ہی مراد لیتے ہوئے اس آیت کے تحت انس بن مالک سے روایت ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"نبی ﷺ اچانک غنودگی میں چلے گئے پھر سر اٹھاتے ہوئے مسکرا دیئے تو صحابہ نے پوچھا کہ آپ ﷺ کیوں مسکرائے؟ فرمایا: مجھ پر یہ سورت نازل ہوئی ہے پھر آپ نے پڑھا: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾(۲) یہاں تک کہ پوری سورت پڑھ کر سنائی پھر آپ ﷺ نے پوچھا۔ کیا تم جانتے ہو ﴿الْكَوْثَرَ﴾ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے جواب دیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ جنت میں ایک نہر ہے جو اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کر دی ہے، اس میں خیر کثیر ہے، میری امت قیامت کے دن اس پر آئے گی۔"(۳)

مذکورہ بحث سے فراہی اور قدیم مفسرین کا تفاوت ظاہر ہوتا ہے کہ ایک طرف مختلف احادیث میں تطبیق کی کوشش اور دوسری طرف ان احادیث سے ملنے والے اشارات سے ایک تشبیہاتی بحث کا سہارا لے کر اس کا تعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

---

(۱) طبری، جامع البیان فی تاویل القرآن، تحقیق: احمد محمد شاکر، مؤسسۃ الرسالۃ، طبع اول: ۲۰۰۰ء، ۲۴/۶۴۹

(۲) سورۃ الکوثر: ۱

(۳) ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۸/۴۹۸

لہٰذا ہمارے نزدیک جمہور کی تفسیر کو فراہی کی تفسیر پر فوقیت حاصل ہے کیونکہ اس کی بنیاد احادیثِ مبارکہ پر ہے جبکہ فراہی کہنے کو تو حدیث کو مصدر ماننے کا اقرار کرتے ہیں مگر وہ فہمِ نبوی پر اعتماد کی بجائے عقلِ سلیم پر اعتماد کو ترجیح دیتے ہیں جو محض عقل کو نقل پر ترجیح کی راہ ہی قرار دی جاسکتی ہے۔

مثال ۲: ارشادِ الٰہی: ﴿وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيلٍ﴾(۱)

فراہی مذکورہ آیات کے تحت یہ موقف اختیار کرتے ہیں کہ ابرہہ کے لشکر پر سنگباری چڑیوں نے نہیں بلکہ قریشِ مکہ نے خود کی اور چڑیاں ان کی لاشوں کو ٹھکانے لگانے آئیں، چنانچہ فراہی اپنا موقف یوں بیان کرتے ہیں:

> "بالکل یہی صورت واقعۂ فیل میں بھی نظر آتی ہے۔ قریش سنگباری کرکے ابرہہ کی فوج کو خانۂ کعبہ سے ہٹا رہے تھے اللہ تعالیٰ نے اسی پردہ میں ان پر آسمان سے سنگباری کردی، چنانچہ جیسے غزوۂ بدر کی سنگباری کو ﴿وَلٰكِنَّ اللَّهَ رَمٰى﴾(۲) کہہ کر اپنی طرف منسوب کیا اسی طرح یہاں کفار کو کھانے کے بھس کی طرح کردینے کو بھی اپنی قوتِ قاہرہ کی طرف منسوب کیا ہے۔"(۳)

علامہ اپنے موقف کی توثیق کے لیے کلامِ عرب کے اشعار کا سہارا لیتے ہیں اور اس کے مقابلے میں روایات کو تعارض پر مبنی قرار دے کر ان پر کڑی تنقید کرتے ہیں۔

چنانچہ ذیل میں ہم آپ کے پیش کردہ جاہلی شعراء کے چند ایسے اشعار پیش کرکے آپ کے استدلال کی وضاحت کرتے ہیں جن میں لشکر ابرہہ پر قریش کی سنگباری کا ذکر ملتا ہے:

"فأرسلَ مِنْ فوقِهم حَاصِبًا ... فلفَّهُمُ مثلَ لفِّ القُزُمْ"(۴)

پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر "حاصب" چلی جو کس وخاشاک کی طرح ان کو لپیٹ لیتی تھی۔

ابو الصلت جاہلی شاعر ثربی کہتا ہے:

"حُبِسَ الْفِيلُ بِالْمُغَمِّسِ حَتَّى ... ظَلَّ يَحْبُو كَأَنَّهُ مَعْقُورُ"

اس نے ہاتھی کو مغمس میں روک دیا یہاں تک کہ وہ گھٹنوں کے بل اس طرح چلتا تھا جس طرح وہ اونٹنی جس کی کوچیں کاٹ دی گئی ہوں۔

"واضعًا(۵) حَلْقَةَ الْجِرَانِ كَمَا قُطِّرَ ... مِنْ صَخْرٍ كَبْكَبٍ مَحْدُورُ"(۶)

---

(۱) سورۃ الفیل: ۴،۳

(۲) سورۃ الانفال: ۱۷

(۳) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص: ۴۴۶

(۴) ابن ہشام، عبد الملک بن ہشام، سیرۃ ابن ہشام، تحقیق: مصطفیٰ سقا، مکتبہ بابی حلبی، مصر، ۱۳۷۵ھ، ۱/۵۸

(۵) اصل میں " لَازِمًا" ہے، سیرۃ ابن ہشام، ۱/۵۸

(۶) ابن ہشام، عبد الملک بن ہشام، سیرۃ ابن ہشام، ۱/۶۰

اور اس نے اپنی گردن کا اگلا حصہ اس طرح زمین پر گرا دیا ہو جیسے کوہ کبک سے کوئی چٹان نیچے آگئی ہو۔ ان اشعار کو غور سے پڑھو، یہ لوگ جو واقعہ کے عینی شاہد ہیں، چڑیوں اور پتھروں کا ذکر ساتھ ساتھ کرتے ہیں لیکن یہ کہیں نہیں کہتے کہ یہ پتھر چڑیوں نے پھینکے بلکہ اس سنگساری کو "حاصب" اور "ساف" کا نتیجہ قرار دیتے ہیں۔ عربی میں "حاصب" اس تند و تیز ہوا کو کہتے ہیں جو کنکریاں اور سنگریزے لا کر پاٹ دیتی ہے۔۔ دوسرا لفظ "ساف" ہے۔ چڑیوں کے لیے جس کا استعمال کسی صورت صحیح نہیں ہو سکتا، "ساف" اس ہوا کو کہتے ہیں جو گرد و غبار، خس و خاشاک، اور درختوں کی پتیاں اڑائے پھرتی ہے۔۔ الغرض تمام قرائن و حالات کی شہادت یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قوم لوط کی طرح اصحابِ فیل پر بھی تند و تیز ہوا کا آسمانی عذاب بھیجا، جس نے ان پر ہر طرف سے گرد و غبار کے ساتھ کنکریوں اور پتھروں کی بارش کی یہ سب اللہ تعالیٰ کے فرشتوں یا دوسرے لفظوں میں اس کی مخفی افواج کی کار فرمائی ہے۔[1]

**آپ کا ماننا ہے کہ فوج کے ساتھ چڑیاں تو لاشوں کو کھانے کے لیے آئی تھیں، چنانچہ مزید لکھتے ہیں:**

"غرض فوج کے ساتھ چڑیوں کے ہونے کا محض ذکر کر دینا کافی تھا اس تصریح کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی تھی کہ وہ چڑیاں لاشوں کو کھاتی بھی تھیں، یہ بات عربوں میں ایسی جانی بوجھی ہوئی تھی کہ خود بخود سمجھ لی جاتی تھی"[2]

**اور جمہور مفسرین کی پیش کردہ روایات کہ پتھر چڑیوں نے پھینکے تھے، انہیں آپ مفروضہ پر مبنی قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:**

"دوسرے فریق کی رائے اس مفروضہ پر مبنی ہے کہ سنگباری چڑیوں نے کی، اس کا علم اس واقعہ کے شاہدین کی روایات سے اخذ کیا ہوا نہیں ہے"[3]

**جمہور کا مؤقف یہ ہے کہ ان ابابیل پرندوں نے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اصحاب فیل پر بھیجا تھا، پتھروں کی بارش کی، چنانچہ ابنِ جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی صراحت کے ساتھ مختلف روایات کی بنیاد پر اس کی تفسیریں کی ہے:**

"ترمي هذه الطير الأبابيل التي أرسلها الله على أصحاب الفيل، بحجارة من سجيل."[4]

ان ابابیل پرندوں نے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اصحاب فیل پر بھیجا تھا، پتھروں کی بارش کی۔

**علامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے سورت فیل کی تفسیر کرتے ہوئے ابرہہ کے قاصد کے ساتھ عبد المطلب کی اس گفتگو کا ذکر کیا ہے:**

---

(۱) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۴۹۵-۴۹۸

(۲) ایضاً، ص:۴۹۹

(۳) ایضاً، ص:۴۵۲

(۴) طبری، جامع البیان فی تاویل القرآن، ۲۴/۶۰۷

"اللہ کی قسم! ہمارا اس سے لڑنے کا ارادہ ہے نہ ہم اس کی طاقت رکھتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا مقدس گھر ہے اور اس کے خلیل ابراہیم علیہ السلام کا بھی گھر ہے اگر وہ اس (گھر) کو اس (ابرہہ) سے بچالے تو اس کا اپنا ہی گھر اور حرم ہے اور اگر دونوں کو اپنے اپنے حال پر رہنے دے تو اللہ کی قسم! (پھر) ہمارے پاس تو اسے بچالینے کی طاقت ہی نہیں۔"(۱)

اسی طرح امام رازی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی معنی و مفہوم کے اقوال نقل کئے ہیں جن سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ لشکر ابرہہ کو سمندر سے بھیجے گئے پرندوں نے پتھروں کے ذریعے تباہ کیا چنانچہ ہماری نگاہ میں جمہور کا مؤقف اقوالِ صحابہ و تابعین پر مبنی ہونے کی بنا پر قابلِ ترجیح ہے جبکہ اس مقام پر بھی فراہی نے جمہور کی طرح روایات پر اعتماد کی بجائے کلامِ عرب پر اعتماد کرتے ہوئے انفرادی تفسیر کی ہے جب کہ کلامِ عرب کا نقل ہونا کسی بھی صورت میں احادیث کے نقل کی مثل نہیں ہو سکتا۔

مثال ۳: ارشادِ الٰہی ﴿وَبَارَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلَى إِسْحَاقَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِنَفْسِهِ مُبِينٌ﴾(۲)

فراہی مذکورہ آیت کے تحت یہ موقف اختیار کرتے ہیں کہ ﴿وَبَارَكْنَا عَلَيْهِ﴾ سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بجائے حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں اور یہ رائے آپ نے اپنے اصول تفسیر القرآن بالقرآن کے تحت سیاق کلام کو مد نظر رکھتے ہوئے قائم کی ہے، جس کے لیے آپ نے اسی سورت کی آگے اور پیچھے کی آیات میں انبیاء علیہم السلام کے تذکروں کی نظائر پیش کر کے یوں استدلال کیا ہے:

"یہاں آگے اور پیچھے جتنے انبیاء کا ذکر کیا گیا ہے ان سب کے تذکرے کا خاتمہ اسی (مذکورہ آیت) کی طرح ہوا ہے جیسے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ سَلَامٌ عَلَى نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ وَإِنَّ مِنْ شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ﴾(۳)

اور ہم نے ان کے لیے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی۔ کہ نوح علیہ السلام پر سلام ہو عالم والوں میں۔ ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے۔ پھر ہم نے دوسرے لوگوں کو (یعنی کافروں کو) غرق کر دیا۔ اور نوح علیہ السلام کے طریقہ والوں سے ابراہیم علیہ السلام بھی تھے۔

اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿سَلَامٌ عَلَى مُوسَى وَهَارُونَ . إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ. ﴾(۴)

---

(۱) ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۸/ ۴۸۴

(۲) سورۃ الصافات: ۱۱۳

(۳) ایضًا: ۷۸-۸۳

(۴) ایضًا: ۱۲۰-۱۲۳

کہ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام پر سلام ہو۔ ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔

چنانچہ لکھتے ہیں:

"تو اس (تفصیل) سے ظاہر ہوا کہ قصۂ ابراہیم علیہ السلام سے فارغ ہونے کے بعد جس پر کہ برکت و سلامتی کے ذکر کو ختم کیا پھر اس برکت و سلامتی کا ذکر کیا جو ان کے بیٹوں کے ساتھ خاص تھی اور چونکہ قصۂ ابراہیم علیہ السلام میں آپ علیہ السلام کے پہلے بیٹے کا ذکر ہوا چنانچہ یہاں فوراً بعد دوسرے بیٹے کا تذکرہ شروع کیا اور سارے انبیاء علیہم السلام کی طرح برکت و سلامتی کے ذکر کے ساتھ ان دونوں کے ذکر کو ختم کیا"[۱]

جب کہ اس کے برعکس ماقبل مفسرین میں سے تقریباً سب نے ہی یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی مراد لیے ہیں، جیسا کہ زمخشری نے بڑی صراحت سے لکھا ہے:

"وقيل: باركنا على إبراهيم في أولاده، وعلى إسحاق بأن أخرجنا أنبياء بني إسرائيل من صلبه."[۲]

اور یہ کہا گیا ہے: ہم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ان کی اولاد میں برکت ڈال دی اور حضرت اسحاق علیہ السلام پر اس طرح کہ بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام کو ان کی صلب سے نکالا۔

اسی طرح دیگر مفسرین ابنِ جریر طبری[۳] اور امام رازی[۴] وغیرہ نے یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی مراد لیے ہیں نہ کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام جیسا کہ علامہ فراہی نے ان سب کے خلاف مراد لیا ہے اور ہماری نظر میں جمہور کی رائے صحیح روایات پر مبنی ہونے کی بنا پر قابلِ ترجیح ہے حالانکہ فراہی بھی قرآن کے بعد حدیث کو بطور ماخذ تسلیم کرتے ہیں۔

مثال ۴: ارشادِ الٰہی: ﴿وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾[۵]

فراہی نے مذکورہ آیت کے کلمہ ﴿نَاظِرَةٌ﴾ کا معنیٰ اپنے اصول تفسیر القرآن بالقرآن کے تحت نظائرِ قرآنی کو مدنظر رکھ کر "دیکھنا" کی بجائے "انتظار" کیا ہے، چنانچہ ذیل میں آپ نظائرِ قرآنی پیش کر کے اپنے اخذ کردہ معنیٰ کو یوں بیان کرتے ہیں:

"نظر" یہاں "انتظار" کے معنیٰ میں ہے قرآنِ کریم میں یہ لفظ کئی جگہ استعمال ہوا ہے مثلاً، ارشادِ الٰہی ہے: ﴿قَالَ سَنَنْظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ﴾[۶]

---

(۱) فراہی، حمید الدین، الرأی الصحیح فی من ہو الذبیح، دائرہ حمیدیہ، اعظم گڑھ، ۲۰۰۸ء، ص:۵۷
(۲) زمخشری، محمود، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل، دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۷ھ، ۴/۵۹
(۳) طبری، جامع البیان فی تاویل القرآن، ۱۰/۵۱۸
(۴) رازی، محمد بن عمر، تفسیر کبیر، داراحیاء التراث العربی، بیروت، طبع سوم: ۱۴۲۰ھ، ۲۶/۱۵۹
(۵) سورۃ القیامہ: ۲۲، ۲۳
(۶) سورۃ النمل: ۲۴

کہا ہم دیکھیں گے کہ تم نے سچ کہا ہے یا تم جھوٹوں میں ہو۔

**دوسری جگہ ارشاد ہے:**

﴿وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ﴾[۱]

میں ان کے پاس ہدیے دے کے بھیجتی ہوں اور دیکھتی ہوں (انتظار کرتی ہوں)[۲]

قاصد کیا جواب لے کے لوٹتے ہیں۔۔۔

**مزید یہ کہ رؤیتِ باری تعالیٰ کا رد کرتے ہوئے آپ کا کہنا ہے**

"جب ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات تک ہماری فکر نارسا نہیں پہنچ سکتی تو اس کی ذات کی تحقیق میں پڑنا کچھ حاصل ہونے کی بجائے بربادیٔ دین کی علامت ہے"[۳]

**جب کہ اس کے برعکس ماقبل مفسرین میں سے سب نے ہی یہاں "دیکھنا" مراد لیا ہے جس کی بنیاد احادیثِ مبارکہ کو قرار دیا ہے، چنانچہ علامہ ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:**

"﴿إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾ أَيْ: تَرَاهُ عَيَانًا، كَمَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ، رَحِمَهُ اللَّهُ، فِي صَحِيحِهِ: "إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عَيَانًا"."[۴]

﴿إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾ یعنی تو اسے (اللہ تعالیٰ کو) کھلی آنکھوں سے دیکھے گا جیسا کہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں اسے روایت کیا ہے کہ "تم اپنے رب کو کھلی آنکھوں دیکھو گے"۔

**اسی طرح امام رازی رحمۃ اللہ علیہ[۵] اور امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ابنِ کثیر والا معنیٰ ہی مراد لیا ہے[۶]**

**چنانچہ مذکورہ اقوال سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس مقام پر بھی فراہی نے جمہور کے خلاف صحیح بخاری پر اعتماد کی بجائے اپنے اصولِ تفسیر القرآن بالقرآن کے تحت محض نظائر کا سہارا لے کر ایک ایسی تفسیر کی ہے جو ماسبق سے بالکل منفرد اور جدا ہے جبکہ جمہور کی تفسیر صحیح روایت کی بنیاد پر زیادہ قابلِ اعتبار ہے۔**

**مثال۵: ارشادِ الٰہی:** ﴿لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ﴾[۷]

---

(۱) ایضًا:۳۵

(۲) مترجم نے دونوں آیات میں "دیکھنا" کا معنیٰ کر کے صرف ایک آیت میں "انتظار" کے لفظ سے توضیح کی ہے۔

(۳) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۲۶۵

(۴) ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۸/۲۷۹

(۵) رازی، محمد بن عمر، تفسیر کبیر، ۳۰/۲۲۶

(۶) سیوطی، جلال الدین، عبد الرحمان، در منثور، دار الفکر، بیروت، طبع غیر مرقوم، ۸/۳۵۰

(۷) سورۃ القیامہ:۲،۱

علامہ فراہی مندرجہ بالا دو آیات میں آنے والے کلمات ﴿قِيَامَةِ﴾ اور ﴿لَوَّامَةِ﴾ کو ایک نسبت سے متصل مان کر ان کو خاص دلالت کا سبب قرار دیتے ہیں، آپ کا ماننا یہ ہے کہ چونکہ پورے قرآنِ کریم میں نظم پایا جاتا ہے اس لیے ان دو کلمات کا اکٹھے آنا بھی نظم سے خالی نہیں چنانچہ آپ اس کی تفسیر یوں کرتے ہیں:

"وجملة القول ههنا أن القيامة لوامة النفس الكلية فتريها ما فعلت,وقوله تعالى:﴿يُنَبَّأُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ﴾[1] عبارة عنه.كما أن اللوامة مثال قيامة فيك فتريك حقيقة أعمالك وقوله تعالى:﴿بَلِ الْإِنْسَانُ عَلَى نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ﴾[2]عبارة عنه.وهكذا كل نبي نفس لوامة لقومه .وخاتم الأنبياء لسعة بعثته هو النفس اللوامة لجميع بني آدم وهو مثل القيامة ودينونة العالم"[3]

اور اس بات کا حاصل یہ ہے کہ قیامت نفسِ کلیہ کے لیے لوامہ ہے اور وہ اسے دکھائے گی جو اس نے کیا ہو گا اور ارشادِ الٰہی:﴿ يُنَبَّأُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ ﴾ اسی کی تعبیر ہے جیسے آپ کے اندر کا لوامہ بھی ایک طرح کی قیامت کی مثال ہے جو آپ کو آپ کے اعمال کی حقیقت کھول کر دکھاتا ہے اور ارشادِ الٰہی:﴿بَلِ الْإِنْسَانُ عَلَى نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ﴾ اسی کی تعبیر ہے اور اسی طرح ہر نبی علیہم السلام اپنی قوم کے لیے گویا نفسِ لوامہ ہوتا ہے اور خاتم الانبیاء ﷺ اپنی بعثت کی وسعتوں کے لحاظ سے تمام بنی آدم کے لیے نفسِ لوامہ ہیں اور (اس طرح) آپ ﷺ قیامت اور عالم کی جزاء و سزاء کی مثال ہیں۔

علامہ فراہی کے نظم کی بنیاد پر اس استدلال نے دونوں کلامات کی تفسیر کو جمہور کی تفسیر سے خاصا دور کر دیا ہے، علامہ ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ دونوں مذکورہ کلمات سے مختلف مراد لیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"فَأَمَّا يَوْمُ الْقِيَامَةِ فَمَعْرُوفٌ، وَأَمَّا النَّفْسُ اللَّوَّامَةُ،... قَالَ ابْنُ جَرِيرٍ: وَكُلُّ هَذِهِ الْأَقْوَالِ مُتَقَارِبَةُ الْمَعْنَى، الْأَشْبَهُ بِظَاهِرِ التَّنْزِيلِ أَنَّهَا الَّتِي تَلُومُ صَاحِبَهَا عَلَى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ وَتَنْدَمُ عَلَى مَا فَاتَ"[4]

تو جہاں تک یومِ قیامت کا تعلق ہے تو وہ تو معروف ہی ہے (یعنی حساب کا دن) رہ گئی بات نفسِ لوامہ کی۔۔۔(تو اس بارے) ابنِ جریر نے کہا ہے کہ اس بارے جتنے اقوال مذکور ہیں تقریباً سب کا ایک ہی مطلب ہے جو ظاہرِ قرآنِ کریم کے مطابق یہ ہے کہ وہ (یعنی نفسِ لوامہ) خیر و شر کے بارے میں انسان کو ملامت کرتا ہے اور جو انسان سے کھو جائے اس پر نادم ہوتا ہے۔

---

(۱) سورۃ القیامہ:۱۳

(۲) ایضًا:۱۴

(۳) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۲۲۳

(۴) ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، تفسیر القرآن العظیم، ص:۵۷۷

اور ابو حیان اندلسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

کہ دونوں قسموں کے درمیان مناسبت یہ ہے کہ انسانی نفوس کی دو قسمیں ہیں۔ایک سعید، دوسرا شقی، اور ان دونوں قسموں کا اظہار قیامت کے دن کیا جائے گا۔[۱]

مذکورہ آیت کی تفسیر میں علامہ فراہی نے لفظِ قیامت، جس کی دلالت اکثر قدماء مفسرین کے ہاں یومِ حساب پر ہی رہی ہے، کو عام قرار دے دیا ہے گویا نفسِ لوامہ اور قیامت ایک ہی چیز کے دو نام ہیں اسی بنا پر آپ نے ہر نبی علیہم السلام کو اپنی قوم کے لیے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام بنی آدم کے لیے نفسِ لوامہ قرار دیا ہے بلکہ خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت اور عالم کی جزاء و سزاء کے مثل قرار دے دیا ہے لہٰذا ہماری نظر میں اس تفسیر سے قدماء کی تفسیر کا تو خلاف لازم آتا ہی ہے خود یومِ حساب کی جو اہمیت انسانوں کے دلوں میں جاگزیں ہونی چاہئے تھی وہ بھی سرد پڑتی نظر آتی ہے اور اسی طرح انسان کے اندر موجود نفسِ لوامہ کی قیامِ قیامت تک انسان کو خیر وشر کے بارے میں ملامت کا سلسلہ بھی غیر اہم معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا جمہور کی تفسیر ہمارے نزدیک راجح ہے کیونکہ اس کی بنیاد احادیث وآثار پر ہے محض عقلی ممارست پر نہیں۔

## خلاصۂ کلام

مذکورہ بحث سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ فراہی خبری مصادرِ تفسیر بظاہر اسلاف مفسرین کے متفقہ پانچ مصادرِ تفسیر سے ملتے جلتے اور انہیں سے ماخوذ ہیں مگر درحقیقت وہ سب کے سب ایک معقولی امر "نظمِ قرآنی" کے پابند ہیں جو آپ کی نظر میں فہمِ قرآنِ کریم کی کلیدِ واحد ہے اسی لیے نظمِ قرآنی کی بنیاد پر اخذ کردہ تفسیر آپ کے نزدیک قطعی الثبوت ہے جو اصلِ قرآنی ہے اور باقی احادیثِ مبارکہ و دیگر خبری مأخذ کی حیثیت ہی چونکہ آپ کے نزدیک ظنی الثبوت ہے اور ظن آپ کے نزدیک زیادہ تر وہم کا پیش خیمہ ہوتا ہے لہٰذا تفسیری ادب کی پیش کردہ مثالیں اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ آپ نے اپنے خیال میں تو قرآن کی تفسیر قرآنِ کریم سے ہی کی ہے مگر جو راستہ اختیار کیا ہے اس نے آپ کو ماسبق کی تمام تفسیری خدمات پر خطِ تنسیخ کھینچنے پر مجبور کر دیا ہے جسے آپ نے خود ہی یوں بیان کیا ہے:

"إني تصفحت كتب التفسير وسبرتها سبرا فما وجدتها إلا كسراب بقيعة يحسبه الظمأن ماء فلم تبردغلتي بل زادت قلبي حرا"[۲]

بے شک میں نے کتبِ تفسیر کی ورق گردانی کی اور انہیں خوب خوب جانچا تو مجھے وہ سب کی سب ایسے نظر آئیں جیسے میدان میں ریت کہ پیاسا اسے پانی سمجھے جس سے میری پیاس کی شدت تو کیا کم ہوتی اس نے تو میرا دل جلا کے رکھ دیا ہے۔

---

(۱) ابو حیان اندلسی، محمد بن یوسف، البحر المحیط، ۱۰/ ۳۴۳

(۲) علامہ حمید الدین فراہی، نظام القرآن، ص:۹

اورآپ کی اس کاوش سے تفسیری ادب میں "تدبر" کے نام پر "معقولیت" کا ایسا دروازہ کھلا ہے جس کی بنیاد پر تفہیمِ قرآنِ کریم کے مسلمہ مصادر سے جو جتنا دور ہوتا جائے گا اتنا ہی نقل کی بجائے عقل پر اعتماد زیادہ ہوتا چلا جائے گا اور جوں جوں مرورِ زمانہ کے ساتھ عقلی معیارات میں تبدیلی آئے گی توں توں "تدبر" کے پیمانے بدلتے جائیں گے اور تفہیمِ قرآنی کا معاملہ ایک ان دیکھی منزل کی طرف چل پڑے گا اور جہاں تک جمہور کے مصادرِ تفسیر کا تعلق ہے ہمارے نزدیک انہیں فراہی مصادرِ تفسیر پر اس لیے ترجیح حاصل ہے کہ ان کے نزدیک حدیث وسنت کو فہمِ قرآنی میں اساسی اہمیت حاصل ہے اور اس پر امتِ مسلمہ شروع سے اب تک متفق چلی آرہی ہے جس پر ذیل کی قرآنی دلالات کا ذکر کر دینا کافی معلوم ہوتا ہے جن پر غور کرنے سے یہ بات اہلِ نقل کے ساتھ ساتھ اہلِ عقل پر بھی مخفی نہیں رہ سکتی کہ قرآنِ کریم کے بیان کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے خود اٹھائی ہے پھر اسے پورا کرنے کی صورت یہ اختیار فرمائی کہ نبی ﷺ کو اس کا ذمہ دار ٹھہرایا پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ ﷺ کا قرآنی بیان امت تک پہنچتے پہنچتے وہم اور ظن کا پیش خیمہ ہی بن کر رہ جائے، چنانچہ ارشادِ الٰہی ہوتا ہے:

﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ﴾(۱)

یہ ذکر (کتاب) ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے کہ لوگوں کی جانب جو نازل فرمایا گیا ہے آپ اسے کھول کھول کر بیان کر دیں، شاید کہ وہ غور و فکر کریں۔

﴿يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ﴾(۲)

اے رسول جو کچھ بھی آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے پہنچا دیجئے۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے اللہ کی رسالت ادا نہیں کی۔

اسی بات کو مروزی نے امام مکحول کے قول سے یوں بیان کیا ہے:

"الْقُرْآنُ أَحْوَجُ إِلَى السُّنَّةِ مِنَ السُّنَّةِ إِلَى الْقُرْآنِ"(۳)

مکحول نے کہا ہے کہ قرآنِ کریم (اپنی توضیح کے لیے) سنت کا جتنا محتاج ہے اتنی سنت قرآنِ کریم کی محتاج نہیں۔

۞۞۞

---

(۱) سورۃ النحل:۴۴

(۲) سورۃ المائدہ:۶۷

(۳) مَرْوَزِی، محمد بن نصر، السنۃ، حدیث نمبر:۱۰۴، مؤسسۃ الکتب الثقافیۃ، بیروت، ۱۴۰۸ھ

# مقدمہ ابن الصلاح "علوم الحدیث" کا علمی وتنقیدی جائزہ

# Intellectual and Critical Analysis of Muqaddimah Ibn-e-Ṣalāḥ (‘Ulūm al- Ḥadīth)

ڈاکٹر عبد الغفار*

ڈاکٹر عبد القادر گوندل**

## ABSTRACT

Muqaddimah Ibn-e-Ṣalāḥ is an important Book in Hadith Jurisprudence. Ibn-e-Ṣalāḥ has extended the work of the farmer Jurisprudence. Scholars in his aforementioned book, and all those minute components, which were cited in the books of Ḥadīth Jurisprudence, were inscribed in a specific sequence given coherent form, but on contrary keeping in view the other aspects of Ḥadīth Jurisprudence, modern terminologies or Jargons were also introduced. Muqaddimah of Ibn-e-Ṣalāḥ has been awarded a self-evident position in the knowledge art of Ḥadīth Jurisprudence.

But the scholars, smeared with the qualities of Ibn-e-Ṣalāḥ have critically analysis errors and omissions of Ibn-e-Ṣalāḥ and pin pointed all those places where stance of Ibn-e-Ṣalāḥ has been considered weaken. The mode of picking merits and demerits and analysis because a source to bring reader closer to truthfulness and doctrine in vogue, which has been bestowed to the scholars of Muslim Ummah by Allah Almighty.

This article aims at to critically analyse Muqaddimah Ib-n-e-Ṣalāḥ; how moḥaddithīn follow the principles of Ḥadīth. What is the limit of difference of opinion? Muqaddimah Ibn-e-Ṣalāḥ is the excellent example of Scholarly and intellectual work, but there are certain issues which still need research, all the such issues related to this are discussed in this article.

***Key Wards**: Muqaddimah, Ibn-e-Ṣalāḥ, Ḥadīth Jurisprudence, Doctrine.*

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور (نارووال کیمپس)

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ سیرت، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

اصولِ حدیث ایک ایسا فن ہے جو ان قواعد و ضوابط اور اصولوں پر مشتمل ہے جن کی رعایت رکھتے ہوئے راوی اور روایت کے حالات معلوم کیے جاتے ہیں اور ان کی روشنی میں حدیث کو قبول کرنے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اس کی تعریف یوں کی گئی ہے:

"هو علم يعرف بها أحوال الراوى والمروي من حيث القبول والرد."[(۱)]

علم اصول حدیث سے مراد ایسے قواعد و ضوابط کا جاننا ہے جن کے ذریعے سند و متن کی معلومات حاصل ہوں یا راوی و مروی کے ان حالات کا علم ہو سکے جن کی بنیاد پر حدیث کے قبول یا مردود ہونے کا فیصلہ کیا جائے۔

ابتدا میں اس علم کے اصول و قواعد منضبط شکل میں نہ تھے۔ اگرچہ علمائے محدثین اس علم کے بنیادی اصولوں کا التزام شروع ہی سے کرتے تھے لیکن وہ جامع و مانع تعریفات اور اصطلاحات جو آج اصولِ حدیث کی کتب میں ایک مرتب و منضبط شکل میں ہمارے سامنے ہیں اس وقت موجود نہ تھیں البتہ متقدمین کی کتب میں ان اصولوں کی طرف اشارات ضرور مل جاتے تھے۔ متاخرین نے اس علم کو باقاعدہ ایک فن کی شکل دی اور اس کے اصول و قواعد کو منضبط کیا اور ان کو احاطہ تحریر میں لائے۔

## عہد تدوین میں علم مصطلح الحدیث کا ارتقاء

نقد حدیث کے حوالے سے سب سے پہلے جس نے کلام کیا وہ یحییٰ بن سعید القطان رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ پھر ان کے زمانے کے بعد جو لوگ آئے، انہوں نے علم نقد میں بہت سی کتب تالیف کیں اس طبقہ کی ابتدا امیر المحدثین فی الحدیث محمد بن اسماعیل البخاری کے شیوخ، یحییٰ بن معین علی بن المدینی اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہم سے ہوتی ہے۔

ان ائمہ حدیث کے بعد جو محدثین آئے۔ انہوں نے انہی کتابوں کو بنیاد بنایا کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ خلف ہمیشہ سلف سے استفادہ کرتے ہیں۔ سید المحدثین امیر المؤمنین فی الحدیث امام محمد بن اسماعیل البخاری رحمۃ اللہ علیہ، چونکہ ان ہی شیوخ کے شاگرد ہیں اس لیے ان کتب اور شیوخ کے براہ راست اثرات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے اصولوں میں موجود ہیں۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بعض اصولوں کو صحیح مسلم کے مقدمہ میں بیان کیا ہے۔ مثلاً حاملین حدیث کی طبقات میں تقسیم، زیادت ثقہ، روایت کے آداب، دین میں سند کا مقام، جرح، غیبت کی تعریف میں نہیں آتی، حدیث معنعن اور اس سے صحت استدلال وغیرہ۔

امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ سجستانی نے اہل مکہ کی طرف خط لکھا تھا جس میں انہوں نے اپنی سنن کا منہج اور علوم حدیث کے مسائل کا ذکر کیا تھا۔ جس کو شیخ عبد الفتاح ابو غدہ نے اپنی تحقیق کے ساتھ اپنی کتاب "ثلاث رسائل فی مصطلح الحدیث" میں شامل کر کے شائع کیا ہے۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیف "العلل الصغیر" میں بعض مشکل اصطلاحات اور بعض علوم

---

(۱) سیوطی، عبد الرحمن جلال الدین، تدریب الراوی فی شرح تقریب النووی، مکتبہ علمیہ، قاہرہ، ۱۹۵۹ء، ۱/۳

حدیث کے قواعد زیر بحث لائے ہیں۔ اس کی شرح ابن رجب حنبلی نے کی اور یہ مصطلح الحدیث کے اہم مصادر میں شمار کی جاتی ہے۔ العلل الصغیر در اصل جامع ترمذی ہی کا مقدمہ ہے اس میں جرح و تعدیل، سند کی اہمیت، ضعیف راویوں سے روایت کب قابل حجت ہوگی اور کب نہیں؟ روایت بالمعنی، بعض کبار محدثین کے مراتب، اخذ حدیث و ادائے حدیث کی شکلیں، حدیث مرسل کا حکم اور وہ خاص اصطلاحات جن کا جامع ترمذی میں استعمال ہوتا ہے مثلاً "حسن غریب" سے مراد وغیرہ جیسے اہم مباحث کا ذکر ہے اس رسالے کو مولانا سلیمان حسینی ندوی نے پہلی مرتبہ مقدمہ السنن الترمذی کے نام سے شائع کیا تھا۔ بعد میں سید عبدالماجد غورنے "المدخل الی دراسۃ جامع الترمذی" کے نام سے دار ابن کثیر دمشق سے شائع کیا اور علوم حدیث کے متعلق خصوصی بحث کی۔

چوتھی صدی ہجری میں علماء و محدثین نے فن اصول حدیث پر سابقہ بکھرے ہوئے کام کو باسند مرتب کیا اور استدراکات بھی کیے گئے اس دور میں لکھی جانے والی کتب وہ درج ذیل ہیں۔

**المحدث الفاصل بین الراوی والواعی**

قاضی ابو محمد حسن بن عبدلرحمن بن خلاد الرامہرمزی کی تالیف ہے۔ یہ کتاب فنی اعتبار سے اصول حدیث پر لکھی جانے والی پہلی کتاب شمار کی جاتی ہے۔ (١)

**معرفۃ علوم الحدیث**

یہ کتاب ابو عبداللہ محمد بن الحاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے یہ اصول حدیث پر دوسری بڑی کتاب ہے۔ اور یہی وہ پہلی کتاب ہے جس کا نام "علوم الحدیث" رکھا گیا اس میں صحیح، ضعیف، مرسل اور معضل وغیرہ پر بحث کی گئی ہے اس کے علاوہ اس میں کچھ ایسی انواع بھی قائم کی گئی ہیں۔ جن کا پہلے التزام نہیں تھا۔

**کتاب المدخل الی معرفۃ الصحیح من السقیم**

یہ بھی امام حاکم کی علم حدیث پر مشتمل دوسری کتاب ہے۔ مدخل دراصل کسی بھی علم کے مبادیات پر مشتمل کتاب کو کہتے ہیں۔

**الکفایۃ فی علم الروایۃ**

یہ کتاب حافظ ابو بکر احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے اس کتاب کو اصول حدیث کی ابتدائی معروف کتابوں میں تیسری قرار دیا جاتا ہے حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی ترتیب بیان کی ہے۔ (٢)

---

(١) ابن حجر عسقلانی، نزہۃ النظر شرح نخبۃ الفکر فی مصطلح اہل الاثر، دار الکتب العلمیہ، ١٩٩٦ء، ص: ٣٤

(٢) ایضاً، ص: ٢٢

## نخبۃ الفکر

یہ کتاب حافظ ابو الفضل شہاب الدین ابن حجر العسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ حافظ ابن صلاح رحمۃ اللہ علیہ (۵۵۷)کی علوم حدیث کا اختصار ہے۔ علماء میں بے حد مقبول ہوئی، مؤلف کی زندگی میں ہی علماء و مدرسین کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ اس کے عام فہم ہونے کے ناطے اسے حفظ کرنا آسان ہے مؤلف نے خود ہی اس کی شرح لکھی جس کا نام نزہۃ النظر ہے۔ اسی علمی و تحقیقی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے مقدمہ ابن الصلاح: (علوم الحدیث)ہے۔ یہ کتاب ابو عمرو عثمان بن الصالح الشہرزوری رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے اس کتاب میں آپ نے اصول حدیث کی ایک نئی ترتیب قائم کی ہے۔ یہ کتاب علمی حلقوں میں مقدمہ ابن الصلاح کے نام سے مشہور ہے اور اصطلاحات حدیث کے فن میں سب سے بہترین کتاب گردانی جاتی ہے۔ مصنف نے تمام ضروری بحثیں جو خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمہ کی کتب میں متفرق طور پر مختلف انداز میں لکھی ہوئی ہیں جمع کر دی ہیں۔ حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ اس کے مقدمہ میں فرماتے ہیں:

> "فحين كاد الباحث عن مشكله لا يلفى له كا شفا والسائل عن علمه لا يلقى به عارفا من الله الكريم تبارك وتعالىٰ على وله الحمد أن أجمع بكتاب معرفة أنواع علم الحديث، هذا الذي باح باسراره الخفية وكشف عن مشكلاته الأبية"(1)
>
> اس کتاب کی تالیف سے پہلے "اور صورت حال یہ ہو چکی تھی کہ محقق اور مسائل کے لیے اس علم کی مشکلات کو حل کرنے والا میسر نہ تھا اور اللہ نے مجھے توفیق عطا فرمائی کہ میں علوم حدیث کی وضاحت کے لیے ایک کتاب لکھ دوں جس میں اس علم کے خفیہ رازوں اور پیچیدگیوں کو واضح کیا گیا ہو۔

اس میں انہوں نے علوم الحدیث کی ۶۵ اقسام بیان کی ہیں وہ امتیازی خصوصیات جو اس کتاب کو دیگر کتب اصول حدیث سے ممتاز کرتی ہیں وہ یہ ہیں:

۱۔ آپ نے فن کے مسائل کی تعریفات کے ضبط کا اہتمام کیا اور کچھ ایسی تعریفات کا اضافہ بھی کیا جو سابقہ ائمہ سے منقول نہ تھیں۔

۲۔ سابقہ محدثین کی عبارات کی تنقیح فرمائی اور محل نظر مقامات کی نشاندہی کی اور اس کی اصلاح کا فریضہ سر انجام دیا۔ یعنی اپنی تحقیق و اجتہاد سے علماء فن حدیث کے اقوال پر تعاقب بھی فرمایا۔

۳۔ علم حدیث کے مسائل میں ائمہ حدیث سے منقول نصوص اور روایات سے اصول و قواعد کا استنباط کیا۔

---

(۱) ابن الصلاح، معرفۃ علوم الحدیث، مکتبہ المعارف، ریاض، سعودی عرب، ۱۹۹۶ء، ص:۴

## اہل علم کے ہاں علوم الحدیث کا مقام و مرتبہ

علمائے و محدثین کے ہاں علوم الحدیث مقدمہ ابن الصلاح کو بہت اہمیت حاصل ہے اور اس کو اس فن پر سب سے اہم قرار دیا جاتا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"واعتنى بتصانيف الخطيب المتفرقه فجمع شتات مقاصدها وضم اليها من غيرها نخب فوائد فاجتمع فى كتابه ما تفرق فى غيره فلهذا عكف الناس عليه۔"(١)

اور میں خطیب کی کتابوں سے اعتنا ہو چکا تھا چونکہ اس میں کئی ایک مقاصد جمع ہو گئے تھے اور عبارات بھی کافی مشکل تھیں، تو ایسے حالات میں ابن الصلاح نے اپنے اس مقدمہ بہت سارے دقیق نکتوں کو کھول دیا ہے اور آنے والے علماء کے لیے آسانی پیدا کر دی ہے۔

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ رقم طراز ہیں:

"فإن أحسن ما صنف أهل الحديث في معرفة الاصطلاح كتاب علوم الحديث لابن الصلاح"(٢)

علوم حدیث کی اصطلاحی معرفت میں مقدمہ ابن صلاح سے بڑھ کر کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔

اصول حدیث کی اس کتاب پر بعد میں آنے والے لوگوں نے کسی نہ کسی شکل میں اس پر کام کیا۔ ائمہ فن علامہ الحافظ زین الدین عبدالرحیم العراقی رحمۃ اللہ علیہ نے "التقيد والايضاح لما اطلاق واغلق من كتاب ابن الصلاح" سے "النکت علی مقدمہ ابن الصلاح" لکھا جو کہ پہلے حلب میں چھپا اور پھر المکتبۃ السلفیہ مدینہ منورہ سے اشاعت ہوئی۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نکت "الافصاح عن نكت ابن الصلاح" کے نام سے لکھا۔ پاکستان میں اس کے قلمی نسخے حضرت پیر بدیع الدین راشدی رحمۃ اللہ علیہ کے کتب خانہ میں موجود ہیں بعد میں یہ کتاب ڈاکٹر ربیع بن ہادی عمیر کی تحقیق کے ساتھ دو جلدوں میں مدینہ منورہ سے ١٩٨٤ء میں شائع ہوئی۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب الارشاد میں اس کا اختصار کیا اور اس کا نام "التقريب والتفسير لمعرفة البشير النذير" اور امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "تدریب الراوی فی شرح تقریب النووی" کے نام سے اس اختصار کی شرح کی۔ اسی طرح علامہ عراقی، سخاوی اور مقدسی رحمہم اللہ نے بھی اس کی شروحات لکھیں۔ امام سیوطی نے ایک اور کتاب جس کا نام "التذنيب فى الزائد على التقريب" ہے۔

---

(١) ابن حجر عسقلانی، نزہۃ النظر شرح نخبۃ الفکر، ص:٣

(٢) سخاوی، محمد بن عبد الرحمن، فتح المغیث، دار الامام الطبری، ١٩٩٢ء، ص:٢٦

امام بدر الدین جماعہ نے بھی اس کا اختصار کیا اور "المنہل الروی" کے نام سے اس کی شرح لکھی۔ حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی کتاب الباعث الحثیث میں اس کا اختصار کیا۔ اسی طرح علامہ علاؤ الدین الماوردی اور بہاء الدین اندلسی وغیرہ بہت سے علماء نے بھی اس کا اختصار کیا۔

علامہ عراقی نے اسے اپنے الفیہ میں منظوم کیا اور اس کی مطول و مختصر دو شرحیں لکھیں۔ مختصر کا نام فتح المغیث فی شرح الفیۃ الحدیث ہے اس شرح پر برہان الدین بقاعی رحمۃ اللہ علیہ اور قاسم بن قطلوبا نے حواشی بھی لکھے۔ اول الذکر کے حاشیہ کا نام" النكت الوافية بما في شرح الألفية"ہے۔ یہ مکمل نہیں بلکہ نصف کتاب تک ہے۔

اسی طرح علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی الفیہ عراقی کی شرح لکھی اور اس کا نام بھی فتح المغیث شرح الفیۃ الحدیث ہے اس کے متعلق حاجی خلیفہ فرماتے ہیں:

"وهو شرح حسن لعله أحسن الشروع"

یہ اچھی شرح ہی نہیں بلکہ سب سے بہترین شرح ہے۔

شیخ زکریا انصاری نے بھی الفیہ کی شرح لکھی اور اس کا نام "فتح الباقی بشرح الفیہ العراقی" ہے۔ اس شرح پر علی بن احمد عدوی کا حاشیہ بھی ہے۔ علامہ سیوطی نے بھی الفیہ کی شرح "قدر الدرر" کے نام سے لکھی ہے۔ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے علامہ عراقی کے مقابلہ میں ایک اپنا الفیہ بھی لکھا ہے اور اس کو انہوں نے پانچ روز میں منظوم کیا تھا اور پھر انہوں نے "البحر الذى زخر في الفية الاثر" کے نام سے اس کی شرح لکھیں۔ نیز اس کی ایک شرح محمد محفوظ ترمسی نے بھی لکھی ہے۔ جس کا نام "منهج ذوى النظر في شرح منظومة علم الاثر" ہے۔

الفیہ عراقی کی ایک شرح قطب الدین خیفری نے "صعود المراتی" کے نام سے لکھی۔ اس طرح علامہ زین الدین عینی، ابراہیم بن محمد حلبی اور ابو الفداء اسمعیل بن جماعہ رحمہم اللہ نے بھی اس کی شروحات لکھیں۔ علوم الحدیث لابن الصلاح کے گرد گردش کرتے ہوئے کتابوں کے اس انبار سے بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ کتاب کس قدر عظمت اور اہمیت کی حامل ہے۔ آج جو اس کا سب سے اہم نسخہ ہے اسے الشیخ نور الدین عتر نے اپنی تحقیق سے شائع کروایا ہے۔

## علوم الحدیث پر ایک ناقدانہ نظر

اگرچہ حافظ ابن الصلاح کو تفسیر، حدیث، فقہ، اصول اور لغت وغیرہ مختلف علوم وفنون میں مہارت حاصل ہے اور خصوصاً اصول حدیث میں تو آپ امامت و اجتہاد کے بلند درجہ پر فائز ہیں اور آپ کی اس شہرہ آفاق تصنیف کو اس فن میں ایک ممتاز مقام حاصل ہے لیکن:

"لكُلِ جواد كبوة و لكل صارم نبوة ولكل عالم هفوة"[1]

(۱) ابو ہلال، الحسن بن عبد اللہ بن سہل بن سعید بن یحیی، جمہرۃ الامثال، دار الفکر، بیروت، ۱۹۹۹ء، ۱/۳۰۸

ہر شاہسوار کے لیے ٹھوکر کھانا ہے اور ہر تلوار کے دھنی کے لیے تلوار کا اچٹ جانا ہے اور ہر عالم کے لیے غلطی کرنا ہے۔

جلیل القدر حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ سے بھی کچھ فروگزاشتیں ہوئی ہیں جن میں سے چند ایک کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ چنانچہ آپ النوع الاول کے فوائد مہمہ میں سے دوسرا فائدہ بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

**"إذا وجدنا فيما يروى من أجزاء الحديث وغيرها حديثا صحيح الاسناد ولم نجده في أحد الصحيحين ولا منصوصا على صحته في شيء من مصنفات أئمة الحديث المعتمدة المشهورة فإنا لا نتجاسر على جزم الحكم بصحته فقد تعذر في هذه الإعصار الاستقلال بإدراك الصحيح بمجرد اعتبار الأسانيد"**

جب ہم اجزائے حدیث وغیرہ پر مشتمل مرویات میں سے کسی روایت کو صحیح الاسناد پاتے ہیں لیکن یہ روایات صحیحین میں سے کسی میں بھی موجود نہیں ہوتیں اور نہ ہی سند اور شہود ائمہ حدیث کی تصانیف میں حجت کی صراحت موجود ہے تو ایسی روایات پر ہم صحت کا حکم لگانے کی جسارت نہیں کرسکتے۔ اس زمانے میں محض اسانید کی بنیاد پر احادیث کی صحت کو پرکھنا مشکل ہے۔

یعنی آپ کے نزدیک متاخرین کے لیے کسی حدیث کی تصحیح جائز نہیں اور اس سلسلہ میں صرف متقدمین پر ہی انحصار کرنا چاہیے لیکن علماء کرام نے آپ کی اس رائے سے اختلاف کیا ہے۔ چنانچہ شیخ الاسلام حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اس پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**"ثم ما اقتضاه كلام ابن الصلاح من قبول التصحيح من المتقدمين ورده من المتاخرين قد يستلزم ردما هو صحيح وقبول ما ليس بصحيح فكم من حديث حكم بصحته أمام متقدم اطلع المتاخر فيه على علة قادحة تمنح من الحكم بصحته ولا سيما أن كان ذلك المتقدم ممن كما يرى التفرقة بين الصحيح والحسن كابن خزيمة وابن حبان"**[(١)]

پھر متقدمین کی تصحیح کے قبول کرنے اور متاخرین کی تصحیح کو رد کرنے میں ابن صلاح کے کلام کا مقتضی یہ ہے کہ بعض صحیح احادیث کو رد کرنا لازم آئے اور بعض غیر صحیح احادیث کو قبول کرنا لازم آئے۔ کیونکہ کتنی ہی احادیث ایسی ہیں جن کو کسی متقدم امام نے صحیح قرار دیا لیکن انہی احادیث میں متاخرین ائمہ کسی ایسی علت قادحہ پر مطلع ہوگئے جس کی وجہ سے ان پر صحت کا حکم لگانا ٹھیک نہیں

(١) سیوطی، تدریب الراوی فی شرح تقریب النووی، ص: ٨٢

تھا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب متقدم امام ان لوگوں میں سے ہو جو صحیح اور حسن میں تمیز کرنے کی لیاقت نہ رکھتا ہو۔ جیسے ابن خزیمہ اور ابن حبان وغیرہ۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

**"والأظهر عندی جوازه لمن تمكن وقويت معرفته".**

میرے نزدیک راجح یہ ہے کہ جو شخص حدیث کی تصحیح کی قدرت اور معرفت رکھتا ہو اس کے لیے (صحت وسقم کا حکم لگانے کا) جواز ہونا چاہیے۔

علامہ عراقی امام نووی رحمۃ اللہ علیہما کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**"وما رجحه النووي هو الذي عليه عمل أهل الحديث فقد صح جماعة من المتاخرين أحاديث لم نجد لمن تقدمهم فيما تصحيحا-"**[1]

جس بات کو امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے راجح قرار دیا اسی پر محدثین کا عمل بھی ہے کیونکہ محدثین نے بہت سی ایسی احادیث کی تصحیح کی ہے جس کے بارے متقدمین کی جانب سے صحت کا حکم موجود نہیں ہے۔

اور علامہ ابن جماعۃ فرماتے ہیں:

**"قلت مع غلبة الظن أنه لوصح لما أهمله أئمة الأعصار المتقدمة لشدة فحصهم واجتهادهم فان بلغ واحد فی هذه الأعصار أهلية ذلك والتمكن من معرفته احتمل استقلاله"**

میں غالب گمان کے ساتھ یہ کہتا ہوں کہ اگر متقدمین ائمہ سے ان کی شدت احتیاط اور راسخ اجتہاد کے باوجود خطا کا احتمال ہے تو یہ بھی ممکن ہے کہ اس زمانے میں کوئی شخص (ان کی سی) اہلیت کا حامل ہو اور صحیح وسقم کی معرفت رکھنے میں مستقل ہو۔

**مثال ۱:**

حافظ ابن الصلاح کے معاصرین نے ہی کئی ایسی احادیث کی تصحیح کی ہے جن کی متقدمین سے صحت ثابت نہیں تھی اور آپ سے متاخر ائمہ نے بھی کئی ایک احادیث پر صحت کا حکم لگایا ہے مثلا آپ کے معاصر علماء میں سے صاحب "الوهم والإيهام" حافظ ابو الحسن ابن قطان رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی درج ذیل روایت پر صحت کا حکم لگایا ہے۔

**"إنه يتوضا ولعلاه في رجليه ويقول كان رسول الله ﷺ يفعل ذلك."**[2]

---

(۱) عبد الرحمن جلال الدین سیوطی، تدریب الراوی فی شرح تقریب النووی، ص:۷۹

(۲) ابو بکر احمد بن عمرو، مسند البزار، مکتبہ العلوم والحکم، مدینہ منورہ، تخریج احادیث الہدایۃ التدریب، السیوطی، علامہ البانی نے بھی اس کی تصحیح کی ہے۔ الالبانی، صحیح ابو داود، کتاب الوضوء، دار السلام والنشر والتوزیع، ریاض، السعودیہ، طبع سوم: ۲۰۰۰ء، ۱/۲۸۵

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے وضو فرمایا اس حال میں کہ پاؤں میں جوتے پہنے ہوئے تھے اور فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔

**مثال ۲:**

اسی طرح انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی درج ذیل روایت پر صحت کا حکم لگایا ہے جسے قاسم بن اصبغ نے روایت کیا ہے:

**"كان أصحاب رسول الله ﷺ ينتظرون الصلاة فيضعن جنوبهم فمنهم من ينام ثم يقوم إلى الصلاة"**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نماز کے انتظار میں اپنے پہلو ٹکا لیتے۔ ان میں سے بعض سو بھی جاتے اور پھر نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے۔

علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کی سند صحیح ہے اور امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو حسن صحیح کہا ہے۔

اسی طرح حافظ ضیاء الدین المقدسی صاحب "المختارۃ" نے اپنی کتاب میں کئی ایسی احادیث کی تصحیح کی ہے جن کی صحت ائمہ متقدمین سے منقول نہیں تھی۔ حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی "غفر له ما تقدم من ذنبه وما تأخر" کی تصحیح کی ہے۔ حافظ وسیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث جابر رضی اللہ عنہ "ماء زمزم لما شرب له" کی تصحیح کی ہے۔

اور شیخ تقی الدین السبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "شفاء السقام في زيادة خير الأنام" میں تفصیل سے لکھا ہے کہ ابن صلاح رحمۃ اللہ علیہ کا متاخر علماء کو اس منصب جلیلہ سے محروم ومعزول کر دینا درست نہیں بلکہ صحیح یہی ہے کہ ہر عالم کو خواہ متقدم ہو یا متاخر اس کا حق پہنچتا ہے بشرطیکہ وہ اہلیت رکھتا ہو، اس کی مزید تفصیل کے لیے فتح المغيث للعراقي، فتح المغيث للسخاوي اور تدريب الراوي للسيوطي ملاحظہ فرمائیے۔

اسی طرح حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم اور ان کی مستدرک کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**"وهو واسع الخطو في شرط الصحيح متاهل في القضاء به فالأولى أن نتوسط في أمره فنقول ما حكم بصحته ولم نجد ذلك فيه لغيره من الأئمة إن لم يكن من قبيل الصحيح فهو من قبيل الحسن يحتج به ويعمل به إلا أن تظهر فيه علة توجب ضعفه."**[1]

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح کی شرائط میں وافر حصہ پایا ہے اور اس کے بارے میں فیصلہ کرنے کے اہل بھی ہیں لہذا بہتر یہ ہے کہ ان کے بارے میں رائے قائم کرنے میں ہم اعتدال سے کام لیں گے۔ پس ہم یہ کہیں گے کہ جس حدیث کے بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے صحت کا حکم لگایا اور اس کے

(۱) ابن الصلاح، معرفۃ علوم الحدیث، ص: ۱۸

بارے میں دیگر ائمہ کا کوئی قول موجود نہیں ہے تو اگرچہ یہ صحیح کی قبیل سے نہ بھی ہو لیکن حسن کی قبیل سے ضرور ہوگی اس سے استدلال کیا جائے گا اور اس پر عمل بھی کیا جائے گا الا یہ کہ اس کے اندر کوئی ایسی علت پائی جائے جو اس کے ضعف کا باعث ہو۔

حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر بھی تعاقب کیا گیا ہے۔ قاضی بدر بن جماعہ رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب مختصر میں فرماتے ہیں:

"الصواب أن يتبع و يحكم عليه بما يليق من الحسن أو الصحة أو الضعف"

درست یہ ہے کہ تتبع کیا جائیگا اور اس کے حسب حال میں ہر حسن، صحت یا ضعف کا حکم لگایا جائے گا۔

یعنی یہ ضروری نہیں کہ امام حاکم نے جس حدیث پر صحت کا حکم لگایا ہو اور اس کے متعلق کسی دوسرے امام کی تصریح موجود نہ ہو تو وہ اگر صحیح نہیں تو لامحالہ حسن ہوگی بلکہ تتبع کیا جائے گا اور اس کے حسب حال صحت، حسن یا ضعف کا حکم لگایا جائے گا۔ قاضی ابن جماعۃ کے اس تعاقب کو علامہ سخاوی وانصاری رحمہما اللہ نے بھی ذکر فرمایا ہے اور علامہ عراقی نے النکت میں اسے ذکر کرکے صحیح قرار دیا ہے۔[۱]

اور اس مذکورہ عبارت کے متصل ہی حافظ ابن الصلاح فرماتے ہیں:

"ويقاربه في حكمه صحيح أبي حاتم بن حبان البستي."[۲]

اور ابن حبان البستی کی صحیح کا حکم بھی تقریباً یہی ہے۔

لیکن آپ کا صحیح ابن حبان کو مستدرک حاکم کے ہم پلہ قرار دینا بھی صحیح نہیں کیونکہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا حدیث میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت مقام بلند ہے۔ چنانچہ علامہ عراقی، امام حازمی سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ابن حبان أمكن في الحديث من الحاكم."[۳]

حدیث میں ابن حبان امام حاکم سے زیادہ لیاقت رکھتے ہیں۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"قيل ما ذكر من تساهل أن حبان ليس بصحيح غايته أن يسمى الحسن صحيحا فإن كانت نسبته إلى التساهل باعتبار وجد أن الحسن في كتابه فهي شاحه في الاصطلاح."[۴]

---

(۱) رمانی، علی بن عیسیٰ، النکت فی اعجاز القرآن فی ثلاث رسائل، تحقیق: محمد خلف اللہ، دکتور محمد زغلول سلام، دار المعارف، مصر، ۱۹۹۷ء، طبع سوم، ص:۱۸

(۲) ابن الصلاح، معرفۃ علوم الحدیث، ص:۱۸

(۳) سخاوی، فتح المغیث، ۱/۶۵

(۴) سیوطی، تدریب الراوی فی شرح تقریب النووی، ص:۵۳

اور یہ کہا گیا ہے کہ ابن حبان کی طرف تساہل کی نسبت کرنا صحیح نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ انہوں نے حسن کو صحیح قرار دیا ہے۔ اگر ان کی طرف تساہل کی نسبت صرف اسی وجہ سے کی جاتی ہے کہ ان کی کتاب میں حسن احادیث پائی جاتی ہیں تو یہ محض اصطلاح میں جھگڑنے والی بات ہے۔

اسی طرح حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

**"ثم إن الزيادة في الصحيح على ما في الكتابين يتلقاها طالبها مما اشتمل عليه أحد المصنفات العمدة المشتهرة... وما ير من جمع في كتابه بين الصحيح وغيره ويكفي مجرد كونه مجردا في كتب من اشترط منهم الصحيح فيما جمعه ككتاب ابن خزيمة."(۱)**

صحیح حدیث جو کہ ان دو کتابوں کے علاوہ میں موجود ہیں ہماری مراد سنن اربعہ اور س کے علاوہ صحیح ابن حبان مراد ہے۔ یعنی سنن اربع کے علاوہ جنہوں نے صحیح ہونے کی شرائط لگائی ہے۔

اس کے متعلق پہلی گزارش تو یہ ہے کہ "من اشترط منهم الصحيح" کے ضمن میں تو صحیح ابن حبان بھی آتی ہے اور اسے آپ خود بھی مستدرک حاکم کے متقارب قرار دے چکے ہیں اور مستدرک کے مقام و مرتبہ اور محتویات سے حدیث کا ہر طالب علم واقف ہے۔

اور دوسری گزارش صحیح ابن خزیمہ کے متعلق ہے جسے آپ نے بطور مثال بیان فرمایا ہے کہ اس پر مطلقاً یہ حکم کیسے لگایا جا سکتا ہے جبکہ اس میں اور اس جیسی دیگر کتب میں ضعیف روایات بھی ہیں۔ مثلاً صحیح ابن خزیمہ کی ہم تین روایات پیش کرتے ہیں۔

۱۔

**"قال رسول الله ﷺ اذا توضأ أحدكم ثم يخرج إلى المسجد فلا يشبكن يديه فانه في صلاته"**

آپ نے فرمایا کہ جب تم سے کوئی شخص وضو کرے اور پھر مسجد کی طرف جائے تو اپنے ہاتھوں کی تشبیک نہ کرے (یعنی ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے میں نہ پھنسائے) کیونکہ وہ نماز میں ہے۔

اس حدیث کی سند میں اختلاف ہے جس کے سبب بعض ائمہ نے اسے ضعیف قرار دیا ہے اور اس کی سند میں راوی ابو ثمامہ الحجازی مجہول الحال ہے جیسا کہ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے "تقریب" میں فرمایا ہے اور "تہذیب" میں امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے لکھا ہے، لا يعرف يترك.

(۱) ابن الصلاح، معرفۃ علوم الحدیث، ص:۱۷

۲۔

"سئل رسول اللهﷺ عن هذه الآية:﴿قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِه فَصَلّٰى﴾ قال انزلت فى زكوة الفطر"

آپﷺ سے آیت:﴿قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّه فَصَلّٰى﴾ کے بارے میں پوچھا گیا تو آپﷺ نے فرمایا کہ یہ آیت صدقہ فطر کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

اس کی سند میں کثیر بن عبد اللہ ہے جس کے متعلق امام منذری نے فرمایا "واہٍ" اور امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی اس حدیث کو مناکیر سے شمار کیا ہے۔

۳۔

"من صلى بعد المغرب ست ركعات لم يتكلم فيما بينهن بسوء عدلن له"

" مغرب کی نماز کی ادائیگی کے بعد چھ رکعات ادا کرنا اور دوران ادائیگی کسی قسم کی غیر مہذب گفتگو نہ کی جائے۔ (یعنی گناہ ولی گفتگو) تو وہ بارہ سال کی عبادت کے برابر ہوگی۔"

اس حدیث کے سلسلہ اسناد میں عمر بن عبد اللہ بن ابی خثعم ہے جس کے متعلق امام بخاری فرماتے ہیں:

"منكر الحديث ذاهب"[1]

تو حافظ ابن صلاح کے مذکورہ ارشاد کو کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے جبکہ صحیح ابن خزیمہ میں ان جیسی روایات بھی ہیں۔

منکر حدیث کی بحث میں حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ منکر اور شاذ کو مترادف قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

"والصواب فيه التفصيل الذي بيناه انفا في شرح الشاذ وعند هذا نقول المنكر يقسم قسمين على ما ذكرناه في الشاذ فانه بمعناه"[2]

اور درست یہ ہے کہ اس میں تفصیل ہے جو کہ ہم نے عنقریب ہی بیان کی ہے شاذ کی شرح میں اور اس موقع پر ہم کہتے ہیں کہ ہماری ذکر کردہ تفصیل کے مطابق منکر کی دو قسمیں ہیں۔ اور شاذ بھی اسی معنی میں ہے۔

لیکن آپ کا منکر اور شاذ کو مترادف قرار دینا صحیح نہیں کیونکہ تحقیق یہ ہے کہ منکر اور شاذ ایک نہیں حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

---

(۱) ذہبی، شمس الدین، محمد بن احمد بن عثمان، میزان الاعتدال فی نقد الرجال، دار المعرفۃ، بیروت، طبع اول:۱۹۶۳ء، ۲/ ۲۶۴

(۲) ابن الصلاح، معرفۃ علوم الحدیث، ص:۷۲

"شاذ و منکر میں عموم و خصوص من وجہ کی نسبت ہے کیونکہ مخالفت میں دونوں شریک ہیں جبکہ صفات خاصہ کی وجہ سے دونوں الگ ہیں شاذ کا راوی ثقہ ہوتا ہے اور منکر کا ضعیف۔"

**"وقد غفل من سوی بینها"**(۱)

ان لوگوں نے غفلت برتی ہے جنہوں نے شاذ اور منکر کو مساوی قرار دیا ہے اور ان میں امتیاز نہیں کیا۔

اور علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

**المنکر الذی روی غیر الثقة مخالفا فی نخبة قد حققه**

**قابله المعروف والذی رأی ترادف المنکر والشاذ نأی**(۲)

منکر وہ ہے جس کو غیر ثقہ راوی نے روایت کیا ہو اور جو مقرر شدہ تحقیق کی راہ سے ہٹ گیا ہو۔ اس کے مقابل معروف ہے۔ اور جس شخص نے منکر اور شاذ کو مترادف قرار دیا وہ حق سے دور چلا گیا۔

حافظ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ حدیث مرسل کی صور مختلفہ بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

مرسل کی چوتھی صورت یہ ہے کہ تبع تابعی براہ راست رسول اللہ ﷺ کا قول یا فعل نقل کرے جیسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کہیں:

**"قال رسول الله ﷺ كذا وكذا أفعل بحضرته كذا "أحدهما إذا انقطع الاسناد قابل الوصول إلى التابعي فكان فيه رواية ولم يسمع من المذكور فوقه... لا يسمى مرسلا"**(۳)

ان میں سے ایک یہ ہے کہ اسناد تابعی تک پہنچنے سے پہلے ہی منقطع ہو جائے۔

امام حاکم نے اس پر تعاقب کرتے ہوئے لکھا ہے:

**"أما مشائخ الحديث فهم لا يطلقون المرسل الأعلى ما أرسله التابعي عن النبي ﷺ فاما مشائخ أهل الكوفه فكل من أرسل الحديث عن التابعين أو أتباع التابعين من العلماء فانه عندهم مرسل محتج به."**

جہاں تک مشائخ حدیث کا تعلق ہے تو ان کے نزدیک مرسل کا اطلاق صرف اس روایت پر ہوتا ہے جسے تابعی نے رسول اللہ ﷺ سے براہ راست بیان کیا ہو لیکن کوفہ کے مشائخ ہر اس حدیث کو

---

(۱) ابن حجر عسقلانی، نزہۃ النظر شرح نخبۃ الفکر، ص: ۷۰

(۲) السیوطی، الفیۃ، دار نشر الکتب الاسلامیہ، ۱۹۸۰ء، ص: ۹۳

(۳) ابن الصلاح، معرفۃ علوم الحدیث، ص: ۴۷

مرسل کہتے ہیں جسے تابعین یا تبع تابعین علما میں سے کسی نے رسول اللہ ﷺ سے براہ راست روایت کیا ہو ان کے نزدیک ایسی روایت قابل حجت ہے۔

علامہ عراقی نے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کو بنیاد بناتے ہوئے تبع تابعی کی براہ راست روایت کو مرسل ماننے میں تذبذب کا اظہار کیا ہے۔

علامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ اس پر تعاقب کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

**"قوله قبل الوصول إلى التابعي ليس ببعيد بل الصواب قبل الوصول إلى الصحابي فانه لو سقط التابعي أيضا كان منقطعا لا مرسلا عند هؤلاء"**[۱]

ان کا کہنا کہ "تابعی تک پہنچنے سے پہلے" یہ ٹھیک نہیں ہے بلکہ درست یہ ہے کہ "صحابی تک پہنچنے سے پہلے" کیونکہ اگر درمیان سے تابعی بھی ساقط ہو گیا تو تمام حضرات کے نزدیک یہ منقطع ہے مرسل نہیں ہے۔

معرفۃ الاسماء والکنی میں ان رواۃ پر بحث کرتے ہوئے جن کے نام کنیت جیسے ہیں اور ان کی کنیت بھی ہے، ایک یہ نام بتلاتے ہیں۔ ابو بکر بن عبد الرحمن یعنی جو فقہاء سبعہ میں سے ہے۔ ان کے متعلق فرماتے ہیں کہ ان کا نام ابو بکر اور کنیت عبد الرحمن تھی۔ لیکن انہیں یہاں بطور مثال پیش کرنا صحیح نہیں کیونکہ صحیح یہ ہے کہ ان کا نام اور کنیت ایک ہی تھی جیسا کہ امام ابن ابی حاتم اور علامہ عراقی نے فرمایا ہے۔[۲] یہ اور اس طرح کے چند دیگر مقامات ہیں جن میں ائمہ فن نے حافظ ابن الصلاح سے اختلاف کیا ہے تاہم اس سے علوم الحدیث کی اہمیت و عظمت پر کوئی خاص اثر نہیں پڑتا بلکہ اس کی امتیازی و انفرادی شان بدستور قائم رہتی ہے۔

## خلاصہ

مقدمہ، کتب اصول حدیث میں ایک خاص اہمیت کی حامل کتاب ہے۔ ابن الصلاح نے مذکورہ کتاب میں اپنے سے پہلے ائمہ اصول حدیث کے کئے گئے کام کو آگے بڑھایا اور وہ تمام جزئیات جو ان سے پہلے اصول حدیث کی کتب میں مندرج تھیں انہیں ایک انضباطی شکل دی اور ایک خاص ترتیب سے رقم کیا بلکہ اصول حدیث کے دیگر پہلوؤں کو مد نظر رکھتے ہوئے اصطلاحات کا اضافہ بھی کیا علم فن اصول حدیث میں ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ کے مقدمہ کو جو اہمیت حاصل ہے وہ ظاہر ہے لیکن مقدمہ ابن الصلاح کی تمام خصوصیات کے ساتھ ساتھ ائمہ فن نے ابن الصلاح کے

---

(۱) عراقی، زین الدین، عبد الرحیم، التقیید والایضاح، لما اطلق واغلق من کتاب ابن الصلاح، المکتبۃ السلفیہ، مدینہ منورہ، ۲۰۰۰ء، ص:۵۵

(۲) عبد الرحیم زین الدین عراقی، التقیید والایضاح، ص: ۳۲۲؛ الرازی، حافظ ابو محمد عبد الرحمن بن ابی حاتم محمد بن ادریس، الجرح والتعدیل، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۵۲ء، ۲/ ۳۳۶

تسامحات و تساہلات پر بھی قلم اٹھایا ہے۔ خصوصا حافظ ابن حجر ﷫ نے ابن الصلاح کی قائم کردہ اصطلاحات مثلا الاصح، صحیح، حسن، معلل وغیرہ گو کہ ابن حجر ﷫ کے دلائل بہت مضبوط ہیں لیکن بعض جگہوں پر آپ کے دلائل میں وزن محسوس نہیں ہوتا اور ابن الصلاح کا موقف راجح معلوم ہوتا ہے۔ اور ان تمام مقامات کی نشاندہی کی ہے جس میں ابن الصلاح کے موقف میں کمزوری محسوس ہوتی ہے حسن و قبیح اور محاکمہ کا یہ انداز قاری کو راجح مسلک اور حق کے قریب تر کرنے کا سبب بنتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کے اہل علم کو عنایت فرمایا ہے۔

تاہم مقدمہ ابن صلاح کی حیثیت اصول حدیث میں مسلم ہے۔

## نتائج البحث

- حافظ ابن الصلاح ایک نابغہ روزگار اور اسلام کی مایہ ناز شخصیت تھے۔
- اصول حدیث کے فن میں ابن الصلاح کا نام حاذق اور ماہر فن آئمہ میں شمار کیا جاتا ہے۔
- مقدمہ ابن الصلاح اصول حدیث کی منفرد اور ابتدائی کتب میں سے ہے۔
- حافظ ابن الصلاح کی مقدمہ میں قائم کی گئی اصطلاحات الاصح، الاسناد، حسن، مرسل، اور علل پر متاخرین نے بحث کی ہے۔
- ابن حجر نے ابن الصلاح کے تسامحات کو آئمہ فن کے اقوال و دلائل سے ثابت کرنے کا اہتمام کیا ہے۔
- حافظ ابن الصلاح نقاد محدثین کے ہاں فن نقد میں مصدر کی حیثیت حاصل ہے۔
- حافظ ابن الصلاح کے قائم کردہ اصول حدیث سے استعارہ کیے بغیر متاخرین علماء نقاد کی علمی کاوشوں کو مکمل نہیں سمجھا جاسکتا۔

# پاکستانی خواتین کے گھریلو مسائل، نفسیاتی اثرات اور ان کا تدارک اسلامی تعلیمات کی روشنی میں

# Domestic Issues of Pakistani Women, Psychological Effects and its Solution in the Light of Islamic Teachings

ڈاکٹر حافظ مسعود قاسم*

ڈاکٹر محمد طاہر ضیاء**

## ABSTRACT

Every society holds its own norms where various differences may occur be it cultural, ethnic or creed based. In Pakistan, the love of Islamic traditions is existed in adjacent to the impacts European and Hindu civilizations where their ancestors lived. The people's trend is varied due to this mixed cultural and religious and territorial traditions. People living in Pakistan belong to various tribal, ethnical and territorial backgrounds. They have their own traditions and archives on which they prefer to live with. The woman in Pakistan faces educational, domestic and tribal violence of various kinds. There are certain issues about daughters among which the most serious is that their parents wish to marry their well-educated daughters with well-educated persons.

As it is assumed that marriage is the only and ultimate end for every girl in Pakistan. The girl is either threated from the brother if she dares to refuse marriage or goes under physical thrashings from the parents, and majority of girls in Pakistan are likely to be forced to discontinue their hopes of attaining an education from abroad or within their country and be sent off in marriage proposals to older men. On the other hand, married working woman will probably have to find herself dealing with her husband's ego and obscure insecurities now and again. Men in Pakistan usually believe that they are and should be the only breadwinners of the entire family. That's why; a woman fall to be a psychological victim of her husband's misbehavior, that results into depression, tension, anger, sense of inferiority, complex, anxiety and suicide attempts. The present research paper aims to discuss various issues that woman face before and after marriage and that have impacts on woman in her whole life that ultimately leads her to psychological problems. Various issues with instances have been discussed.

***Keywords*****:** *Women in Various Religions, Social Challenges and Risks, Psychological Effects.*

* لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف ایگری کلچر، فیصل آباد

** لیکچرار، نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی، فیصل آباد

## تعارف

ہر معاشرہ اپنے اندر افراد کے متنوع رویّوں کا حامل ہوتا ہے، جہاں مختلف ثقافت، زبان، نسل سے تعلق رکھنے کے ساتھ ساتھ عقائد و نظریات میں بھی اختلافات موجود ہوتے ہیں۔ پاکستان میں مغربی و ہندی تہذیبوں کے اثرات کے علاوہ اسلام سے وابستگی اور محبت بھی پائی جاتی ہے۔ اس مخلوط کلچر، ثقافت اور مذہب کے زیر اثر پروان چڑھنے والے معاشرہ میں لوگوں کی عادات، مزاج اور رویوں میں بھی بہت فرق موجود ہے لیکن اس کے باوجود ایک قدرِ مشترک موجود ہے اور وہ ملک و دین سے وابستگی ہے، جس وجہ سے ان کی معاشرت میں یہ رنگ نمایاں ہے۔ معاشرتی طبقات کی بنیاد پر پاکستانی معاشرے میں خاندان کی اساس اور عورت کے مسائل کی تصویر کشی اور اس کے اس کی ذات اور معاشرے پر منطبق ہونے والے اثرات ضروری ہیں، جن کی نشاندہی بھی ضروری ہے۔

دین اسلام میں جہاں خاندانی نظام اور حسنِ معاشرت کے بارے بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے وہیں انفرادی حیثیت سے عورت کو بحثیت ماں، بہن، بیوی اور بیٹی وغیرہ کے رشتوں میں پرو کر ایک کلیدی اہمیت دی گئی ہے۔ جب عورت کا کردار معاشرے میں انہی رشتوں کی مناسبت سے پہچانا جاتا ہے تو معاشرہ میں ان کا کردار مزید اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔ پیش نظر مقالہ میں پاکستانی عورت کے نفسیاتی مسائل، اسباب اور ان کا معاصر معاشرتی رویوں کے باوجود ایک موثر حل پیش کیا جائے گا۔

## اسلام کی نظر میں عورت کا مقام و معاشرتی کردار

دینِ اسلام میں عورت اور مرد دونوں کو ایک طرح کی حیثیت و مقام دیا گیا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دونوں نسلِ انسانی کو پھیلانے میں یکساں کردار ادا کرتے ہیں، جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے:

﴿يَاأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً﴾(۱)

اے لوگو! اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا، اور اس سے اس کی زوجہ کو پیدا کیا، اور ان دونوں سے کثیر تعداد میں مردوں خواتین کو پھیلا دیا۔

دین اسلام نے تخلیق کے اعتبار سے مرد و خواتین کو ایک جیسا مقام عطا فرمایا ہے اور انسان کو اس حوالے سے روشناس کرایا ہے کہ دونوں ہی اللہ کی تخلیق ہیں۔ قرآن کریم میں کسی بھی مقام پر انسان کو پیدائشی گنہگار ثابت نہیں کیا گیا جیسا کہ بعض مذاہب کے پیروکاروں کا عقیدہ ہے۔ دینی تعلیمات جن کی بنیاد قرآن و سنت ہے، ان میں مرد و خاتون کو ایک جیسا مقام دیا گیا ہے، جیسا کہ مندرجہ ذیل آیت سے ظاہر ہے:

---

(۱) سورۃ النساء:۱

﴿مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ﴾[۱]

جو شخص نیک عمل کرے مرد ہو یا عورت، لیکن باایمان ہو تو ہم اسے یقیناً نہایت بہتر زندگی عطا فرمائیں گے۔ اور ان کے نیک اعمال کا بہتر بدلہ بھی انہیں ضرور ضرور دیں گے۔

اس آیت کریمہ میں اس بات کی وضاحت ہے کہ دین اسلام میں عمل کی حیثیت کے حوالے سے مرد و خاتون کا کوئی امتیاز نہیں ہے۔ اس کی مزید وضاحت درج ذیل آیت سے ہوتی ہے:

﴿فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ﴾[۲]

پس ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمالی کہ تم میں سے کسی کام کرنے والے کے کام کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت میں ہرگز ضائع نہیں کرتا۔

شریعت اسلامیہ میں عورت کو ماں، بہن بیٹی اور بیوی کا درجہ دیا گیا ہے۔ مرد و خاتون کو ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم قرار دیا گیا ہے میاں اور بیوی ایک دوسرے کے لیے راحت کا ساماں پیدا کرتے ہیں اور خوشی کا باعث بنتے ہیں، اسی لیے قرآن کریم نے انہیں ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ﴾[۳]

وہ عورتیں تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔

ان آیات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کو خاص مقام عطا کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ بطور ماں بہن بیٹی اور بیوی سے حسن سلوک کی تلقین کی گئی ہے۔ رسول کریم ﷺ نے والدین کے بارے میں عمومی طور پر اور والدہ کے لیے خصوصی طور پر ہدایات دی ہیں۔ اگر قرآن پر ہی اکتفا کر لیا جائے تو اہمیت بجا ہے لیکن احادیث بیان کرنے سے اہمیت دوچند ہو جاتی ہے۔ مثلاً ایک شخص کا قصہ حدیث مبارک میں نقل ہوا ہے کہ وہ آیا اور آپ ﷺ سے عرض کیا:

« من أحق الناس بحسن صحابتي؟قال أمک قال ثم من؟قال أمك قال ثم من؟قال أمك قال ثم من؟ قال أبوك» [۴]

---

(۱) سورۃ النحل:۹۷

(۲) سورۃ آل عمران:۱۹۵

(۳) سورۃ البقرۃ:۱۸۷

(۴) مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب بر الوالدین، وأیھما أحق بہ، حدیث نمبر:۲۵۴۸، دارالسلام للنشر والتوزیع، ریاض، ۱۹۹۹ء

میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ فرمایا تمھاری ماں۔ بولا پھر کون؟ فرمایا تیری ماں۔ بولا پھر کون؟ فرمایا تیری ماں۔ بولا پھر کون؟ فرمایا تیرا باپ۔

والدہ کے بعد عورت کی دوسری قابل عزت حیثیت بیٹی کی ہے۔ بیٹی کے ساتھ رحمت و شفقت کا سلوک کا واضح اصول بیان کیا گیا ہے۔ اور ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ﴾(۱)

اور جب زندہ در گور کی جانے والی لڑکی سے پوچھا جائے گا کہ اسے کس گناہ پر قتل کیا گیا تھا۔

اسی طرح بیٹی کے حوالے سے مزید اہمیت درج ذیل حدیث میں بیان کی گئی ہے:

«من عال جاريتين حتى تبلغا جاء يوم القيامة أنا وهو هكذا وضم أصابعه»(۲)

جس شخص نے دو بیٹیوں کی بلوغت تک پرورش کی، وہ شخص قیامت کے روز اس طرح آئے گا جس طرح یہ دو انگلیاں، آپ ﷺ نے اپنی دونوں انگلیاں ملائیں۔

مزید یہ کہ احادیث مبارکہ میں عورت کے حوالے سے بے شمار احادیث موجود ہیں جو عورت کا مقام، مرتبہ، عظمت، فضیلت و منقبت بیان کرتی ہیں۔ ذیل میں صرف ایک حدیث پیش کی جاتی ہے جس میں رسول کریم ﷺ نے نیک عورت کو اپنے لیے پسندیدہ قرار دیا ہے:

«حُبب إليّ من الدنياثلاث: المرأة الصالحة، والطيب، وجعلت قرة عينى فى الصلاة»(۳)

دنیا میں میرے نزدیک تین چیزیں محبوب ہیں: نیک عورت، خوشبو، اور میرے لیے میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔

درج بالا آیات و احادیث اس بات کی صراحت کرتے ہیں کہ عورت کا مقام و مرتبہ دینِ اسلام میں ایک واضح حیثیت رکھتا ہے۔

عورت کی تعلیم و معاشرتی کردار کے حوالے سے بھی دین اسلام میں واضح تعلیمات موجود ہیں جن میں سے چند ایک حسب ذیل ہیں:

﴿يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ

---

(۱) سورۃ التکویر:۸

(۲) مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب فضل الاحسان الی البنات، حدیث نمبر:۲۶۹۳

(۳) نسائی، احمد بن شعیب، سنن، کتاب عشرۃ النساء، باب حب النساء، حدیث نمبر:۳۳۹۱، دارالسلام للنشر والتوزیع، ریاض، ۱۹۹۹ء

أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾(۱)

اے پیغمبر! جب مسلمان عورتیں آپ سے ان باتوں پر بیعت کرنے آئیں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گی، چوری نہ کریں گی، زناکاری نہ کریں گی، اپنی اولاد کو نہ مار ڈالیں گی اور کوئی ایسا بہتان نہ باندھیں گی جو خود اپنے ہاتھوں پیروں کے سامنے گھڑ لیں اور کسی نیک کام میں تیری بے حکمی نہ کریں گی تو آپ ان سے بیعت کر لیا کریں، اور ان کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے اور معاف کرنے والا ہے۔

یہ آیت کریمہ نبی اکرم ﷺ کے تربیتی اسلوب کی نشاندہی کرتی ہے۔ آپ ﷺ ہمیشہ اس کوشش میں ہوتے کہ وقت ایسا خالی نہ جائے جس میں آپ اپنے صحابہ یا صحابیات کی تربیت نہ کریں۔ جب خواتین آپ کی بیعت کی خاطر آتیں تو آپ ان سے عہد وپیمان لیتے، اور یہی عہد وپیماں اللہ نے قرآن کی زینت بنایا ہے۔ اسی طرح حدیث میں آتا ہے:

«أن النبیﷺ خرج ومعه بلال فوعظهن وأمرهن بالصدقة فجعلت المرأة تلقى القرط والخاتم وبلال يأخذ فى طرف ثوبه»(۲)

نبی اکرم ﷺ نکلے اور ان کے ساتھ بلال رضی اللہ عنہ تھے، آپ نے انہیں نصیحت کی اور انہیں صدقہ کا حکم دیا تو عورتوں نے بالیاں اور انگوٹھیاں پھینکنی شروع کیں اور بلال رضی اللہ عنہ کپڑے کے پلو میں رکھتے جاتے۔

بسا اوقات آپ اس قدر پابندی سے پند ونصائح فرماتے کہ آپ کی صحابیات آپ کی تربیت کو ذہن نشیں کر لیتی تھیں۔ آپ ﷺ قرآن کی تلاوت فرماتے، خواہ نماز میں یا خطبہ جمعہ میں، خواتین کے لیے یہ موقع انتہائی اہمیت کا ہوتا تھا کہ وہ قرآن توجہ سے سنیں اور حفظ کر لیں، جس طرح مندرجہ ذیل حدیث مبارکہ ظاہر کرتی ہے:

«قالت بنت حارثة بن النعمان:ما حفظت ق إلا من في رسول الله يخطب بها كل جمعة»(۳)

حارثہ بنت نعمان کہتی ہیں، میں نے سورۃ ق نبی کریم ﷺ سے سنی آپ ہر جمعہ خطبہ میں اسے پڑھا کرتے تھے۔

## پاکستانی معاشرے میں گھریلو خاتون کے نفسیاتی مسائل

پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس میں صوبائی، نسلی، قبائلی اور برادری ازم کی بنیاد پر معاشرتی مسائل کی ترجیحات ہیں، بعض دفعہ علاقائی، قبائل پرستی یا برادری کی بناء پر مسائل حل ہو جاتے ہیں لیکن اکثر مرتبہ یہ مسائل، مسائل ہی

---

(۱) سورۃ الممتحنۃ: ۱۲

(۲) بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب عظۃ الامام للنساء، حدیث نمبر: ۹۸، دارالسلام للنشر والتوزیع، ریاض، ۱۹۹۹ء

(۳) ابو داؤد، امام، سنن، کتاب الصلاۃ، باب الرجل یخطب علی قوس، حدیث نمبر: ۱۰۹۶، دارالسلام للنشر والتوزیع، ریاض، ۱۹۹۹ء

رہتے ہیں اور ان میں اس حد تک اضافہ ہوا چلا جاتا ہے کہ خاتون ایک نفسیاتی مریضہ بن جاتی ہے۔ذیل میں ان مسائل کی مختصر فہرست پیش کی جاتی ہے:

- پسند کی شادی
- جہیز کے مسائل
- مشترکہ خاندانی نظام
- خاندانی انتشار
- بے اولادی کے طعنے
- تشدد کا رجحان
- خاوند کا بیوی سے دور رہنا، وغیرہ

پاکستانی معاشرہ میں مختلف برادریوں اور قبائل کے لوگ آباد ہیں۔آبادی میں بے ہنگم اضافے اور دینی تعلیمات سے روگردانی کے نتیجہ میں جہاں معاشرتی برائیوں میں اضافہ ہو رہا ہے وہیں گھروں میں مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔خاندان انتشار کا شکار ہو رہے ہیں۔پسند کی شادی کرنے والے جوڑوں میں ایک سال کے عرصے میں ہی طلاق کے بڑھتے ہوئے واقعات، شوہر کا بیوی کو قتل کرنا، لڑکی کا آشنا سے مل کر بھاگ جانا، بیوی کا روٹھ کر میکے چلے جانا اور خاوند کی طرف سے بیوی کو نان ونفقہ کی ادائیگی نہ کرنا شامل ہے۔پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں آئے روز ایسی خبریں آتی رہتی ہیں، بطور مثال چند خبریں ملاحظہ ہوں:

"فیصل آباد میں آشنا نے محبوبہ پر تیزاب پھینک دیا"[۱]

"ملتان میں ش کو طلاق دینے کے بعد بھائی نے طیش میں آکر گولی ماردی"[۲]

"گوجرانوالہ میں نان ونفقہ نہ ملنے پر بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی۔"[۳]

یہ سارے مسائل حل ہوسکتے ہیں اگر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ان کا حل تلاش کیا جائے اس ان تعلیمات کی روشنی میں ان الجھے ہوئے مسائل کا حل تلاش کر کے معاملاتِ زندگی کو چلانا چاہئے اور اہلِ علم و عمل سے مسلسل راہنمائی ضرور لیتے رہنا چاہیے۔ذیل میں ان چند مسائل اور ان کے حل کی طرف نشاندہی کی جاتی ہے:

---

(۱) روزنامہ نوائے وقت، ۱۰جولائی۲۰۱۷

(۲) روزنامہ ایکسپریس، ۱۶جون۲۰۱۷

(۳) روزنامہ دنیا، نیوز ۱۷مئی۲۰۱۷

## پسند کی شادی کی بنا پر تاخیر

پاکستانی معاشرے کی اکثریت دین سے نابلد اور مذہبی و دینی مسائل سے آگاہی نہیں رکھتے۔ اس معاشرے کا ایک بڑا مسئلہ بے وقت شادی ہے۔ اس بے وقت شادی میں خواتین کی دو اقسام ہیں اور یہ دونوں انتہاء درجہ کی ہیں۔ ایک یہ کہ لڑکی کی شادی اتنی چھوٹی عمر میں کر دی جائے جس میں اسے شادی و ازدواجی مسائل سے بالکل آگاہی نہیں ہوتی، جس کا لازمی نتیجہ خاوند و بیوی کے درمیان عدم وموافقت کا سبب بنتے ہوئے جھگڑے کی صورت میں نکلتا ہے۔ جبکہ دوسرا مسئلہ اس وقت شادی کرنا ہے جو خاندانی رسم کو مدّ نظر رکھتے ہوئے تاخیر سے شادی کرنا ہے، یا ایک مثالی تصوراتی خاوند کی تلاش میں لڑکی کی عمر کا قیمتی حصہ ضائع کرنا ہے۔ بسا اوقات لڑکے کے گھر والے لڑکی کے حوالے سے اعلیٰ معیار قائم کر لیتے ہیں اور اسی طرح لڑکی والے بھی اسی تصور کا شکار نظر آتے ہیں۔ اگر ہم دین اسلام کی تعلیمات کو مد نظر رکھیں تو ہمیں بڑی مفید راہنمائی ملتی ہے:

« إِذَا خَطَبَ إِلَيْكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِينَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوهُ،إِلَّا تَفْعَلُوا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الأَرْضِ، وَفَسَادٌ عَرِيضٌ »(۱)

جب تمہیں کوئی ایسا شخص پیغام نکاح بھیجے جس کے اخلاق و دین سے تم راضی ہو تو شادی کر دو اگر نہیں کرو گے تو زمین میں بڑا فساد بڑھے گا۔

اسی طرح حدیث میں آتا ہے:

« تُنْكَحُ المَرْأَةُ لِأَرْبَعٍ: لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَجَمَالِهَا وَلِدِينِهَا، فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّينِ، تَرِبَتْ يَدَاكَ »(۲)

عورت کا نکاح چار بنیادوں پر ہوتا ہے: اسکے مال، حسب ونسب، حسن جمال اور اس کا دین، اے مخاطب تو دین کو ترجیح دے۔

شادی میں تاخیر کے اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی ہے:

"بعض اوقات قوتِ فیصلہ اور بروقت فیصلہ کرنے کی قوت کی کمی کے سبب والدین اپنی بچیوں کے سلسلے میں بر وقت فیصلہ نہیں کر پاتے، بالآخر پریشان ہوتے ہیں اور والدین شادی میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں۔"(۳)

---

(۱) ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع ترمذی، ابواب النکاح، باب ماجاء اذا جاءکم من ترضون دینہ، حدیث نمبر ۱۰۸۴، دار السلام للنشر والتوزیع، ریاض، ۱۹۹۹ء

(۲) نسائی، سنن نسائی، کتاب النکاح، باب کراہیۃ تزویج الزناۃ، حدیث نمبر: ۳۲۳۲

(۳) معاویہ، محمد ہارون، ازدواجی زندگی کے راہنما اصول، دار الاشاعت، کراچی، ۲۰۰۵ء ص: ۷۸

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے زوجین پر نفسیاتی اثر پڑتا ہے اور خوشگوار ازدواجی زندگی میں رکاوٹ بنتا ہے۔لہذا جیسے ہی مناسب رشتہ ملے تو فوراً اسے عملی شکل دے دینی چاہیئے۔

درج بالا احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں رشتوں کے عمل میں صرف دین کو ترجیح دینا چاہیئے۔ آپ ﷺ نے دین کو اختیار کرنے اور دین کو ترجیح دینے کا حکم دیا گیا ہے۔

## جہیز کے مسائل

ہمارے معاشرے کا ایک بڑا مسئلہ جہیز کا ہے۔والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہماری بیٹی زیادہ سے زیادہ سامان لے کر خاوند کے گھر جائے تاکہ ساری زندگی اسے سسرال کے طعنے نہ سننے پڑیں۔لیکن اس میں ایک قباحت ہے اکثر طور پر والدین کے پاس اتنی استطاعت ہی نہیں ہوتی کہ وہ اتنا بھاری بھر کم سازوسامان بیٹی کو دینا برداشت کر سکیں۔لڑکی والوں کو بارات کے اخراجات، مہمانوں کی بہتر خاطر تواضع کرنا اور لڑکی کے لیے اچھا بناؤ سنگھار کرنا ہے بھی شامل ہے۔

ان سب کا حل نبی کریم ﷺ کی تعلیمات میں موجود ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی کس طرح سے کی؟

« لَمَّا تَزَوَّجَ عَلِيٌّ فَاطِمَةَ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَعْطِهَا شَيْئًا»، قَالَ: مَا عِنْدِي شَيْءٌ، قَالَ: «أَيْنَ دِرْعُكَ الْحُطَمِيَّةُ؟»»[1]

جب حضرت علی نے فاطمۃ رضی اللہ عنہا سے رشتہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے کہا تمھارے پاس حق مہر کے لیے کچھ ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا میرے پاس کچھ نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ تیری لوہے کی زرہ کہاں ہے؟

اس طرح آپ نے لوہے کی زرہ کے بدلے اپنی بیٹی فاطمہ کا نکاح کر دیا۔

آپ ﷺ کا یہ کرنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ نے صرف دین دیکھا، اور نکاح کر دیا اور داماد کے کاروبار، زرعی زمین، جائیداد کا نہیں پوچھا، جبکہ یا سارا کچھ ہمارے معاشرے کا بد قسمتی سے حصہ بن چکا ہے۔

## مشترکہ خاندانی نظام

پاکستان کے پانچ صوبے ہیں، ہر صوبے میں برادری، قبائل اور نسل پرستی کا غالب رنگ پایا جاتا ہے۔ پھر ہر برادری اور قبیلے کی اپنی ترجیحات اور رسوم ورواج ہیں جنہیں وہ ہر حال میں قائم رکھنا چاہتے ہیں۔ان مسائل میں ایک مسئلہ مشترکہ خاندانی نظام ہے۔یہ نظام کسی حد تک تو ایک خاص دورانیے تک کامیاب بھی کہا جا سکتا ہے۔ لیکن اکثر اس کا نتیجہ خاندانی خلفشار، انتشار کی صورت میں نظر آتا ہے۔خاتون نفسیاتی الجھنوں کا شکار ہو جاتی ہے، ذہنی و اعصابی تناؤ کا شکار ہو کر مستقل ذہنی مریضہ بن جاتی ہے۔اس حوالے سے مبشر حسین رقمطراز ہیں:

---

(۱) امام ابوداؤد، سنن ابوداؤد، کتاب النکاح، باب باب فی الرجل یدخل بامراتہ قبل ان ینقدہا شیئا، حدیث نمبر:۲۱۲۵، ۲/ ۲۴۰

"مشترکہ رہائش میں عورت بہت سے اسلامی تقاضوں کو پورا کرنے سے قاصر رہتی ہے جبکہ اسے نفسیاتی طور پر بھی بہت سی الجھنیں پیش آتی ہیں مثلاً عوت پر مرد کا حق زوجیت ہے اور وہ دن یا رات جب بھی چاہے عورت سے یہ حق وصول کر سکتا ہے لیکن اکٹھے رہنے سے یہ ناممکن ہے۔ عورت پر دیور، جیٹھ، نندوئی اور سسرال کی دیگر خواتین کے محرم افراد سے پردہ کرنا فرض ہے جو مشترکہ رہائش میں ممکن نہیں۔ عورت مرد کا مزاج سمجھنے اور اس کی موافقت و موانست کی پابند ہے کیونکہ یہ اس کی ازدواجی زندگی کے لیے ضروری ہے لیکن مشترکہ رہائش میں عورت کو دیگر سسرالی افراد کی مزاج سمجھ کر ان سے بھی نباہ کرنا پڑتا ہے، اس طرح مرد کی موافقت و موانست کرنا مشکل ہے۔"(۱)

قرآن و حدیث کی نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ زوجہ کے لیے بہتر سکونت، عدم ضرر اور بہتر اخراجات کے بندوبست پر ہونی چاہیئے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ﴾(۲)

تم اپنی طاقت کے مطابق جہاں تم رہتے ہو وہاں ان عورتوں کو رکھو اور انہیں تنگ کرنے کے لیے تکلیف نہ پہنچاؤ۔

یہ آیت کریمہ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ گھریلو خواتین کو پیار محبت سے گھر میں رکھنا چاہیے اور کسی بھی قسم کی اذیت سے انہیں بچانا چاہیے۔ اگر مشترکہ خاندانی نظام میں یہ منفی چیزیں ہوں گی تو یقینا خاندانی خلفشار و انتشار ہو گا اور عورت نفسیاتی دباؤ کا شکار ہو جائے گی اور کاموں کا بوجھ، طبیعت کا چڑچڑاپن اور رشتوں کی ناقدری بڑھ جاتی ہے۔

### تشدد کا رجحان

شریعت اسلامیہ نے شادی کا بنیادی مقصد سکون اور باہمی محبت و مودت قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً﴾(۳)

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہاری ہی جنس سے بیویاں پیدا کیں تاکہ تم ان سے آرام پاؤ اس نے تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی قائم کر دی۔

(۱) لاہوری، مبشر حسین، ہدایۃ العروس، نعمانی کتب خانہ، لاہور، ۲۰۰۳ء، ص:۳۶۱

(۲) سورۃ الطلاق:۶

(۳) سورۃ الروم:۲۱

زوجین کی خواہش ہوتی ہے کہ باہمی محبت قائم رہے۔ یہ محبت مسکراہٹوں، اچھے بول، کھانا کھانے کھلوانے، اچھے کپڑے پہن کر، نرم گفتگو، کبھی سن کر، کبھی سوچ کر، کبھی ارادہ کرکے اور کبھی بے ساختہ بھی ہو سکتی ہے۔ اس محبت کی مزید وضاحت مندرجہ ذیل آیات واحادیث کے ذریعے ہو سکتی ہے:

﴿وعاشروهن بالمعروف﴾ (۱)

اور ان (خواتین) کے ساتھ بھلے طریقے سے زندگی گزارو۔

اچھی زندگی گزارنا سنت نبوی ﷺ ہے۔ بیوی کے ساتھ محبت وپیار سے پیش آنا، اس سے بے اعتنائی نہ برتنا، اسے تشدد کا نشانہ نہ بنانا ایک اچھے خاوند کی صفت چاہیئے۔ اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا:

« خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِي » (۲)

تم میں سے بہترین وہ شخص ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہے، اور میں اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہے۔

ہارون معاویہ لکھتے ہیں:

"بیوی کے ساتھ ہنسی، دل لگی، خوشباشی کا جو مظاہرہ رسول اللہ فرمایا کرتے تھے وہ مثالی ہے۔ امت کے لیے نمونہ ہے جس پر عمل کرنے سے دین ودنیا میں کامیابی کی ضمانت ملتی ہے اور سکون یقینی ہو جاتا ہے۔" (۳)

خاوند کا بیوی کے لیے اچھا برتاؤ کرنا، حسن سلوک کرنا اور اس سے محبت و موافقت پیدا کرنا شادی کے بندھن کا بنیادی تقاضا ہے۔ قرآن کریم میں نیک عورت کی صفات ایک فرمانبردار اور "حافظات للغیب" کے طور پر بیان کی گئی ہیں۔ بیوی کے لیے ضروری ہے کہ وہ خاوند کی اطاعت گزار ہو اور ہر جائز معاملے میں خاوند سے موافقت کرے۔ اگر خاوند کا طور طریق تو ملنسار ہو اور درج بالا حدیث کے مطابق اس کا کردار ہو لیکن بیوی جھگڑالو اور فسادی ہو، تو قرآن کریم میں مرد کو کچھ پیش شرائط کے ساتھ نشوز کا حکم دیا گیا ہے:

﴿وَاللَّاتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيرًا﴾ (۴)

---

(۱) سورۃ النساء:۱۹

(۲) ترمذی، جامع ترمذی، کتاب المناقب، باب فضل ازواج النبی ﷺ، حدیث نمبر: ۳۸۹۵

(۳) محمد ہارون معاویہ، ازدواجی زندگی کے راہنما اصول، ص: ۲۶۴

(۴) سورۃ النساء:۳۷

اور جن عورتوں کی نافرمانی اور بد دماغی کا تمہیں خوف ہو انہیں نصیحت کرو اور انہیں الگ بستروں پر چھوڑ دو اور انہیں مار کی سزا دو پھر اگر وہ تابعداری کریں تو ان پر کوئی راستہ تلاش نہ کرو، بے شک اللہ تعالیٰ بڑی بلندی اور بڑائی والا ہے۔

اس آیت پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"یہ مطلب نہیں کہ تینوں کام بیک وقت کر ڈالے جائیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ نشوز کی حالت میں ان تینوں تدبیروں کی اجازت ہے۔ اب رہا ان پر عمل درآمد تو بہر حال اس میں قصور اور سزا کے درمیان تناسب ہونا چاہئے اور جہاں ہلکی تدبیر سے اصلاح ہو سکتی ہو، وہاں سخت تدبیر سے کام نہیں لینا چاہئے۔"(۱)

پاکستانی معاشرے میں خواتین پر تشدد کی مختلف صورتیں ہیں جن میں مارنا پیٹنا، جلا دینا اور تیزاب گردی وغیرہ ہے۔ خاتون فطرتا باحیا ہے اس لیے وہ اسے ذکر کرنے سے گھبراتی ہے۔ قیصر اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"While still fragmentary, data reveals strengthening associations between domestic violence and mental health. Depression, stress related syndromes, anxiety, drug dependency and suicide are consequences are observed in the short term context of violence in women lives."(2)

کئی اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ ذہنی صحت اور گھریلو تشدد میں گہرا تعلق ہے۔ اس بنا پر اعصابی تناؤ، کھچاؤ، ذہنی دباؤ، منشیات پر انحصار اور خودکشی عورتوں کی زندگیوں میں مختصر طور پر آنے والے اثرات کے طور پر نوٹ کیے گئے ہیں۔

اسی طرح پارلیمنٹ میں سال ۲۰۱۵ء کی رپورٹ پیش کی گئی:

According to the statistics of violence against women contained in a report to parliament by the ministry lf law, justice and human rights, there were 860, honour, killing(mostly women) 481 incidents of domestic violence, 90 cases of acid burning, 344 cases of

---

(۱) مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، ۲۰۰۰ء، ص:۳۵۰

(2) Dr. Fawad Kaiser, unfinished domestic violence in Pakistan, Daily Times, March 9, 2015

rape/harassment. That is just the official toll. Less than half of abuse is reported.(1)

وزارت قانون و انصاف اور انسانی حقوق کی طرف سے عورتوں پر تشدد کے بارے میں پیش کی گئی رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق ۸۶۰ عزت کے نام پر قتل (جن میں اکثر خواتین ہیں)، ۴۸۱ گھریلو تشدد کے واقعات، ۹۰ واقعات تیزاب سے جھلسنے والے، ۳۴۴ ریپ یا اجتماعی زیادتی کے واقعات ہیں۔ یہ حقائق سرکاری طور پر بیان کیے گئے ہیں۔

یہ تمام واقعات تشدد کی طرف اشارہ کرتے ہیں جن کا ہر طرح سے شریعت اسلامیہ قطعی طور پر مذمت کرتا ہے۔

**خاوند کا بیوی سے دور رہنا**

پاکستانی گھریلو خواتین کا ایک بڑا مسئلہ خاوند کا بیوی سے دور رہنا ہے۔ اس میں بسا اوقات خاوند بیرون ملک مقیم ہوتا ہے اور خاتون تنہائی کا شکار ہو جاتی ہے جس سے وہ تنہائی میں نفسیاتی مریضہ بن جاتی ہے۔ جبکہ دوسرا سبب مردوں کا اپنی بیویوں سے دور رہنا شامل ہے۔ مثلاً ایک مرد ایک ایسی جگہ کام کرتا ہے جہاں کئی کئی ماہ وہ اپنی بیوی سے ملاقات ہی نہیں کر سکتا۔ اس حوالے سے سب سے بہترین مثال حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے قائم کی جب انہوں نے ایک عورت کو اپنے خاوند کے بارے گنگناتے ہوئے سنا:

"أن عمر دخل على حفصة أم المؤمنين ﷺ فقال: يا بنيتى كم تحتاج المرأة إلى زوجها؟ فقلت: في خمسة أم ستة أشهر، فكان لا يغزي جيشا له أكثر من ستة أشهر فكتب إلى عماله بالغزو أن لا يجمّر أحد أكثر من أربعة أشهر"(۲)

ایک دن آپ رضی اللہ عنہ اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور فرمایا، بیٹی! شوہر کے بغیر عورت کتنے دنوں تک صبر کر سکتی ہے؟ انہوں نے کہا پانچ، چھ ماہ۔ تب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عمال کو لکھ بھیجا غزوات میں کسی شخص کو چار ماہ سے زائد مسلسل نہ رکھا جائے (بلکہ گھر بھیجا جائے) کچھ مدت کے لیے۔

**بے اولادی**

اولاد ہونا اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ یہ ایسی نعمت ہے جسے حاصل کرنے کے لیے انبیائے کرام نے دعائیں کیں کہ اللہ انہیں صالح اولاد نصیب فرمائے۔ معاشرتی زندگی میں خاندان بالعموم جبکہ عورت بالخصوص اولاد

---

(1) Dr. Fawad Kaiser, unfinished domestic violence in Pakistan, Daily Times, March 9, 2015

(۲) سیوطی، جلال الدین، تاریخ الخلفاء، مطبع فخر المطابع، لکھنو، ۱۳۲۱ھ، ص:۹۸

کی شدید خواہش رکھتی ہے اور اسی اولاد کے ساتھ وہ اپنے آپ کو اپنے خاندان اور معاشرہ میں مستحکم سمجھتی ہے۔ اگر اولاد نہ ہو تو اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کرتی ہے۔ معاشرہ میں اگر اس کے ہاں اولاد نہ ہو تو وہ صرف خاندان بلکہ معاشرہ کی طرف سے بھی طعنے برداشت کرتی ہے اور اسے ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنا پڑتی ہے جس سے وہ نفسیاتی طور پر پریشان ہوتی ہے اور خلفشار کا شکار ہو جاتی ہے۔ اس نفسیاتی دباؤ کے تحت وہ غیر شرعی کام سے بھی گریز نہیں کرتی، اور مختلف عاملین والوں کے پاس جا کر اپنے ایمان کو خطرے میں ڈالتی ہے۔ اس سلسلہ میں روزانہ اخبارات و رسائل بھرے ملتے ہیں۔

اس نفسیاتی دباؤ کو زائل کرنے کے لیے اپنے عقیدے کی اصلاح پر توجہ دینا ہوگی۔ سب سے پہلے انبیائے کرام کی التجاؤں پر توجہ دینا چاہئے کہ پریشانی کے عالم میں بھی انھوں نے صرف اللہ کو پکارا جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ سے دعا کی:

﴿رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ﴾(۱)

اے میرے رب مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما، پس ہم نے اسے ایک حلیم بیٹا عطا فرمایا۔

اسی طرح حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا کا یوں تذکرہ کیا:

﴿هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ﴾(۲)

اسی جگہ زکریا علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی، کہا کہ اے میرے پروردگار! مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرما، بے شک تو دعا کا سننے والا ہے۔

یہ دونوں دعائیں اس نفسیاتی پریشانی کا حل ہیں جو ایک خاتون بے اولادی کی صورت میں سامنا کرتی ہے۔ جب انبیائے کرام نے افضل ترین انسان ہوتے ہوئے بھی مایوسی اختیار نہیں کی، اور صرف اللہ سے مانگا تو ایسی خاتون جو بے اولادی کا شکار ہے اسے بھی اسی طرح ہی اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ اسی طرح عمومی طور پر ہر مسلمان کو اپنی اس نفسیاتی پریشانی کا حل اس دعا میں ڈھونڈنا چاہیے:

﴿وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا﴾(۳)

---

(۱) سورۃ الصافات: ۹۹-۱۰۰

(۲) سورۃ آل عمران: ۳۸

(۳) سورۃ الفرقان: ۷۴

اور یہ دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

اسی لیے رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

**«الدنیا کلها متاع، وخیر متاع الدنیا المرأة الصالحة»**(۱)

دنیا ساری کی ساری متاع ہے اور بہتر متاعِ دنیا نیک عورت ہے۔

## مجموعی نفسیاتی اثرات اور شرعی حل

پاکستانی معاشرہ میں جب گھریلو خاتون ان مسائل کا شکار ہوتی ہے تو اسے مندرجہ ذیل نتائج اس کی شخصیت میں ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں:

- ڈیپریشن (Depression)
- احساس کمتری(Sense of Inferiority)
- غصہ(Anger)
- خوف اور گھبراہٹ(Fear and Anxiety)
- خودکشی کی رجحان(Suicide Attempt)

جب معاشرہ میں ایک عورت مختلف مسائل سے گزرتی ہے تو اس پر مندرجہ بالا اثرات لاحق ہوتے ہیں۔ یہ تمام قسم کے نفسیاتی اثرات ایک ایسا مرض ہے جو انسان کی زندگی پر براہ راست اثرانداز ہوتا ہے۔ یہ اثرات تباہ کن ہیں کہ ڈیپریشن، احساس کمتری، غصے، خوف کا شکار مریض بڑے بڑے کام تو کجا، روزمرہ کے معمولی کاموں کو بھی بمشکل انجام دے پاتا ہے۔ ان تباہ کن اثرات کے باوجود ڈیپریشن کا مرض پوری دنیا میں ایک فیشن کی طرح پھیلتا جارہا ہے جس کا نہ تو کوئی مداوا ہے اور نہ ہی ازالہ ہوتا ہے اور بعض اوقات تو ڈیپریشن کے شکار لوگ بیماری کی انتہا تک پہنچ جاتے ہیں، ایسی انتہا جہاں سے علاج کی امید معدوم ہو جاتی ہے، لہٰذا یہ ضروری ہے کہ ڈیپریشن کے بارے میں صحیح معلومات حاصل کی جائیں اور ان معلومات کی مدد سے خود کو اور دوسروں کو اس مرض سے نمٹنے کی ترکیب فراہم کی جائے۔

انسان کا دماغ ایک کنٹرول روم کی مانند ہے جو انسان کے جسمانی اور جذباتی معاملات کو قابو میں رکھنے کا ذمہ دار ہے۔ ڈیپریشن کے ذریعے ایک ایسی دماغی حالت پیدا ہو جاتی ہے جو دماغ کو اپنا کام صحیح طریقے سے انجام دینے سے روک دیتی ہے۔ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جسے نظرانداز کرنا انتہائی خطرناک ہے لیکن ہم میں سے اکثر افراد اسے نظرانداز کر دیتے ہیں اور اس پر توجہ دے کر اس کے علاج کی طرف مائل ہونے سے کتراتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ لفظ "ڈیپریشن" کے ساتھ بہت سی غلط فہمیاں جڑ گئی ہیں اور یہ غلط فہمی ہی دراصل ایک غلط عمل کا راستہ فراہم کرتی ہے۔

---

(۱) نسائی، سنن نسائی، کتاب النکاح، باب المرأۃ الصالحۃ، حدیث نمبر: ۳۲۳۴

اس کی مثال کچھ یوں بھی کہ عام طور پر ڈیپریشن کو ایک بیماری سمجھا ہی نہیں جاتا بلکہ یہ ایک خاص طرح کی کیفیت سمجھی جاتی ہے جو کسی انسان پر ایک خاص عرصے تک طاری رہتی ہے جسے ہم کبھی مایوسی، کہیں افسردگی اور کہیں ملول ہونے کا نام دے دیتے ہیں اور کسی کو ڈیپریشن کی جانب توجہ دینے کی فکر تک نہیں ہوتی۔

اس کی ممکنہ وجوہات میں تعلقات کے مسائل، تنہائی و اکیلا پن، بیروزگاری، دماغی تغیرات، اضطراب اور بالخصوص اسی مرض میں مبتلا کسی شخص کو دیکھ کر بھی اس مرض میں مبتلا ہوتا بھی ہے۔ اسلام ایسا دین ہے جو ہمیں ایسی تعلیمات فراہم کرتا ہے جن پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مختلف بیماریوں اور تکالیف سے بچا جا سکتا ہے۔ جس کا اظہار غیر مسلم بھی ان الفاظ میں کرتے ہیں:

> "We must recognize that in Islam, our physical bodies have a right over us to take care of our health. Optimize our nutrition, get enough quality sleep and exercise regularly."
>
> ہمیں اس بات کو ضرور تسلیم کرنا چاہیے کہ اسلام میں ہمارے جسم کا یہ حق قرار دیا گیا ہے کہ ہم اپنی صحت کا خیال رکھیں، اپنی خوراک کا دھیان رکھیں، مناسب نیند حاصل کریں اور روزانہ ورزش کریں۔(۱)

جبکہ احادیث مبارکہ میں واضح طور پر کھانے، پینے، سونے، جاگنے، اور راحت و سکون کے حوالے سے تفصیل سے آداب سکھائے گئے ہیں اور انسانی جسم پر حقِ واجب قرار دیا گیا ہے کہ وہ اسے راحت و سکون فراہم کرے، جیسا کہ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

> «وإن لنفسک علیک حقا، فصم وأفطر، وصل ونم--»(۲)
>
> اور بے شک آپ کے نفس کا آپ پر حق ہے، پس آپ روزے رکھیں اور افطار بھی کریں اور نماز پڑھیں اور سوئیں بھی۔

جہاں پر انسانی جسم پر نیند اور عبادت کا حق ہے وہیں اس جسم کی نشوونما کے لیے خوراک کا بندوبست کرنا بھی ضروری ہے اور اس کے لیے حلال کمائی کی کوشش کرنا اور کمانا و کھانا بھی شرعی لحاظ سے فرض ہے جسطرح کہ احکامِ الٰہی ہے:

> ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ﴾(۳)

---

(1) Elia, Abu Amina (2015) http://abuaminaelias.com/curing-depressions-and-anxiety-with-islam/, retrieved on14th March 2016

(۲) بخاری، صحیح بخاری، باب صنع الطعام والتکلف للضیف، حدیث نمبر: ۶۱۳۹، ص: ۱۰۶۹

(۳) سورۃ البقرۃ: ۱۷۲

اے ایمان والو! ان پاکیزہ چیزوں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں دی ہیں اور اللہ کا شکر ادا کرو اگر تم اسی کی ہی عبادت کرنے والے ہو۔

جسمانی نشوونما کے لیے شریعت نے حلال مال کمانے اور خرچ کرنے کا حکم دیا ہے اس کے ساتھ ساتھ اپنے مسلمان بھائیوں کے لیے اچھے اور نیک جذبات رکھنا، خیر خواہی کرنا اچھے کلمات کہنا اچھے گمان رکھنا اپنے ذہن کو نفسیاتی بیماریوں سے کافی حد تک چھٹکارہ دلاتا ہے اور نفس کو ان قبیح چیزوں سے آزاد کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ قرآن کریم نے مومنوں کی تربیت بڑے احسن انداز میں کی ہے اور فرمایا ہے کہ:

﴿يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ ۖ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضًا ۚ أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيمٌ﴾(۱)

اے ایمان والو! بہت بدگمانیوں سے بچو یقین مانو کہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں۔ اور بھید نہ ٹٹولا کرو اور نہ تم میں سے کوئی کسی کی غیبت کرے۔ کیا تم میں سے کوئی بھی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے؟ تم کو اس سے گھن آئے گی، اور اللہ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

اس آیت کا مضمون ان تمام وسواس اور شیطانی حملوں کی بنیاد ہے جن کا شکار ایک خاتون ہوتی ہے اور بدگمانیاں، چغلیاں غیبت و جاسوسی کرکے اپنے آپ کو نفسیاتی مریضہ بنالیتی ہے۔ اور نفسیاتی مریضہ بھی ایسی آخری درجہ کی بنتی ہے کہ اس سے اس کی نوبت خاندان ٹوٹنے تک پہنچ جاتی ہے۔

قرآن کریم و احادیث نبویہ میں ان تمام احکامات اور پند و نصائح کا تذکرہ موجود ہے جن پر عمل پیرا ہو کر معاشرتی خاتون گھریلو مسائل سے نکل سکتی ہے اور عملی طور پر منفی نفسیاتی اثرات سے بچ سکتی ہے۔ اس کا سب سے بہترین حل قرآن کریم میں سورۃ رعد میں بتایا گیا ہے:

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾(۲)

جو لوگ ایمان لائے ان کے دل اللہ کے ذکر سے اطمینان حاصل کرتے ہیں۔ یاد رکھو اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو تسلی حاصل ہوتی ہے۔

قرآن کریم میں انبیاء کے واقعات و قصص میں بہترین عبرت ہے۔ ان واقعات سے جو سبق ملتا ہے وہ بنیادی طور پر صبر، شکر اور ذکر کا ہے۔ جن مسائل و مصائب کا سامنا انبیاء کو کرنا پڑا امت کے کسی فرد کو اس کا عشر عشیر بھی

---

(۱) سورۃ الحجرات:۱۲

(۲) سورۃ الرعد:۲۷

نہیں برداشت نہیں ہو سکتا۔ مثلاً غزوہ احد میں صحابہ کی شہادت، بئر معونہ کا واقعہ، صلح حدیبیہ کا واقعہ وغیرہ، ڈھارس بندھاتے ہیں۔

## خلاصہ

پاکستانی معاشرہ ایک ایسا معاشرہ ہے جو مختلف قبائل، ذاتوں اور برادریوں کا مجموعہ ہے۔اس میں ہر قبیلہ، برادری اور علاقہ اپنے اپنے رسم ورواج کا پابند ہے۔ مقالے میں جہاں خاتون کا مقام اسلام، ہندومت، یہودیت اور عیسائیت کے ہاں بیاں کیا گیا ہے، ساتھ ہی اختصاراً عورت کو معاشرتی طور پر جن مسائل کا سامنا ہے اس حوالے سے بتایا گیا، مثلاً مشترکہ خاندانی نظام، تاخیر سے شادی، خاندان کی بے اعتنائی اور خاتون پر تشدد کے حوالے سے مختلف ابحاث شامل ہیں۔ پاکستانی معاشرے میں جہاں خاتون جہاں گھریلو مسائل کا شکار ہے وہیں معاشی مسائل اسکے لیے علیحدہ پریشانی کا باعث بنتے ہیں جن میں مال کو ہوس اور مال کی کمی دونوں ہی عورت کو نفسیاتی طور پر پریشان کرتے ہیں۔ اسی طرح حادثات بیماریوں اور خاندان میں ہونے والی اموات بھی خاتون کے لیے نفسیاتی ہیجان کا باعث بنتی ہیں۔ موجودہ دور میں مختلف ٹی وی چینلز پر چلنے والے ڈرامے اور کرائم شوز تمام جملہ طور پر خاتون کے لیے نفسیاتی پریشانی کا باعث بنتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے ممکن حد تک ان گورکھ دھندوں میں پڑنے کی بجائے انسان کو انسان سمجھا جائے، مسلمان کو اپنا بھائی سمجھا جائے اس کی جان، مال عزت کا تحفظ کیا جائے۔ اور اگر اس سے کسی نقصان کا اندیشہ ہو اللہ سے خیر و بھلائی کا سوال کرنا چاہیے۔ یہی نفسیاتی دباؤ اور اسکے اثرات سے نکلنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

## سفارشات

- سماج میں خواتین کو ان کا تفویض شدہ مقام ومرتبہ دینا خاندان اور معاشرہ کی ضرورت ہے۔
- پاکستانی معاشرہ میں خواتین کے حقوق کے لیے خصوصی طور پر قانون سازی کی ضرورت ہے۔
- گھریلو مسائل سے آگاہی کے لیے خواتین کی تعلیم وتربیت کا اہتمام سکول و کالج اور یونیورسٹی سطح پر بطور سلیبس آگاہی کرانا ضروری ہے۔
- میڈیا پر ایسے شوز کا انعقاد ضروری ہے جن سے خواتین کے مسائل سے آگاہی ہو اور مناسب حل بھی تجویز ہونا چاہیئے۔
- یہ شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے کہ تمام گھریلو ونفسیاتی مسائل کا حل شریعتِ اسلامیہ کی روشنی میں ہی ممکن ہے۔
- زوجین کی تربیت کا اہتمام کرنا جن سے دونوں کو ایک دوسرے کی ضرورت واہمیت کا ادراک ہو۔

- خاندان کی سطح پر ترجیحات کا تعین شریعت اسلامیہ کی بنا پر ہونا چاہیے نہ کہ دنیاوی ترجیحات، جن سے بعد میں مسائل پیدا ہوں۔
- پارلیمنٹ میں ایسی قانون سازی ہونی چاہیے جن سے عورتوں کے رشتہ طے ہونے سے لے کر وراثت ملنے تک حقوق پر عملدرآمد کے لیے ضروری کمیٹیوں کا انعقاد ہو تاکہ ان قوانین پر مناسب طریقے سے عمل ممکن بنایا جاسکے۔

❁ ❁ ❁

# مقدمہ فی اصول التفسیر از شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا اسلوب اور منہج (تحقیقی جائزہ)

# Exploring Methodology of Shaykh-ul-Islām Ibn-e Taymiyyah in Muqaddimah fī Uṣūl al-Tafsīr

ڈاکٹر ثناء اللہ*
عبدالحی**

## ABSTRACT

Taqī al-Dīn Aḥmad Ibn-e-Taymiyyah was a great revivalist, jurist and interpreter of Noble Qur'ān of 7th century. This academic work was designed to explore the methodology of Ibn-e-Taymiyyah in Muqaddimah fī Uṣūl al-Tafsīr "مقدمة فی تفسیر القرآن".

Qualitative research methodology was used for the analysis of data. The review of literature revealed that it was his unparalleled academic work on tafsīr which had addressed even minor doubts raised about authentic Hadīth and presented their solution. In addition to that, he had addressed the complications faced in each phase of tafsīr. He had collected the academic pearls in very few pages and made it clear that how the Noble Qur'ān should be understood and interpreted? Many of the exegesis of Qur'ān did not reflect real message of Qur'ān. In this connection, Ibn-e-Taymiyyah disclosed that merely knowing Arabic language was not enough for the tafsīr of Holy Qur'ān. The Qur'ānic interpretation could not be correct until it was compiled in the light of Qur'ān and Hadīth because he was the real interpreter of Holy Qur'ān.

After prophetic age, his companions (Ṣaḥāba), and their followers (Tābi'īn) interpreted the real meanings of Qur'ān. In this context the real message of Qur'ān could only be understood by consulting the interpretation of Holy Prophet (ﷺ), his companions and their followers. He also highlighted the fundamental principles needed for the exegesis of Holy Qur'ān. It was therefore recommended that his work should be included into the curriculum of Islamic studies to make our students aware in order to differentiate between right and wrong interpretations of Holy Qur'ān. Finally it is the dire need of time to revive the tafsīr literature in the light of these principles so that the modern exegesis could by analyzed and corrected to reflect the real message of Qur'ān.

***Keywords**: Methodology, Shaykh-al-Islām, Ibn-e-Taymiyyah, Muqaddimah fī Uṣūl al-Tafsīr.*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن وتفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
** لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

**مقدمہ فی اصول تفسیر کا تعارف**

مقدمہ فی اصول تفسیر شیخ الاسلام کا بڑا اہم، قابل قدر اور شاہکار کہے جانے کے لائق کارنامہ ہے، جو شیخ کی فن تفسیر میں مہارت، وسعتِ نظری اور قوتِ استنباط پر دلالت کرتا ہے۔ علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس مختصر و بے نظیر رسالے میں بہت عمدہ اور مدلل بحث فرمائی ہے اور خاص طور پر صحیح حدیث میں شک پیدا کرنے والے باریک سے باریک شبہات کو کریدا اور نہایت کامیاب طریقہ سے ان کا حل پیش کیا ہے۔ اس کے علاوہ ہر طبقہ کے اصحابِ تفسیر کو اصول تفسیر میں جو الجھنیں پیش آتی رہی ہیں، ان کو نہایت عمدگی سے سلجھایا ہے۔

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ رسالہ بہت بڑا احسان ہے۔ گنتی کے چند صفحات میں معلومات کا خزانہ ہے، اس میں امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے واضح کیا ہے کہ کتاب اللہ کو کس طرح سمجھنا چاہیے، اور کتاب اللہ کی تفسیر کس طرح کرنی چاہیے۔ تفسیریں تو بہت سی ہیں مگر ان تفسیروں نے کتاب اللہ پر پردے ڈال دیئے ہیں۔ کتاب اللہ عقلیات کی کتاب ہے، نہ کیمسٹری اور میڈیکل کی، یہ تو انسانی ہدایت کے لیے آئی ہے اور اس کو ہدایت کا ذریعہ ہی سمجھنا چاہیے۔

علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شریعت اور لغت کو جاننے والا ہی تفسیر کر سکتا ہے۔ تفسیر کے لیے محض عربی لغت کا علم کافی نہیں، بہترین تفسیر قرآن کی تفسیر قرآن کے ذریعے ہے، اس کے بعد سنت کے ذریعے کیونکہ تفسیر اس وقت تک صحیح نہیں ہو سکتی جب تک رسول اللہ ﷺ سے حاصل نہ کی جائے، کیونکہ قرآن کے حقیقی شارح اور مفسر رسول اللہ ﷺ ہی ہیں، کوئی دوسرا نہیں۔ اس کے بعد بہترین تفسیر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تفسیر ہے جنہوں نے نبی کریم ﷺ سے بلاواسطہ علمِ الٰہی کو حاصل کیا، اس کے بعد تفسیرِ قرآن کا علم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے تابعین کی طرف منتقل ہوا۔ پھر تابعین عظام نے اسے اپنے بعد والوں کے لیے ورثہ کے طور پر چھوڑا، یہی قرآن فہمی کے لیے اہم اور ضروری مراتب ہیں۔[1] شیخ الاسلام نے یہ بھولی ہوئی بنیادی حقیقت بڑی خوبی سے یاد دلائی ہے، اور وہ تمام اصول بیان کر دیئے ہیں جو کتاب اللہ کی تفسیر کے لیے ضروری ہیں۔ علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس رسالے کے بعض مباحث میں اختصار سے کام لیا ہے جب کہ اپنی دوسری تصانیف میں اس کی تفصیل فرمادی ہے۔

**مقدمہ فی اصولِ تفسیر کی اہمیت**

اصولِ تفسیر پر اپنی نوعیت کی یہ پہلی اہم تصنیف ہے جس کی مثال تفسیر کے وسیع ذخیرہ میں نہیں ملتی، بعض اہلِ نظر کا خیال ہے کہ اس سے پہلے اصول تفسیر میں ایسی وقیع، مختصر اور جامع تحریر پورے اسلامی لٹریچر میں نہیں ملتی۔[2]

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ترجمہ: عبدالرزاق ملیح آبادی، تحقیق: محمد عطاء اللہ بھوجیانی، المکتبۃ السلفیۃ، لاہور، طبع ندارد: ۲۰۰۱ء، ص: ۵۸-۶۹

(۲) ندوی، مولانا ابوالحسن علی، تاریخ دعوت وعزیمت، مجلس تحقیقات ونشریاتِ اسلام، طبع گیارہویں: ۲۰۰۵ء، ۲/۳۱۶

اس کے بعد گو بہت سی اہم اور قابلِ قدر مختصر و مفصل تصنیفات وجود میں آئیں مگر ان میں اسی مقدمہ سے استفادہ کیا گیا ہے، بعد میں آنے والوں میں سے اکثر کی بنیاد یہی رسالہ ہے، حتیٰ کہ امام ابن کثیر، امام قاسمی وغیرہ نے اپنی تفاسیر میں بھی اسی سے استفادہ کیا ہے۔ اسی طرح علوم القرآن کی کتابوں میں امام بدرالدین زرکشی رحمۃ اللہ علیہ (م۷۴۵ھ) نے "البرہان"، امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (م۹۱۱ھ) نے "الاتقان" اور امام شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۱۷۶ھ) نے "الفوز الکبیر" میں اسی کو مدنظر رکھا ہے اور الفوز الکبیر کی بعض مباحث مثلاً شانِ نزول تو اسی سے ماخوذ معلوم ہوتی ہے۔ اس رسالہ کو اپنے موضوع ہی میں نہیں خود شیخ الاسلام کی تصانیف میں بھی کئی حیثیتوں سے بڑا امتیاز حاصل ہے، ایک خاص بات اس کے اسلوب کا امتیاز بھی ہے۔ شیخ کی دوسری تصانیف کے بر خلاف اس میں نہایت مربوط و منضبط طریقہ پر گفتگو کی گئی ہے اور اس کے مباحث میں کوئی انتشار اور کسی طرح کی بے ربطی نہیں پائی جاتی۔ کتب اصول کے طرزِ ادا کے مطابق اس میں بھی اختصار اور بقدر ضرورت کلام پر اکتفا کیا گیا ہے۔ یہ حشو وزوائد سے پاک ہے اور آج بھی اس کی اہمیت ویسے ہی ہے جیسے پہلے تھی، جو اس پر کئے گئے کام کی بدولت معلوم ہوتی ہے کہ اس رسالہ کی بہت سی شروحات لکھی گئی ہیں، ان میں سے بعض نیٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| ۱-شرح مقدمہ فی اصول التفسیر | ڈاکٹر مساعد بن سلیمان الطیار |
| ۲-شرح مقدمہ فی اصول التفسیر | الشیخ محمد بن عمر بن سالم بازمول |
| ۳-شرح مقدمہ فی اصول التفسیر | الشیخ صالح بن عبد العزیز بن محمد آل الشیخ |
| ۴-شرح مقدمہ فی اصول التفسیر | الشیخ محمد بن صالح العثیمین |

اس رسالے کے مختلف اجزاء متفرق طور پر کتابوں میں ملتے تھے لیکن مستقل تالیف کا پتہ نہ چلتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے دمشق کے ایک حنبلی عالم استاذ محمد جمیل کو ۷۱۲ھ کا لکھا ہوا ایک مخطوطہ ملا جسے انہوں نے ۱۳۵۵ھ میں شائع کیا۔[1]

**مصنف کا تعارف**

شیخ الاسلام تقی الدین ابو العباس احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام بن عبد اللہ بن تیمیہ حرانی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ، سوموار ۱۲ ربیع الاول ۶۶۱ھ میں حران میں ایک علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے دور کے مجدد، مفسر، مجتہد اور فقیہ تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد، چچا اور دادا سب عالم، فاضل اور خطیب تھے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا خاندان قوتِ حافظہ اور قوتِ بیان میں ممتاز و یگانہ تھا۔ چھوٹی عمر میں ہی قرآن مجید حفظ کر لیا، حفظِ قرآن کے بعد حفظِ حدیث کی طرف متوجہ ہوئے، سب سے پہلے امام حمیدی کی "الجمع بین الصحیحین" کو یاد کیا، اس کے بعد کتب ستہ، مسند احمد، سنن دار قطنی وغیرہ کا مختلف شیوخ سے کئی مرتبہ سماع کیا، بعد ازاں لغت کی طرف متوجہ ہوئے اور احکام فقہیہ کی معرفت حاصل کی اور ان کا بڑا حصہ ازبر کر

(۱) طیار، ڈاکٹر مساعد، فصول فی اصول التفسیر، دار ابن جوزی، طبع سوم: ۱۴۲۰ھ، ص: ۱۲

لیا۔ امام صاحب کو ان کی زندگی میں متعدد بار قید میں ڈالا گیا اور آخری مرتبہ قید کے اندر ہی ۲۰ ذوالقعدہ ۷۲۸ھ کو وفات ہوئی۔[۱]

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد اور بہت سے جلیل القدر علماء اور مشائخ مثلاً ابن عبد الدائم اور ابن ابی الیسر وغیرہ سے علمی منازل کو طے کیا۔[۲] مشہور تلامذہ میں ابن قیم جوزیہ رحمۃ اللہ علیہ (۶۹۱۔۷۵۱)، امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ (۶۷۳۔۷۴۸)، امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ (۷۰۰۔۷۷۴) وغیرہ شامل ہیں۔[۳]

مشہور تصانیف "الجواب الصحیح لمن بدل دین المسیح"، "منهاج السنة النبوية"، "مجموع فتاوی"، "الصارم المسلول على شاتم الرسول" وغیرہ ہیں۔[۴]

## علم تفسیر میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا مقام اور مرتبہ

تفسیر قرآن امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف اور فکر کا خاص موضوع ہے اور تفسیری ذوق آپ رحمۃ اللہ علیہ کی طبیعت میں اس قدر رچ بس گیا تھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی تصنیف ایسی نہیں جس میں تفسیرِ قرآن کا مواد نہ ملے، آیات سے استدلال اور ان کی توضیح و تفسیر نہ ہو، آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے جب کوئی آیت آتی ہے تو اس کی تفسیر کئے بغیر آگے نہ جاتے۔ فن تفسیر میں خدمات کا اندازہ آپ کے مجموعہ فتاویٰ سے ہوتا ہے، جس کی پوری چار پانچ ضخیم جلدیں (تیرہ تا سترہ) صرف فن تفسیر کے مباحث پر مشتمل ہیں، علاوہ ازیں قرآن مجید کی مختلف سورتوں کے متعدد تفسیری مجموعے تفسیر سورۃ الاخلاص، تفسیر معوذتین اور تفسیر سورۃ نور وغیرہ شائع ہو چکے ہیں۔، تذکرہ نگاروں نے فن تفسیر میں بھی ان کے اختصاص و امتیاز کا ذکر کیا ہے مثلاً امام ذہبی (م۷۴۸ھ) فرماتے ہیں:

> "وَأما التَّفْسِير فَمُسلَّمٌ إِلَيْهِ وَله فِي استحضار الْآيَات من الْقُرْآن وَقت إِقَامَة الدَّلِيل بهَا على الْمَسْأَلَة قُوَّة عَجِيبَة وَإِذا رَآهُ المقرىء تحير فِيهِ ولفرط إِمَامَته فِي التَّفْسِير وعظمة اطِّلَاعه يبين خطأ كثير من أَقْوَال الْمُفَسّرين ويُوهِّي أقوالا عديدة وينصر قولا وَاحِدًا مُوَافقا لما دلّ عَلَيْهِ الْقُرْآن والْحَدِيث."[۵]

---

(۱) ابوزہرہ، محمد، حیات شیخ الاسلام ابن تیمیہ، مترجم: رئیس احمد جعفری، المکتبۃ السلفیۃ، طبع دوم: ۱۹۷۱ء، ص:۵۱-۶۶

(۲) ذہبی، محمد بن احمد، تذکرۃ الحفاظ، دار الکتب العلمیۃ بیروت، طبع اول: ۱۹۹۸ء، ۴/ ۱۹۲

(۳) محمد ابوزہرہ، حیات شیخ الاسلام ابن تیمیہ، ص:۷۶۷-۷۸۴

(۴) ایضاً، ص:۷۴۲-۷۵۷

(۵) مقدسی، محمد بن احمد بن عبد الہادی، العقود الدریۃ من مناقب شیخ الاسلام احمد بن تیمیہ، تحقیق: علی بن محمد العمران، دار عالم الفوائد، مکہ مکرمہ، طبع اول: ۱۴۳۲ء، ص:۳۶

> اور تفسیر میں ان کی حیثیت مسلم تھی، انہیں آیات قرآنی سے استدلال میں عجیب قدرت حاصل تھی، جب کوئی قاری اس کو دیکھتا تو حیران ہوتا تفسیر میں اسی امتیاز کی وجہ سے انہوں نے بہت سے مفسرین کی غلطیاں واضح کی ہیں اور بہت سے اقوال کو ضعیف گردانتے ہوئے صرف اس قول کی تائید کرتے ہیں جو قرآن وحدیث کے موافق ہو۔

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول سے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے تفسیری ذوق کے ساتھ ساتھ ان کا منہج بھی واضح ہوتا ہے۔ تفسیرِ قرآن کے سلسلہ میں علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک سلف صالحین کی راہ چلنا اور ان کی اتباع تھا، منہاجِ سلف سے ہٹنا انہیں گوارہ نہیں تھا۔

**سبب تالیف**

شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے یہ رسالہ دو وجوہ کی بنا پر لکھا: ایک وجہ تو بعض شاگردوں کی فرمائش ہے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

> "فَقَدْ سَأَلَنِي بَعْضُ الْإِخْوَانِ أَنْ أَكْتُبَ لَهُ مُقَدِّمَةً تَتَضَمَّنُ قَوَاعِدَ كُلِّيَّةً تُعِينُ عَلَى فَهْمِ الْقُرْآنِ وَمَعْرِفَةِ تَفْسِيرِهِ وَمَعَانِيهِ وَالتَّمْيِيزِ فِي مَنْقُولِ ذَلِكَ وَمَعْقُولِهِ بَيْنَ الْحَقِّ وَأَنْوَاعِ الْأَبَاطِيلِ وَالتَّنْبِيهِ عَلَى الدَّلِيلِ الْفَاصِلِ بَيْنَ الْأَقَاوِيلِ."(۱)
>
> مجھ سے میرے بعض بھائیوں نے درخواست کی کہ میں ایک ایسا مقدمہ لکھ دوں جس میں وہ اصولی اور بنیادی باتیں مذکور ہوں جن سے قرآن مجید سمجھے اور اس کی تفسیر و معانی کو جاننے میں مدد ملے، اور ان سے معقول و منقول کے درمیان تمیز اور حق و باطل کے مابین فرق و امتیاز ہو سکے، نیز مختلف اقوال کے درمیان قول فیصل کا پتہ چل سکے۔

دوسری وجہ یہ بیان کی کہ کتب تفسیر رطب و یابس سے بھری ہوئی ہیں تو ان سے آگاہی انتہائی ضروری ہے:

> "فَإِنَّ الْكُتُبَ الْمُصَنَّفَةَ فِي التَّفْسِيرِ مَشْحُونَةٌ بِالْغَثِّ وَالسَّمِينِ وَالْبَاطِلِ الْوَاضِحِ وَالْحَقِّ الْمُبِينِ."(۲)
>
> کیونکہ اب تک تفسیر میں جو کتابیں لکھی گئی ہیں وہ غلط و صحیح، نیز کھرے اور کھوٹے کا مجموعہ ہیں۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس رسالہ میں صرف وہ ہی قواعد کلیہ بیان کیے گئے ہیں جن کے جاننے سے فہم قرآن میں بڑی مدد ملتی اور حق و باطل (غلط و صحیح) کے درمیان امتیاز کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ یہ اصول امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ سے پہلے کسی مفسر نے اس طرح بیان نہیں کئے تھے گویا کہ ان قواعد اور اصول کی طرف سب پہلے انہوں نے مفسرین کی توجہ دلائی ہے۔

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، تحقیق: محمد صبحی بن حسن حلاق، مکتبۃ المعارف، ریاض، طبع اول: ۲۰۱۰، ص: ۱۷

(۲) ایضاً، ص: ۱۷

## مقدمہ فی اصول التفسیر کے مباحث

اس مقدمہ کے اہم موضوعات کو امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے مندرجہ ذیل پانچ فصول میں تقسیم کیا ہے:

**پہلی فصل:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا الفاظ کے ساتھ معانی کو بیان کرنا۔

**دوسری فصل:** سلف کی تفسیر میں اختلاف تنوع اور اختلافِ تضاد۔

**تیسری فصل:** اختلاف کی دو نوعیتیں: ۱۔ نقل کے اعتبار سے ۲۔ استدلال کے اعتبار سے

**چوتھی فصل:** تفسیر کے سب سے بہترین طریقے۔

**پانچویں فصل:** تفسیر بالرائے۔

## پہلی فصل: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا الفاظ کے ساتھ معانی کو بیان کرنا

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے اس رسالہ میں سب سے نمایاں چیز امام صاحب کا یہ اعتقاد جازم ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی مکمل توضیح و تشریح فرمادی ہے، اس کا کوئی پہلو تشنہ نہیں چھوڑا اور اس کا ایسا کوئی گوشہ نہیں جو تفصیل کا محتاج ہو، اسی لیے امام صاحب نے اس مقدمہ میں بھی بحث کا آغاز اس بات سے کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فرائض منصبی کے لحاظ سے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو الفاظ کے ساتھ معانی بھی سکھائے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے سات دلائل دیے جن میں سے چار نقلی اور تین عقلی دلائل ہیں:

۱۔ سب سے پہلی دلیل جو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کی وہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ﴾[1]

(اور ہم نے تم پر بھی یہ کتاب نازل کی ہے) تاکہ جو ارشادات لوگوں پر نازل ہوئے ہیں وہ ان پر ظاہر کردو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داری لوگوں کو پہچانا اور اسے بیان کرنا ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داری صرف یہی نہیں تھی کہ جو کلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ کی طرف سے نازل ہو، اسے پڑھ کر لوگوں کو سنادیا کریں یا لکھوادیا کریں یا آپ اسے خود بھی یاد کرلیں اور دوسروں کو بھی یاد کروادیا کریں، بلکہ اس کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مزید اہم ذمہ داری کا ذکر کیا جارہا ہے کہ جو کچھ آپ پر نازل ہوا ہے اس کا مطلب اور تشریح و توضیح بھی لوگوں کو بتادیا کریں۔ اگر کسی کو کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو سمجھادیا کریں۔ اگر وہ کوئی سوال کریں تو انھیں اس کا جواب دیا کریں۔

۲۔ دوسری اہم دلیل یہ ذکر کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تھوڑا تھوڑا سکھایا، اس لیے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قرآن کے علم اور عمل دونوں کو سیکھا جیسا کہ ابو عبد الرحمن سُلمی تابعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے:

---

(۱) سورۃ النحل: ۴۴

"حَدَّثَنَا الَّذِينَ كَانُوا يُقْرِئُونَنَا الْقُرْآنَ: كَعُثْمَانِ بْنِ عفان وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَغَيْرِهِمَا أَنَّهُمْ كَانُوا إِذَا تَعَلَّمُوا مِنْ النَّبِيِّ ﷺ عَشْرَ آيَاتٍ لَمْ يُجَاوِزُوهَا حَتَّى يَتَعَلَّمُوا مَا فِيهَا مِنْ الْعِلْمِ وَالْعَمَلِ قَالُوا : فَتَعَلَّمْنَا الْقُرْآنَ وَالْعِلْمَ وَالْعَمَلَ جَمِيعًا"(۱)

جن لوگوں نے ہمیں پڑھایا مثلاً عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وغیرہ نے کہا: جب ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دس آیتوں کی تعلیم حاصل کرتے تو اس وقت تک آگے نہ جاتے جب تک ان آیتوں کا علم اور عمل نہ سیکھ لیتے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں: ہم نے قرآن کا علم و عمل دونوں کو اکٹھے سیکھا۔

اس دلیل سے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات کو واضح کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تھوڑا تھوڑا سکھایا کرتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی تھوڑا تھوڑا سیکھتے یعنی قرآن کے الفاظ ہی نہیں بلکہ انہوں نے اس کے معانی کو بھی سمجھا انسان عمل اس وقت کرتا ہے جب اسے سمجھ آجائے، اور بغیر سمجھ کے صحیح و درست عمل ممکن نہیں ۔ اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ایک سورت کے حفظ میں کئی سال لگ جایا کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے سورۃ البقرۃ کے حفظ میں آٹھ سال لگائے۔(۲)

۳۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دعویٰ پر تیسری دلیل یہ ذکر کی ہے کہ قرآن مجید میں متعدد مقامات میں تدبر کا حکم دیا گیا ہے مثلاً:

﴿كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ﴾(۳)

یہ کتاب جو ہم نے تم پر نازل کی ہے بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں۔

اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ سبحانہ نے قرآن اس لیے نازل کیا ہے کہ اس کے معانی میں غور و فکر کیا جائے۔ تدبر کے بغیر محض تلاوت کے لیے نازل نہیں کیا ہے۔ یہ ایسی بابرکت کتاب ہے جو انسانی زندگی کے ہر پہلو میں اس کی رہنمائی کرتی ہے اور اس کی پیروی میں انسان کا فائدہ ہی فائدہ ہے اور نقصان کا کوئی احتمال نہیں اور اگر صاحب عقل و دانش اس میں کچھ غور و فکر کریں تو صحیح نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں اور اس کتاب کی خیر و برکت سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ کیسے ممکن ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان آیات مبارکہ کو سنتے اور پھر قرآن مجید میں غور فکر نہ کرتے۔

---

(۱) شیبانی، احمد بن محمد بن حنبل، مسند، حدیث نمبر: ۲۳۴۸۲، تحقیق: شعیب الأرنوط، عادل مرشد وآخرون، مؤسسۃ الرسالۃ، طبع اول: ۲۰۰۱ء، ۴۶۶/۳۸

(۲) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول تفسیر، ص: ۱۳

(۳) سورۃ ص: ۲۹

۴۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے دعویٰ کی چوتھی دلیل بھی قرآن مجید سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت مبارکہ:

﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ﴾(۱)

ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے تاکہ تم لوگ سمجھ سکو۔

میں جو قاعدہ ذکر کیا ہے کہ کلام عقل میں نہیں آسکتی جب تک کہ اسے سمجھا نہ جائے۔یعنی کلام کا فہم و تدبر اس کے معنی کو شامل ہے۔ قرآن پاک کے پہلے مخاطب چونکہ عرب تھے اس لیے یہ عربی زبان میں نازل ہوا تاکہ وہ سمجھ سکیں۔ "تاکہ تم سمجھو" سے یہ بات بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن کی تلاوت کرنا کافی نہیں ہے بلکہ اس کو سمجھنا اور اس کا فہم حاصل کرنا ضروری ہے۔

۵۔ الفاظ کے ساتھ معانی کو بیان کرنے کے دعوی کی پانچویں دلیل عقلی بیان کی ہے، فرماتے ہیں:

"وَمِنْ الْمَعْلُومِ أَنَّ كُلَّ كَلَامٍ فَالْمَقْصُودُ مِنْهُ فَهْمُ مَعَانِيهِ دُونَ مُجَرَّدِ أَلْفَاظِهِ فَالْقُرْآنُ أَوْلَى بِذَلِكَ"(۲)

ہر گفتگو اس لیے کی جاتی ہے کہ اس کے معنی سمجھے جائیں نہ کہ صرف لفظ سن لیے جائیں اور قرآن کا معاملہ تو بدرجہ اولیٰ فہم و تدبر کا متقاضی ہے۔

انسان کو باقی مخلوقات پر فضیلت کی وجوہات میں سے ایک بولنا بھی ہے، اور انسان کا بولنا با مقصد ہے جو اسے حیوانات سے ممتاز کرتا ہے، اگر یہ گفتگو میں صرف ایسے الفاظ ادا کرے جن کا کوئی معنی نہ ہو تو یہ گفتگو کرنا بے معنی ہو جاتا ہے۔ جب عام گفتگو کا یہ عالم ہے تو قرآن مجید تو کلام الٰہی ہے جس کا بغیر مفہوم اور معانی کے ہونا ناممکنات میں سے ہے۔

۶۔ اس دعوی کی چھٹی دلیل بھی نقلی پیش کی ہے فرماتے ہیں:

"الْعَادَةُ تَمْنَعُ أَنْ يَقْرَأَ قَوْمٌ كِتَابًا فِي فَنٍّ مِنْ الْعِلْمِ كَالطِّبِّ وَالْحِسَابِ وَلَا يستشرحوه"(۳)

انسانی عادت و طبیعت اس بات کا انکار کرتی ہے کہ لوگ کسی فن مثلاً طب اور حساب کی کتاب پڑھیں، اور اس کے سمجھنے کی کوشش نہ کریں۔

انسانی فطرت ہے کہ وہ کوئی بھی مضمون پڑھے لیکن اسے نہ سمجھے تو یہ پڑھنا اسے کوئی فائدہ نہیں دے گا۔ جب عام کتابوں کا یہ حال ہے تو کتاب اللہ کا فہم کس قدر ضروری ہے، جس میں مسلمانوں کا بچاؤ، نجات، سعادت اور کامیابی ہے اور جس سے ان کے دین و دنیا کی فلاح وابستہ ہے۔

---

(۱) سورۃ یوسف:۲

(۲) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول تفسیر، ص:۱۴

(۳) ایضاً

۷۔اس دعوی کی ساتویں دلیل تفسیر میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا قلتِ اختلاف ہے:

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بعد والوں کی بہ نسبت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اختلاف بہت کم ہے، اگر ہے بھی تو ناسخ منسوخ اور بیان کی مختلف وجوہ میں ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان کا مرکز و مصدر ایک ہی تھا یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، جنہوں نے ان کے لیے مکمل قرآن مجید کو بیان کر دیا۔

اس بحث سے قرآن مجید کی تفسیر کی وسعت ظاہر ہوتی ہے کہ جو صرف قرآن کے الفاظ کے معانی ہی نہیں بلکہ اسلامی زندگی کی عملی تصویر ہے اور سنت تو تمام کی تمام قرآن کی تفسیر ہے جو اس کے عموم کی تخصیص، مطلق کو مقید اور مراد کو واضح کرتی ہے، اسی لیے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل قرآن مجید کی تفسیر بیان کر دی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی تفسیر کو حاصل کیا اس لیے اس کا حکم مرفوع کا ہے اور تابعین عظام رحمۃ اللہ علیہم کی تفسیر جنہوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے تفسیر کو حاصل کیا، خاص طور پر کبار تابعین جیسے مجاہد رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ جنہوں نے مفسرِ قرآن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کم از کم تین مرتبہ ایک ایک آیت کی تفسیر حاصل کی، کا رتبہ بھی بہت بلند ہے۔

## دوسری فصل: سلف صالحین کی تفسیر میں اختلافِ تنوع اور اختلافِ تضاد

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے دوسری اہم بحث "سلف صالحین کے اختلاف کی نوعیت" کو اس مقدمہ میں بیان کیا ہے، ان کے نزدیک تفسیر کا اختلاف، احکام کی بہ نسبت انتہائی کم ہے اور ان کا اکثر اختلاف تنوع کا ہے، تضاد کا نہیں ہے۔(۱)

اس اختلاف کی دو اقسام بیان کی ہیں:

**پہلی قسم:** امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی قسم یہ بیان کی ہے کہ لفظ کے معنی متحد یعنی ایک ہوں لیکن اس کے الفاظ وعبارتیں مختلف ہوں۔

اس کی بہت سی مثالیں دی گئی ہیں:

جیسے سیف، صارم اور مہند تینوں کا مسمی ایک ہی ہے یعنی تلوار لیکن اس کے الفاظ مختلف ہیں۔

یہی معاملہ اللہ سبحانہ وتعالی کے اسماء وصفات کا ہے، اللہ تعالی کے تمام نام وصفات کا مسمّٰی ایک ہی ہے، تو اس کے اسماء حسنی میں سے کسی ایک نام سے پکارنا اس کے دوسرے ناموں کی مخالفت اور ضد نہیں ہے۔

---

(۱) اختلاف تنوع اور اختلاف تضاد میں فرق: اختلاف تضاد جس میں دو اقوال کے درمیان جمع ممکن نہ ہو، کیونکہ دو ضدیں جمع نہیں ہو سکتیں۔ اختلاف تنوع جس میں دو مختلف اقوال کے درمیان جمع ممکن ہو، کیونکہ ان میں سے ہر ایک نے ایک نوع کو ذکر کیا ہوتا ہے اور نوع جنس میں داخل ہے اور جب جنس ایک ہو تو کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (عثیمین، محمد بن صالح، شرح مقدمۃ التفسیر لابن تیمیۃ، اعداد وتقدیم: ڈاکٹر عبداللہ بن محمد الطیار، دار الوطن، ریاض، طبع اول: ۱۹۹۵ء، ص:۲۹)

جیسے اللہ تعالی کا حکم ہے:

﴿قُلِ ادْعُواْ اللهَ أَوِ ادْعُواْ الرَّحْمَنَ أَيًّا مَّا تَدْعُواْ فَلَهُ الأَسْمَاء الْحُسْنَى﴾[۱]

کہہ دو کہ تم معبود برحق کو اللہ کے نام سے پکارو یا رحمٰن کے نام سے جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے ہیں۔

اللہ تعالی کا ہر نام اس کی ذات اور اس کی خاص صفت پر دلالت کرتا ہے جیسے علیم ذات الٰہی پر بھی دلالت کرتا ہے اور صفت علم پر بھی اسی طرح قدیر، رحیم وغیرہ۔ یہی حال نبی کریم ﷺ کے ناموں کا ہے محمد، احمد، ماحی، قاسم، حاشر وغیرہ۔ اسی طرح قرآن کے نام ہیں جیسے قرآن، فرقان، شفاء، ہدی، بیان، کتاب وغیرہ اسی طرح لفظ صراط مستقیم ہے کہ وہ قرآن ہے اور اسلام ہے وغیرہ۔[۲]

اس قسم کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ سلف صالحین کا کسی لفظ کی تفسیر کو بیان کرنے کا طریقہ واضح ہو کہ اس میں سے کسی نے معنی کو ظاہر کرنے کے لیے ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جو دوسرے کے الفاظ سے مختلف ہیں، اور مطلب کے اس حصہ پر دلالت کرتے ہیں جس پر دوسرے کے لفظ دلالت نہیں کرتے مگر دونوں کے الفاظ کا مسمیٰ ایک ہے، یا یہ کہ ہر ایک مفسر نے ایسے وصف کی طرف اشارہ کیا ہے جو دوسرے کے وصف سے الگ ہے۔یعنی ان کے ہاں اختلاف تضاد کا نہیں ہے بلکہ تنوع کا ہے جس کا مسمی ایک ہے اور صفات مختلف ہیں۔

**دوسری قسم:** امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے دوسری قسم یہ بیان کی ہے کہ عام میں سے کسی ایک نوع کو بطور مثال پیش کیا جائے تاکہ سامع آگاہ ہو، اس کی جامع مانع تعریف کرنا مقصد نہیں ہوتا۔ اس کی مثال یہ دی کہ کسی عجمی کو خبز کا معنی سمجھانے کے لیے اگر روٹی کی طرف اشارہ کرے تو اس سے اس کی نوع مراد ہوگی نہ کہ صرف وہی روٹی جو معنی سمجھانے کے لیے دکھائی گئی۔

قرآن مجید سے اس کی مختلف مثالیں دی گئی ہیں ان میں سے ایک درج ذیل ہے:

﴿ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ﴾[۳]

پھر ہم نے ان لوگوں کو کتاب کا وارث ٹھہرایا جن کو اپنے بندوں میں سے برگزیدہ کیا۔ تو کچھ تو ان میں سے اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں اور کچھ میانہ رو ہیں اور کچھ اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے نکل جانے والے ہیں۔

اس آیت میں ظالم لنفسہ سے واجبات کا ضائع کرنے والا اور محرمات کا ارتکاب کرنے والا اور مقتصد سے واجبات کی پابندی کرنے والا اور منہیات سے بچنے والا اور "سابق بالخیرات" سے مراد واجبات کے ساتھ حسنات میں سبقت کے ذریعہ قرب الٰہی تلاش کرنے والا مراد ہے۔

---

(۱) سورۃ الاسراء:۱۱۰

(۲) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول تفسیر، ص:۱۹-۲۱

(۳) سورۃ فاطر:۳۲

اب کوئی مفسر حسنات وطاعات میں سے کسی ایک نوع کا ذکر کر دیتا ہے مثلاً سابق سے مراد وہ ہے جو اول وقت نماز ادا کرتا ہے اور مقتصد سے جو درمیانے اوقات میں اور ظالم لنفسہ سے جو نماز عصر کو اصفرار شمس تک مؤخر کر دیتا ہے۔[1]

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: تفسیر میں کسی ایک نوع کا تذکرہ کرنا، آیت کے عموم میں شامل ہے، اس سے غرض یہ ہے کہ سامع سمجھ جائے اور اس کے تذکرہ سے اس کے اشباہ ونظائر کی طرف اس کا ذہن منتقل ہو جائے۔ کیونکہ کسی چیز کی تعریف سے بات اتنی واضح نہیں ہوتی جتنی مثال سے آسان ہو جاتی ہے اور عقل سلیم مثال سے نوع کو جان لیتی ہے۔

**اسباب نزول**

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی قسم میں سبب نزول کو بھی شامل کیا ہے۔ سبب نزول کا علم آیت کے سمجھنے میں مدد دیتا ہے کیونکہ سبب معلوم ہونے سے مسبب بھی معلوم ہو جاتا ہے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب سلف صالحین کہتے ہیں کہ یہ آیت فلاں معاملے میں نازل ہوئی ہے تو ان کی ایک غرض یہ ہوتی ہے کہ آیت کا سبب نزول یہ ہے۔ اس بارے میں سلف صالحین سے بہت سی مثالیں ہیں خاص طور پر جب تفسیر میں سبب نزول میں شخص مذکور ہو جیسے آیتِ ظہار اوس بن صامت کے بارے میں، آیتِ لعان عویمر عجلانی اور ہلال بن امیہ، آیتِ کلالہ جابر بن عبد اللہ، اور آیت:

﴿وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ﴾[2]

اور ہم پھر تاکید کرتے ہیں کہ جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اسی کے مطابق ان میں فیصلہ کرنا۔

بَنو قُرَیظہ اور بنو نضیر کے معاملہ میں اور آیت:

﴿وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ﴾[3]

اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

انصار کی جماعت کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اسی کی مثل وہ ذکر کرتے ہیں کہ مشرکین مکہ یا اہل کتاب یہود و نصاریٰ یا مؤمنین کے خاص گروہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے تو ان اقوال سے ان کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ ان آیتوں کے احکام انہی کے ساتھ خاص ہیں اور دوسروں کا ان سے کوئی تعلق نہیں، کوئی عقل مند یہ بات نہیں کر سکتا، بلکہ مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان آیات کا سبب نزول بیان کیا جائے۔

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول تفسیر، ص:۲۱-۲۲

(۲) سورۃ المائدۃ:۴۹

(۳) سورۃ البقرۃ:۱۹۵

سلف صالحین کا یہ کہنا کہ یہ آیت فلاں معاملے میں نازل ہوئی ہے، کا دوسرا مقصد یہ ظاہر کرنا ہوتا ہے کہ وہ معاملہ اس آیت کے حکم میں داخل ہے، اگرچہ وہ معاملہ خود سبب نزول سے نہ بھی ہو۔ سبب نزول کی تعبیر کے لیے دو قسم کے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں:

۱۔ ایک وہ الفاظ جو صریح اور واضح ہیں۔ جیسے کوئی واقعہ پیش آیا یا کسی کے سوال کرنے کی وجہ سے یہ آیات نازل ہوئیں۔ جیسے سورۃ المجادلہ کی ابتدائی آیات ظہار کے بارے میں نازل ہوئیں، اسی طرح سورۃ الممتحنہ کی ابتدائی آیات حاطب بن ابی بلتعہ کے بارے میں نازل ہوئیں۔

۲۔ دوسرے جن کے الفاظ غیر صریح اور غیر واضح ہیں۔ جن کے بارے میں محتمل الفاظ کے ساتھ بیان کیا گیا ہو یا جیسے کہا جائے کہ اس آیت کا نزول اس معنی کو شامل ہے یا یہ معاملہ آیت کے معنی میں داخل ہے۔

﴿فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا﴾

ان کا طواف کر لینے میں بھی کوئی گناہ نہیں۔

عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ سے آیت کی تفسیر کے بارے میں کہا کہ اگر کوئی صفا مروہ کا طواف نہ بھی کرے تو کوئی گناہ نہیں، اگر یہ مطلوب ہوتا تو اللہ تعالی یوں فرماتے اگر اَن لا یطوف بِهِمَا اگر ان کا طواف نہ کرے گا تو گناہ نہیں۔ یہ آیت انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ وہ حالت احرام میں منات کا نام پکارتے تھے اور یہ بت قدید کے مقام پر نصب تھا اسی وجہ سے صفا و مروہ کی سعی کو برا سمجھتے تھے۔ جب وہ اسلام لائے تو اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی ہے۔ (۱)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے دوسرے معنی پر متنبہ کیا ہے اور خاص طور پر جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ایک آیت کے بارے میں متعدد اقوال ہوں تو پھر اس مشکل کے حل میں امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے دو احتمالات ذکر کئے ہیں:

۱۔ ایک آیت بہت سے اسباب کے بعد نازل ہوئی ہو، تو بہت سے واقعات اس کے نزول کا سبب بن گئے مثلاً

﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ﴾ (۲)

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاؤ۔

اس کا ایک سبب نزول صحیح بخاری میں جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے فرماتے ہیں:

"كَانَتِ الْيَهُودُ تَقُولُ:إِذَا جَامَعَهَا مِنْ وَرَائِهَا جَاءَ الْوَلَدُ أَحْوَلَ، فَنَزَلَتْ:﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ﴾" (۳)

---

(۱) بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب ان الصفا والمروۃ، حدیث نمبر: ۴۴۹۵، دار السلام، طبع دوم: ۱۹۹۹ء

(۲) سورۃ البقرۃ: ۲۲۳

(۳) بخاری، صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ﴾، حدیث نمبر: ۴۵۲۸

یہودی کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس اس کے پیچھے سے آئے تو بچہ بھینگا ہوتا ہے (ان کے اس خیال کی تردید میں) یہ آیت نازل ہوئی۔

اور دوسرا سبب ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت جس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہنے لگے کہ:

«يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلَكْتُ قَالَ:«وَمَا أَهْلَكَكَ»؟قَالَ:حَوَّلْتُ رَحْلِي اللَّيْلَةَ، قَالَ:فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ شَيْئًا،قَالَ:فَأُوحِيَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ هَذِهِ الْآيَةُ:﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ﴾ أَقْبِلْ وَأَدْبِرْ، وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالحَيْضَةَ»[(۱)]

اے رسول اللہ! "میں ہلاک ہو گیا" آپ نے پوچھا: تجھے کس چیز نے ہلاک کیا؟ کہنے لگے "میں نے آج اپنی سواری پھیر لی۔" آپ نے کچھ جواب نہ دیا تاآنکہ آپ پر یہ آیت نازل ہوئی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آگے سے صحبت کرو یا پیچھے سے مگر دبر میں یا حیض کی حالت میں مجامعت نہ کرو۔

تو یہ اختلاف تنوّع کا ہے کیونکہ مراد یہ ہے کہ وہ آیت کے معنی میں داخل ہے، تو ان کے اقوال ایک دوسرے کے قول سے رد نہیں کئے جائیں گے۔

۲۔ دوسرا احتمال یہ بیان کیا کہ ایک آیت دو مرتبہ نازل ہوئی ہو، ایک مرتبہ اس سبب کی وجہ سے، دوسری مرتبہ دوسرے سبب کی وجہ سے مثلاً

﴿ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ﴾[(۲)]

عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر پھیر کر بھاگ جائیں گے۔

عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہ آیت مکہ میں نازل ہوئی اور میں کہتا تھا کہ کونسی جماعت شکست خوردہ ہے اور غزوہ بدر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو زرع پہنے ہوئے یہ آیت مبارکہ پڑھتے ہوئے سنا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوہ بدر کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی جب کفار نے کہا تھا﴿نَحْنُ جَمِيعٌ مُنْتَصِرٌ[(۳)]﴾[(۴)]

لیکن یہ احتمال ضعیف ہے جیسا کہ ڈاکٹر مساعد طیار اس مقدمہ کی شرح میں کہتے ہیں:

"وهذا الإحتمال فيه ضعف، فهو لم يرد عن السلف، وإنما هو تخريج عقلي لورود الآثار بأكثر من سبب للآية الواحدة"[(۵)]

---

(۱) ترمذی، محمد بن عیسی، سنن، ابواب تفسیر القرآن عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب ومن سورۃ البقرۃ، حدیث نمبر:۲۹۸۰، دار السلام، طبع اول:۱۹۹۹ء، علامہ الالبانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔

(۲) سورۃ القمر:۴۵

(۳) سورۃ القمر:۴۴

(۴) طبری، محمد بن جریر، جامع البیان فی تاویل القرآن، تحقیق: احمد محمد شاکر، مؤسسۃ الرسالۃ، طبع اول:۲۰۰۰ء، ۲۲/۶۰۲

(۵) طیار، ڈاکٹر مساعد، شرح مقدمہ فی اصول تفسیر، دار ابن جوزی، طبع دوم:۱۴۳۸ھ، ص:۱۰۳

اس احتمال میں ضعف ہے جو سلف سے منقول نہیں ہے یہ تو صرف ایک آیت کے بارے میں ایک سے زیادہ آثار آنے کی وجہ سے عقلی توجیہات ہیں۔

اس کے بعد شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی قسم لفظ ایک سے زائد معانی کی وجہ سے پیدا ہونے والے اختلاف کی دو صورتوں کو ذکر کیا ہے۔

**مشترک لفظی**

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ایک ہی لفظ کے مختلف معانی ہوں جیسے لفظ عسعس آنے اور جانے دونوں معانی پر بولا جاتا ہے اسی طرح لفظ "قسورۃ" شیر اور تیر انداز دونوں پر بولا جاتا ہے اور اسی طرح لفظ "قرء" بمعنی حیض اور طہر دونوں پر بولا جاتا ہے۔"(۱)

اور اس کی بہت سی مثالیں پیش کی ہیں۔

**ترادف و تضمن**

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی قسم میں ترادف و تضمن کی بحث کو بھی شامل کیا ہے، ترادف کا لغوی معنی ہے دو لفظوں کا ہم معنی یا قریب المعنی ہونا، لفظاً مختلف ہونا اور معنیً ایک ہونا۔(۲) سلف صالحین نے لفظ کا مطلب قریب المعنی الفاظ میں ادا کیا۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک لغت میں مترادف الفاظ بہت ہی کم ہیں اور قرآن میں یا تو معدوم ہیں یا نہایت نادر ہیں۔ چنانچہ قرآن میں ایک ہی مطلب کے لیے ایسے دو لفظ مشکل سے ملیں گے جو بالکل ہم معنی ہوں۔ البتہ قریب المعنی لفظ ملیں گے اور یہ بھی قرآن کا اعجاز ہے۔

**مثال:**

﴿يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْرًا﴾(۳)

جس دن آسمان لرزنے لگے کپکپا کر۔

مور کے معنی حرکت کے ہیں یہ لفظ کے قریبی معنی ہیں کیونکہ مور کے معنی حرکت نہیں بلکہ ہلکی تیز حرکت کو مور کہتے ہیں۔ اس طرح کی بے شمار مثالیں ہیں جن کو جمع کرنا نہایت مفید ہے کیونکہ یہ بات مفہوم کو کہیں زیادہ واضح کر دیتی ہے۔

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر:۲۵

(۲) کیرانوی، وحید الزمان قاسمی، القاموس الوحید، ادارہ اسلامیات، طبع اول:۲۰۰۱ء، ص:۶۱۵

(۳) سورۃ الطور:۹

## تضمن

تضمن کا معنی ہے کسی لفظ کو دوسرے لفظ کی جگہ لا کر اُسی جیسا معاملہ کرنا اس بنا پر کہ یہ لفظ اُس لفظ کے معنی پر مشتمل ہے۔[۱] امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے تضمن کے حوالہ سے مفسرین کی غلطی کو واضح کیا ہے کہ عربوں کا دستور اپنی جگہ درست ہے کہ فعل میں معنی فعل شامل کر دیتے ہیں اور دونوں سے یکساں برتاؤ کرتے ہیں لیکن بعض مفسرین نے یہاں غلطی کی اور بعض حروف کو ایک دوسرے کا قائم مقام بنا دیا۔ جیسا کہ انہوں نے مندرجہ ذیل آیات میں کیا ہے۔

﴿قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَى نِعَاجِهِ﴾[۲]

انہوں نے کہا کہ یہ جو تیری دنبی مانگتا ہے کہ اپنی دنبیوں میں ملا لے بیشک تجھ پر ظلم کرتا ہے۔

﴿مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ﴾[۳]

بھلا کون ہیں جو اللہ کی طرف بلانے میں میرے مددگار ہوں۔

اس تفصیل کا یہ مطلب نہیں کہ سلف میں سرے سے کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ ان میں خفیف اختلاف پایا جاتا ہے جیسا کہ احکام میں ہم دیکھتے ہیں مگر ضروری احکام تو سب لوگوں کو معلوم ہیں اور ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے جیسے نماز کی رکعات کی تعداد، رمضان کے روزے زکواۃ کا نصاب وغیرہ۔

## اسباب اختلاف

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس بحث کے آخر میں اس نکتہ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اول تو کتاب اللہ میں اختلاف نہیں ہونا چاہیے، دوسرا اگر اختلاف ہے بھی تو سلف میں وہ تھوڑا ہے اور اس اختلاف کا سبب کیا ہے تو اس کی مندرجہ ذیل چند وجوہات ذکر کی ہیں:

"وَالِاخْتِلَافُ قَدْ يَكُونُ لِخَفَاءِ الدَّلِيلِ أَوْ لِذُهُولٍ عَنْهُ وَقَدْ يَكُونُ لِعَدَمِ سَمَاعِهِ وَقَدْ يَكُونُ لِلْغَلَطِ فِي فَهْمِ النَّصِّ وَقَدْ يَكُونُ لِاعْتِقَادِ مُعَارِضٍ رَاجِحٍ"[۴]

اختلاف کا سبب کبھی دلیل کا پوشیدہ ہونا ہے، کبھی نص کے سمجھنے میں غلطی کا ہونا، اور کبھی عدم سماع، اور بعض مرتبہ راجح معارض کی وجہ سے۔

یعنی امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے سلف صالحین میں تفسیر کے اختلاف کی چار وجوہ ذکر کی ہیں۔

---

(۱) وحید الزمان قاسمی، القاموس الوحید، ص:۹۷۷

(۲) سورۃ ص:۲۴

(۳) سورۃ الصف:۱۴

(۴) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۲۸

## تیسری فصل: تفسیر میں اختلاف کی نوعیتیں

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے تیسری فصل میں تفسیر میں اختلاف کی نوعیت کی دو اقسام بیان کی ہیں:

۱۔ نقل ۲۔ استدلال

### ۱۔ نقل کے اعتبار سے

قرآن مجید کی تفسیر کے ہم تک پہنچنے کا ایک نہایت اہم اور مستند ذریعہ نقل ہے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

> "منقول سے مراد ہر وہ روایت جو معصوم (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) یا غیر معصوم (صحابہ، تابعین، تبع تابعین وغیرہ) سے ہم تک پہنچی ہو۔ وہ روایت جس سے بھی ہو اس کی صحت وضعف معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ موجود ہے تو یہ مقبول ہے اور اسی علم کی مسلمانوں کو ضرورت ہے۔"

اور جس روایت کی صحت وضعف معلوم نہ ہو وہ بے فائدہ ہے اس پر گفتگو کرنا عبث ہے۔ جیسے اصحاب کہف کے کتے کا رنگ کیسا تھا، موسی علیہ السلام نے گائے کا کونسا ٹکڑا مقتول کو مارا تھا۔ وغیرہ۔ ان معاملات کا علم نقل کے ذریعہ ہی حاصل ہو سکتا ہے، عقل کے ذریعہ نہیں۔

وہ مبہم امور جن کا تعلق علم سے ہے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح منقول ہیں تو یہ صحیح تفسیر کا حصہ ہیں اور ان کے درست ہونے میں کوئی شک نہیں، جیسے موسی علیہ السلام کے ساتھی کا نام خضر علیہ السلام تھا تو یہ معلوم ہے اور درست ہے۔[1]

علم کا وہ ذریعہ جو نقل سے ہی تعلق رکھتا ہے لیکن اس کے ہم تک پہنچنے میں یا تو کوئی ضعف ہے یا اس کے قبول ومردود ہونے میں اختلاف ہے یا کوئی مردود روایت کو بھی بیان کرتا ہے تو اس حوالے سے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس فصل کو چار اہم مباحث میں تقسیم کیا ہے اور ان پر جامع انداز میں بحث کی ہے۔

۱۔ اسرائیلیات ۲۔ حدیث مرسل ۳۔ خبر واحد ۴۔ موضوعات

ان میں سے اکثر اخبار کا تعلق اسرائیلیات سے ہے اس لیے سب سے پہلے ان کا حکم ذکر کیا ہے۔

### اسرائیلیات

وہ روایات جو اہل کتاب سے نقل کی جائیں جیسے کعب الاحبار، وہب بن منبہ اور محمد بن اسحاق وغیرہ نے اہل کتاب سے بہت سی روایات نقل کی ہیں، تو امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا کیا حکم بیان کیا ہے

شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۲۹

"اسرائیلیات سے استشہاد کے لیے روایت تو کی جا سکتی ہے مگر اعتقاد کے لیے نہیں اس کی وجہ اسرائیلیات کی تین اقسام ہیں:

۱۔ ایک وہ روایات ہیں جن کی صحت معلوم ہے اوران کی صحت ہماری شریعت میں موجود ہے۔ تو یہ صحیح روایات ہیں جو مقبول ہیں۔

۲۔ دوسری وہ روایات ہیں جن کا جھوٹا ہونا ہماری شریعت کی مخالفت کی وجہ سے معلوم ہے، اس لیے یہ مردود ہیں۔

۳۔ تیسری وہ روایات ہیں جن کے بارے میں خاموشی ہے نہ وہ پہلی قبیل سے ہیں نہ دوسری۔ تو نہ ان کی تصدیق جائز ہے اور نہ تکذیب البتہ ان کو بیان کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ حدیث مبارکہ میں موجود ہے۔"(۱)

انہوں نے دلیل کے طور پر درج ذیل حدیث پیش کی ہے:

«لا تُصَدِّقُوا أَهْلَ الكِتَابِ وَلا تُكَذِّبُوهُمْ،وَقُولُوا: ﴿آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا﴾»(۲)

اہل کتاب تم سے جو بیان کریں تو ان کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب اور کہو ہم اللہ پر اور جو ہم پر اتارا گیا ہے ایمان لائے ہیں۔

تاکہ اگر یہ باطل ہو تو اس کی تصدیق نہ کرو اور اگر حق ہو تو اس کی تکذیب نہ کرو۔

مزید فرماتے ہیں:

"اسرائیلی روایات کی بہت سی امثلہ ذکر کیں، مثلاً اصحاب کہف کے نام کیا تھے؟ ان کے کتے کا رنگ کیسا تھا؟ عصائے موسی کس درخت کا تھا؟ وہ کون سے پرندے تھے جن کو ابراہیم علیہ السلام کے لیے زندہ کیا گیا؟ وغیرہ ایسے بہت سے امور ہیں جن کو اللہ تعالی نے مبہم رکھا ہے اور ان کے علم کا کوئی فائدہ بھی نہیں ہے لیکن اس بارے میں اہل کتاب کا اختلاف نقل کرنا جائز ہے مگر اس بارے میں قرآنی تعلیم یہ ہے کہ جب مختلف فیہ واقعہ کا تذکرہ ہو تو اس جگہ تمام اقوال کا تذکرہ کرکے صحیح قول کی طرف اشارہ کیا جائے تاکہ بحث طول نہ پکڑے اور لوگ بے فائدہ باتوں میں پڑ کر اہم مسائل سے غافل نہ ہو جائیں جیسے سورہ کہف میں اصحاب کہف کی تعداد کا اختلاف ذکر کیا گیا ہے اور آخر میں ایک قول الگ ذکر کرکے اس کی صحت کی طرف اشارہ کیا ہے۔"(۳)

---

(۱)　ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۶۱

(۲)　بخاری، صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب ﴿قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا﴾، حدیث نمبر:۴۴۸۵

(۳)　ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۶۲،۶۱

**حدیث مرسل**

حدیث مرسل کی تعریف کرتے ہوئے حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"هو ما سقط من آخر إسناده مَنْ بعد التابعي"(۱)

وہ حدیث ہے جس کی سند کے آخر سے تابعی کے بعد والا راوی گرا ہو (خواہ وہ صحابی ہو یا تابعی)۔

محدثین اور فقہاء کے نزدیک حدیث مرسل کے حکم میں اختلاف ہے۔ جمہور محدثین نے اس کے قبول کرنے میں توقف کیا ہے، مالکیہ اور احناف نے اسے مطلقاً قبول کیا ہے، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو قبول کیا ہے مگر اس شرط کے ساتھ کے اس کی دوسری سند موجود ہو جو پہلی سند کو واضح کرتی ہو۔(۲)

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مرسل کا حکم امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے قریب ہے، فرماتے ہیں:

"مرسل روایتیں اگر کئی طریقوں سے مروی ہوں اور انہیں گھڑنے کی سازش نہ کی گئی ہو تو قطعاً صحیح ہے۔ جب روایت میں نہ جھوٹ بولا گیا ہو اور بھول چوک بھی نہ ہوئی ہو تو روایت بلاشک صحیح ہو گی۔"(۳)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مثال کے ذریعہ مرسل کو واضح کیا ہے، فرماتے ہیں:

"یہ تو ممکن ہے کہ دو شاعر ایک ہی شعر کہہ دیں مگر دو شاعر ایک لمبا قصیدہ ایک ہی الفاظ و معانی سے کہہ دیں یہ عادتاً ناممکن ہے۔ اسی مثال پر حدیث کو قیاس کرلیں خاص طور لمبی حدیث جس میں متعدد مضامین ہوں۔ اکثر منقولات کی صحت انہی مختلف طریقوں سے معلوم کی جاتی ہے۔ لیکن منقولات اور دوسرے دقائق کی تحقیق کی یہ راہ نہیں ہے۔"

خلاصہ کلام یہ ہے کہ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خبر مرسل نہ تو مطلقاً قابل قبول ہے نہ مطلقاً مردود بلکہ کچھ شرائط کے ساتھ قابل قبول ہے۔

**خبر واحد**

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خبر واحد حجت ہے خاص طور پر جب امت کے اہل علم سے اسے تصدیق یا عمل کے ذریعہ تلقی بالقبول حاصل ہو جائے تو یہ علم کو واجب کر دیتی ہے۔ آئمہ اربعہ کے متبعین نے بھی اس

---

(۱) ابن حجر عسقلانی، احمد بن علی، النکت علی نزہۃ النظر فی توضیح نخبۃ الفکر، تحقیق: علی حسن بن علی، دار ابن الجوزی، طبع دوم: ۱۴۳۲ھ، ص:۱۰۱

(۲) ایضاً

(۳) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۴۸

بات کو واضح کر دیا ہے البتہ بعض متاخرین میں سے کچھ نے اس سے اختلاف کیا ہے اور متکلمین کی راہ کو اپنایا ہے اور اکثر متکلمین مثلاً ابو اسحاق اسفرائینی اور ابن فورک وغیرہ بھی اس مسئلہ میں اصحاب حدیث وسلف سے متفق ہیں۔(۱)

**موضوعات**

یہ موضوع نہایت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بعض مفسرین نے موضوع روایات کو اپنی تفاسیر میں شامل کیا ہے، ضروری تھا کہ ان کی اس غلطی سے آگاہ کیا جائے، امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے کتب تفسیر میں موضوعات کے حوالے سے دو قسم کے لوگوں کا تذکرہ کیا ہے:

ایک اہل بدعت اور غالی جیسے روافضہ ہیں جنہوں نے علی رضی اللہ عنہ اور ان کے آل اور عاشوراء وغیرہ کے فضائل پر احادیث گھڑیں۔ تفسیر میں انہوں نے بڑا گہرا اثر چھوڑا، حتی کہ اہل سنت کی تفاسیر میں یہ روایات داخل ہو گئیں جیسے تفسیر ثعلبی۔

دوسرے بعض اہل زہد جنہوں نے فضائل اعمال میں من گھڑت احادیث بیان کی ہیں۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے خاص طور پر تین کتب تفسیر پر تنقید کی ہے جن میں موضوع روایات موجود ہیں، اور وہ تفسیر ثعلبی، تفسیر واحدی اور تفسیر زمخشری ہیں، ان تینوں تفاسیر نے سورتوں کے فضائل میں موضوع روایات ذکر کی ہیں۔(۲)

**۲-استدلال**

علم کے حصول کا دوسرا اہم ذریعہ استدلال ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس قسم میں لوگوں نے دو جہت سے غلطی کی ہے جو صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کے بعد کی تفسیروں کی پیداوار ہے۔

ایک جہت ان لوگوں کی ہے جنہوں نے پہلے سے اپنے کچھ عقائد اور نظریات بنا لیے پھر قرآنی الفاظ کو کھینچ تان کر ان پر منطبق کرنے لگے۔ یہ صرف اپنے ٹھہرائے معنی پر اڑے رہے۔ بعض مرتبہ ان کی غلطی دلیل اور مدلول دونوں میں تھی جیسے معتزلہ اور اباضیہ مثلاً جنہوں نے قیامت کے دن اللہ کی رؤیت کا انکار کیا اور بعض مرتبہ غلطی صرف دلیل میں تھی جیسے صوفیہ کا آیت فلما فصل طالوت کا اپنی طرف سے مفہوم بیان کرنا کہ ﴿إن أول بيت وضع للناس﴾ ظاہری معنی خانہ کعبہ، باطنی معنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں جن پر ایک موحد شخص ہی ایمان لا سکتا ہے(۳)، اس جہت میں اہل بدعت کے درج ذیل فرق خوارج، روافض، جہمیہ، معتزلہ، قدریہ اور مرجئہ شامل ہیں۔ اس جہت میں لکھی گئی تفسیروں میں زمخشری (م۵۳۸ھ) کی الکشاف، ابو جعفر طوسی (م۴۶۰) کی التبیان فی تفسیر القرآن وغیرہ شامل ہیں۔

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۴۰،۳۹

(۲) ایضاً:۴۶

(۳) تستری، سہل بن عبد اللہ، حقائق التفسیر، تحقیق: محمد باسل عیون السود، منشورات محمد علی بیضون، دار الکتب العلمیہ، بیروت، طبع اول:۱۴۲۳ھ، ص:۵۰

تفسیر میں غلطی کی اس جہت کا سلسلہ رکا نہیں بلکہ چلتا جارہا ہے عصر حاضر میں بھی ایسی بہت سی تفاسیر سامنے آرہی ہیں، جن میں خواہشات کا دخل زیادہ ہے، آیات کے معانی کی اپنی آراء کی طرف پھیرا جارہا ہے، ان میں سرسید احمد خان کی تفسیر القرآن ہے۔

اور دوسری جہت ان لوگوں کی ہے جنہوں نے قرآن کی تفسیر محض لغت عرب سے کی اور یہ لحاظ نہیں رکھا کہ قرآن کی کیا مراد ہے اور نبی کریم ﷺ نے کیا مطلب بیان فرمایا اور صحابہ کرام جو اس کے اولین مخاطب تھے انہوں نے کیا مفہوم سمجھا۔ ان کی نگاہ صرف الفاظ پر رہی کہ عرب ان الفاظ کے کیا معنی بتاتے ہیں۔ (۱)

مثال:

﴿بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ﴾ (۲)

اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہیں۔

اس مثال میں انہوں نے ید کا معنی نعمت کیا ہے کیونکہ لغت میں اس کا ایک معنی یہ بھی بیان کیا گیا ہے جبکہ یہ تفسیر درست نہیں بلکہ اہل سنت کے نزدیک ید کے معنی کو اس کے ظاہر پر محمول کریں گے جیسے اللہ سبحانہ وتعالی کی ذات کے لائق ہے بغیر تشبیہ و تمثیل اور بغیر کیفیت اور تعطیل کے۔ (۳)

اس جہت میں لکھی گئی تفسیروں میں تفسیر ماوردی (م ۴۵۰) کی النکت والعیون اور کرمانی (م بعد ۵۰۰) کی تفسیر غرائب التفسیر وعجائب التأویل، شامل ہیں۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فائدہ کے لیے ایسی بہت سی تفاسیر کا بھی تذکرہ کیا ہے جو ان دونوں جہتوں سے پاک ہیں، ان میں تفسیر عبد الرزاق، تفسیر طبری، تفسیر ابن ابی حاتم اور تفسیر عبد بن حمید وغیرہ ہیں۔

## چوتھی فصل: تفسیر کا بہترین طریقہ

تفسیر کا سب سے بہترین طریقہ کون سا ہے؟ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس سوال کا جواب اس مکمل فصل میں تفصیل سے دیا ہے۔ اور سب سے پہلے تفسیر بالماثور کا ذکر کیا ہے، یہی وہ جوہری خزانہ ہے جس سے ہر مفسر کو اپنے کام کا آغاز کرنا چاہیے۔ اسی کے ذریعے موجودہ دور کے تفسیری انحرافات سے بچاؤ ممکن ہے اور ان مفاسد سے احتراز ہوتا ہے، جو تاویل مذموم سے پیدا ہوتے ہیں۔

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمۃ فی اصول التفسیر: ۴۸

(۲) سورۃ المائدۃ: ۶۴

(۳) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر: ۴۶

## تفسیر القرآن بالقرآن

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تفسیر بالماثور کی چار اقسام ہیں، ان میں سب سے اہم اور اولین قسم ''تفسیر القرآن بالقرآن'' ہے۔ کیونکہ قرآن مجید شریعت اسلامیہ کا مصدر اول ہے اور سب سے بہترین تفسیر قرآن کی تفسیر قرآن سے کرنا ہے، کیونکہ قرآن کا ایک حصہ دوسرے کی تشریح کرتا ہے، یہی بات برحق ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"أَنْ يُفَسَّرَ الْقُرْآنُ بِالْقُرْآنِ، فَمَا أُجْمِلَ فِي مَكَانٍ فَإِنَّهُ قَدْ فُسِّرَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ وَمَا أُخْتُصِرَ مِنْ مَكَانٍ فَقَدْ بُسِطَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ."(۱)

قرآن کی تفسیر قرآن سے کی جائے، قرآن میں جو مضمون ایک جگہ مجمل ہے دوسری جگہ مفصل ہے، اور جہاں اختصار سے کام لیا گیا ہے، دوسری جگہ اس کی تفصیل مل جائے گی۔

چنانچہ مفسر کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک مضمون کی مختلف آیات کو سامنے رکھے تاکہ مضمون کے تمام گوشے نکھر کر سامنے آجائیں۔ لیکن اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ قرآن کی ہر آیت کی تفسیر دوسری آیت کرتی ہو۔

اس کی بے شمار امثلہ میں سے ایک مندرجہ ذیل ہے:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ﴾(۲)

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

اولیاء اللہ کون ہیں؟ اس کی تفسیر بعد والی آیت میں بیان کر دی کہ

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ﴾(۳)

یعنی وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگار رہے۔

اسی طرح ایک اور مثال

''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی ﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ تو صحابہ پر بہت گراں گزری اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۹۵، زرکشی، محمد بن عبد اللہ، البرہان فی علوم القرآن، تحقیق: محمد ابو الفضل ابراہیم، دار احیاء الکتب العربیۃ، طبع اول: ۱۹۵۷ء، ۲/ ۱۷۵

(۲) سورۃ یونس: ۶۲

(۳) ایضا: ۶۳

عرض کیا کہ ہم میں سے کون ایسا ہے جس نے کبھی ظلم نہ کیا ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا:
أَلَمْ تَسْمَعُوا إِلَى قَوْلِ الْعَبْدِ الصَّالِحِ: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾ کیا آپ نے نیک بندے کا قول نہیں سنا۔ لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ بیٹا کبھی شرک نہ کرنا کیونکہ شرک سب سے بڑا ظلم ہے۔"(۱)

اس طریقے سے قرآن کی بظاہر باہم متعارض آیات میں مطابقت واضح ہوتی ہے۔ مثلاً تخلیق آدم سے متعلق ایک آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو مٹی سے بنایا گیا ہے، دوسری آیت بتاتی ہے کہ گارے سے پیدا کیا ہے لیکن جب تمام آیات کو پیش نظر رکھا جائے۔ تو تضاد کے بجائے واضح ہوتا ہے کہ یہ مختلف مراحل پر مشتمل ایک سلسلے عمل کو بیان کیا گیا ہے۔

اس اصول کے بنیاد پر بہت سے ایسے اشکالات کا ازالہ ہوتا ہے جو صرف ایک آیت پر نظر کرنے سے پیدا ہو سکتے ہیں۔

**تفسیر القرآن بالسنۃ**

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تفسیر کا دوسرا اہم طریقہ تفسیر بالسنۃ ہے۔ یعنی اگر قرآن کی تفسیر قرآن میں موجود نہ ہو تو پھر حدیث کے طرف رجوع کیا جائے کیونکہ یہ قرآن کی شرح و تفسیر ہے۔(۲)

اس حوالے سے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن وحدیث سے متعدد دلائل پیش کئے ہیں۔ ان میں سے ایک دلیل قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالی ہے:

﴿وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ﴾(۳)

اور ہم نے تم پر بھی یہ کتاب نازل کی ہے تاکہ جو ارشادات لوگوں پر نازل ہوئے ہیں وہ ان پر ظاہر کر دو۔

اس آیت میں تفسیر قرآن نبی کریم ﷺ کی ذمہ داری قرار دی گئی ہے۔ جو کچھ آپ ﷺ پر نازل ہوا ہے اس کا مطلب اور تشریح و توضیح بھی لوگوں کو بتادیں۔ اگر کسی کو کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو سمجھا دیں۔ اگر وہ کوئی سوال کریں تو انھیں اس کا جواب دیا کریں۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے اپنے قول وفعل کے ذریعے قرآن کی تشریح کی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"رسول اللہ نے جو بھی حکم دیا ہے، وہ قرآن سے ہی ماخوذ ہے۔"(۴)

---

(۱) بخاری، صحیح بخاری، کتاب التفسیر، سورۃ لقمان، باب ﴿لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾، حدیث نمبر: ۴۷۷۶

(۲) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص: ۹۶

(۳) سورۃ النحل: ۴۴

(۴) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر: ۹۶

حدیث قرآن کی شرح ہے، یہ قرآن کے مجمل کا بیان کرتا ہے اور اسی کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی مراد تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ حدیث میں جو بات کی گئی ہے اس کی بنیاد کسی نہ کسی طرح قرآن میں موجود ہوتی ہے۔ [۱]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

«أَلَا إِنِّي أُوتِيتُ الْقُرْآنَ وَمِثْلَهُ مَعَهُ» [۲]

یادرکھو مجھے قرآن کے ساتھ اسی کی مثل دی گئی ہے۔

اسی طرح حدیث معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہے، اس پر امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بکثرت دلائل پیش کئے ہیں۔

قرآنی اجمال کے بیان کی ایک مثال درج ذیل آیت ہے:

﴿ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ ﴾ [۳]

جن لوگوں نے نیکوکاری کی ان کے لیے بھلائی ہے اور مزید اور بھی۔

اس آیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ﴿وَزِيَادَةٌ﴾ کی تفسیر دیدارِ الٰہی سے کی ہے کہ جنت میں جنتیوں کو سب سے بڑی نعمت جو ملے گی وہ اپنے رب کا دیدار ہوگا۔ [۴]

چنانچہ قرآن کی تفسیر میں صحیح حدیث ہی بہترین تفسیر ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے شارح اور صادق و مصدوق ہیں، اور اس سے بہتر کوئی تفسیر نہیں ہوسکتی۔

**تفسیر باقوال الصحابۃ**

تفسیر کا تیسرا اہم ذریعہ اقوال صحابہ کرام ہیں۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس فصل میں صحابہ کی تفسیر کے متعلق بعض مسائل کو بیان کیا ہے، اجمالی طور پر اس کو تین مباحث میں تقسیم کرسکتے ہیں۔

۱۔ تفسیرِ صحابہ کی طرف رجوع کا سبب

۲۔ مشہور مفسّرین صحابہ کرام

۳۔ تفسیرِ صحابہ میں اسرائیلیات

---

(۱) زرکشی، البرہان فی علوم القرآن، ۲/۱۳۹

(۲) احمد بن حنبل، مسند، حدیث نمبر: ۱۷۱۷۴

(۳) سورۃ یونس: ۲۶

(۴) مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب اثبات رؤیۃ المؤمنین فی الآخرۃ ربھم سبحانہ وتعالی، حدیث نمبر: ۴۵۰، دار السلام، طبع اول: ۱۹۹۸ء

### تفسیرِ صحابہ کی طرف رجوع کا سبب

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر قرآن وسنت میں قرآن کی تفسیر نہ ملے تو صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال کی طرف رجوع کیا جائے گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی قدر ومنزلت کی بنا پر اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ کرام کی تفسیر کی طرف رجوع کے بعض اسباب کا تذکرہ کیا ہے فرماتے ہیں:

"وَحِينَئِذٍ إِذَا لَمْ نَجِدْ التَّفْسِيرَ فِي الْقُرْآنِ وَلَا فِي السُّنَّةِ رَجَعْنَا فِي ذَلِكَ إِلَى أَقْوَالِ الصَّحَابَةِ فَإِنَّهُمْ أَدْرَى بِذَلِكَ لِمَا شَاهَدُوهُ مِنْ الْقُرْآنِ وَالْأَحْوَالِ الَّتِي اخْتَصُّوا بِهَا; وَلِمَا لَهُمْ مِنْ الْفَهْمِ التَّامِّ وَالْعِلْمِ الصَّحِيحِ وَالْعَمَلِ الصَّالِحِ."(۱)

اور اس وقت جب تفسیر قرآن وسنت میں نہ ملے تو پھر اقوال صحابہ کے طرف رجوع کیا جائے گا۔ کیونکہ جب ''نزول قرآن'' کے قرائن واحوال کا مشاہدہ ان تک مخصوص تھا، اور وہ فہم تام، علم صحیح اور عمل صالح کے حامل تھے، چنانچہ ان کو تفسیر کا بہتر ادراک تھا۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے جو اسباب بیان کئے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

#### مشاہدہ نزول

یہ ایسا خاصہ ہے جو ان کے علاوہ کسی اور کے لیے ممکن نہیں۔ جس چیز کا ادراک انہوں نے کیا، غائب اس کا ادراک نہیں کر سکتا۔ واقعات اور حوادثات کا وقوع اور اس پر کتاب وسنت کی وحی کا نزول، قرائن حالیہ نے ان کے فہم کو مزید بڑھا دیا، اس کے ساتھ انہیں اسباب نزول سے واقفیت تھی۔

#### احوال خاصہ

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نزول وحی کے عینی گواہ اور ماحول سے واقف تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کے ساتھ، ان کے احوال و معاشرت سے آگاہ تھے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بالمشافہ علم و عمل کو حاصل کیا، اہل زباں ہونے کے ساتھ عادات عرب سے آگاہ، علم میں گہرائی، زبردست قوت ادراک کے مالک اور حب رسول کے جذبے سے سرشار تھے۔ ان کے دل نور نبوت سے روشن تھے، چنانچہ امت کے تمام طبقات میں صحابہ کا فہم قرآن زیادہ تھا۔ مزید برآں وہ شعوری طور پر فہم قرآن کو اہمیت دیتے تھے۔

اس حوالے سے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقول کی اہمیت اور ان کی ترجیح کے بارے میں متعدد اقوال نقل کیے ہیں ان میں سے ایک حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے، فرماتے ہیں:

"كان الرجل منا اذا تعلم عشر آيات لم يجاوزهن حتى يعرف معانيها والعمل بهن"(۲)

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر: ۳۰

(۲) طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، حدیث نمبر: ۸۱، ۱/ ۸۰، شیخ شعیب الأرنووط نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے، تفصیل کے لیے دیکھیں: مسند احمد، حدیث نمبر: ۲۳۴۸۲، ۳۸/ ۴۶۶

ہم میں ایک شخص جب دس آیات سیکھ لیتا تو اس وقت تک آگے نہ بڑھتا جب تک ان آیات کے معانی اور عملی احکام کی معرفت حاصل نہ کر لیتا۔

لہٰذا تفسیر میں قرآن وسنت کے بعد سب سے زیادہ اہمیت اقوال صحابہ کی ہے بلکہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے کہ صحابی جس نے وحی کا مشاہدہ کیا ہے، کی تفسیر کو حدیث نبوی کی حیثیت حاصل ہے۔[۱]

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تفسیر کی مثال:

﴿أَوْ لامَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾[۲]

یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو۔

کی تفسیر عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے جماع سے کی ہے۔[۳]

## مشہور مفسّرین صحابہ کرام

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں مشہور مفسرین میں سے خلفاء اربعہ اور اکابر صحابہ میں سے خاص طور پر عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور اصاغر صحابہ میں سے عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا ہے۔[۴]

## تفسیرِ صحابہ میں اسرائیلیات

تفسیرِ صحابہ میں بھی اسرائیلیات کا وجود ہے، امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحابی نے صرف صحیح روایت کو ہی بیان کیا ہے اور تابعین کے مقابلہ میں صحابی کی روایت زیادہ قابل اطمینان ہے۔ سدی کبیر نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اہل کتاب سے بعض اقوال بھی نقل کئے ہیں۔ عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو جنگ یرموک میں اہل کتاب کی کتابوں کے دو بوجھ اونٹوں کے لدے ہوئے ملے۔ وہ مندرجہ ذیل حدیث میں اجازت کی وجہ سے ان کتابوں سے روایت کرتے تھے:

«أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ، قَالَ: «بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلاَ حَرَجَ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ»[۵]

---

(۱) حاکم نیسابوری، محمد بن عبد اللہ، المستدرک علی الصحیحین، تحقیق: مصطفی عبد القادر عطا، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، طبع اول: ۱۹۹۰ء، ۲/۲۸۳، ۳۰۲۱، سیوطی، جلال الدین، عبد الرحمن بن ابو بکر، الاتقان فی علوم القرآن، تحقیق: احمد بن علی، دارالحدیث، قاہرہ، ۲۰۰۶ء، ۴/۴۵۵

(۲) سورۃ النساء: ۴۳

(۳) طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، حدیث نمبر: ۹۵۸۲، ۸/۳۸۹

(۴) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص: ۶۰، ۵۹

(۵) صحیح بخاری، کتاب احادیث الانبیاء، باب ماذکر عن بنی اسرائیل، حدیث نمبر: ۳۴۶۱

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری طرف سے پہنچا دو اگرچہ ایک آیت ہی کیوں نہ ہو، اور بنی اسرائیل سے بیان کرو اس میں کوئی حرج نہیں، جس شخص نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا، اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنالے۔

## تفسیر باقوال التابعین

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر کا چوتھا اہم ذریعہ تابعین کے تفسیری اقوال ذکر کیا ہے کیونکہ روئے زمین پر صحابہ کرام کے بعد سب سے بہترین لوگ تابعین عظام ہیں۔ بہت سے آئمہ نے ان کی تفسیر کی طرف رجوع کیا ہے اس لیے کہ وہ صحابہ سے فیض یافتہ، زمانہ نزولِ قرآن سے قریب تر اور لغت عربی کے ماہر تھے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب تابعین کسی قول پر جمع ہو جائیں تو اس قول کے حجت ہونے میں کوئی شک نہیں اور اگر وہ اختلاف کریں تو ان کا قول ایک دوسرے کے خلاف یا بعد والوں کے لیے حجت نہیں ہے، جیسا کہ انہوں نے دلیل کے طور شعبہ بن حجاج کا قول پیش کیا ہے:

" أَقْوَالُ التَّابِعِينَ فِي الْفُرُوعِ لَيْسَتْ حُجَّةً فَكَيْفَ تَكُونُ حُجَّةً فِي التَّفْسِيرِ؟ يَعْنِي أَنَّهَا لَا تَكُونُ حُجَّةً عَلَى غَيْرِهِمْ مِمَّنْ خَالَفَهُمْ."[1]

اقوال تابعین فروعی احکام میں حجت نہیں تو تفسیر میں کیسے حجت ہو سکتے ہیں یعنی ان میں سے جو اختلاف کر لے اس کے خلاف حجت نہیں ہو سکتے۔

اس قول کی توضیح یہی ہے کہ اقوال تابعین اختلاف کی صورت میں حجت نہیں ہیں لیکن جب ان میں اتفاق ہو تو پھر حجت ہونگے۔

## تابعین کی تفسیر کی مثال

﴿كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ﴾[2] اور سب اس کے فرمانبردار ہیں۔

عَنْ مُجَاهِدٍ: أَيْ: "كُلٌّ لَهُ مُطِيعُونَ، فَطَاعَةُ الْكَافِرِ فِي سُجُودِ ظِلِّهِ"[3]

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ کافر خود تو اب نافرمان ہے لیکن اس کا سایہ تک رب کے سامنے جھکا ہوا ہے۔

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۳۵

(۲) سورۃ البقرۃ:۱۱۶

(۳) مخزومی، مجاہد بن جبر مکی قرشی، تفسیر مجاہد، تحقیق: ڈاکٹر محمد عبد السلام، دار الفکر الاسلامی الحدیثۃ، مصر، طبع اول:۱۹۸۹ء، ص:۲۱۲

## پانچویں فصل: تفسیر بالرائے

تفسیر میں ضروری ہے کہ دلیل کے بنیاد پر بات کی جائے، اگر صرف خواہش، ذاتی مفاد، گروہی مقاصد اور فرقے کی حمایت میں، بغیر دلیل کے تفسیر کی جانے لگے تو امت تفرقہ کا شکار ہو گی۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر کے بہترین طریقے ذکر کرنے کے بعد تفسیر سے متعلق مندرجہ ذیل بعض احکام ذکر کئے ہیں:

۱۔ تفسیر بالرائے کا حکم

۲۔ تفسیر بالرائے سے متعلق احادیث

۳۔ سلف صالحین کا تفسیر بالرائے سے گریز کرنا

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک محض رائے سے من گھڑت تفسیر کرنا جس کی بنیاد کوئی صحیح علمی دلیل اور معتبر علمی اسلوب نہ ہو، تفسیر بالرائے مذموم ہے اور حرام ہے۔ اور اس حوالے سے متعدد احادیث نبویہ کا تذکرہ کیا ہے۔ جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَنْ قَالَ فِي الْقُرْآنِ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنْ النَّارِ»(۱)

جس شخص نے قرآن میں بغیر علم کے گفتگو کی اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنالے۔

جو شخص محض اپنی رائے وخیال سے تفسیر کرے وہ اپنے ذمہ ایسی ذمہ داری لے رہا ہے جس کا اسے کوئی علم نہیں۔ اب اگر وہ کوئی تفسیر صحیح بھی کرلیتا ہے، تو پھر بھی غلطی پر ہے، کیونکہ وہ سرے سے ہی غلط راہ چلا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

«مَنْ قَالَ فِي الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَأَصَابَ فَقَدْ أَخْطَأَ»(۲)

جو کوئی اپنی رائے سے قرآن میں کچھ کہے اور اس کا کہنا صحیح ہو تو بھی اس نے غلطی کی۔

ممانعت کی انہی احادیث کی بنا پر بعض اہل علم نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اس بارے میں سخت تھے کہ کوئی شخص بغیر علم کے تفسیر کرنے بیٹھ جائے۔ جیسا کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

"أَيُّ أَرْضٍ تُقِلُّنِي وَأَيُّ سَمَاءٍ تُظِلُّنِي إِذَا قُلْت فِي كِتَابِ اللَّهِ مَا لَمْ أَعْلَمْ؟"(۳)

---

(۱) سنن ترمذی، ابواب التفسیر، باب فی الذی یفسر القرآن برایہ، حدیث نمبر: ۲۹۵۰، امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حسن جبکہ علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ضعیف اور شیخ شعیب الأرنووط نے عبد الأعلى الثعلبی کے ضعف کی بنا پر اس کی سند کو ضعیف کہا ہے۔

(۲) سنن ترمذی، حدیث نمبر: ۲۹۵۲، علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ضعیف اور شیخ شعیب الأرنووط نے سہیل بن مہران کے ضعف کی بنا پر اس کی سند کو ضعیف کہا ہے۔

(۳) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص: ۲۶

کون سی زمین مجھے اٹھائے گی اور کون سا آسمان مجھ پر سایہ کرے گا اگر کتاب اللہ میں ایسی بات کہوں جس کا مجھے علم نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ بعض سلف جیسے سعید بن المسیب، عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہم وغیرہ تفسیر میں محتاط رہتے تھے اور اس کو ایک خطرناک عمل سمجھتے تھے کہ مبادا کہیں مراد الٰہی کے خلاف تفسیر نہ کر بیٹھیں یا یہ کہ لوگ ان کے دیکھا دیکھی یہ راستہ اختیار نہ کر لیں۔

مجاہد اور قتادہ رحمۃ اللہ علیہم وغیرہ نے جو تفسیریں کی ہیں ان کے بارے میں یہ گمان نہیں کیا جاسکتا کہ انہوں نے بغیر علم کے یا محض اپنی رائے سے تفسیر کر دی ہے۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ تو تفسیر میں اللہ کی نشانی تھے انہوں نے تین مرتبہ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے قرآن مجید کو شروع سے آخر تک پڑھا، ہر آیت پر ٹھہرتے اور اس کی تفسیر پوچھتے۔[(۱)]

تفسیر کی مقررہ بنیادوں سے استدلال کے بغیر، دل میں آئی بات اور خیالات سے تفسیر کرنے والا غلطیوں کا شکار ہو گا۔ چنانچہ احتیاط ضروری ہے۔ اگر ہر باطل پرست کو یہ موقعہ دیا جائے کہ وہ خواہش کے مطابق تفسیر کرے، تو پھر تفسیر و تحریف میں امتیاز باقی نہ رہے گا اور قرآن کی "فارق بین الحق والباطل" کی حیثیت ختم ہو جائے گی۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے متعدد آثار کو ذکر کیا ہے کہ سلف صالحین بغیر علم کے تفسیر میں دخل نہیں دیتے تھے، لیکن جس شخص کو شریعت اور لغت کا علم ہو اس کے لیے تفسیر کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سلف سے تفسیریں بھی روایت کی گئی ہیں۔ وہ بولتے تھے جب جانتے تھے اور جس کا علم نہیں ہوتا تھا اس پر سکوت کرتے تھے اور یہی سب پر واجب ہے۔

## سفارشات

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ رسالہ امت اسلامیہ کے لیے ایک بہت بڑا احسان ہے۔ جس میں علوم کے خزانوں کو جمع کر دیا ہے اور امت کو بتایا کہ کتاب اللہ کو کس طرح سمجھنا چاہیئے اور کتاب اللہ کی تفسیر کس طرح کرنی چاہیئے۔

ہم نے کتاب اللہ کو ہدایت نامہ سمجھنے کی بجائے اسے بحث و جدل، علمی ورزش اور اظہارِ قابلیت کا ذریعہ بنا دیا ہے۔ تفسیروں کے انبار لگ گئے لیکن ان تفسیروں نے کتاب اللہ پر پردے ڈال دیئے۔ شیخ الاسلام نے یہ بھولی ہوئی بنیادی حقیقت بڑی خوبی سے یاد دلائی ہے اور ان اصولوں کو بیان کیا ہے جو کتاب اللہ کی تفسیر کے لیے ضروری ہیں۔

اصول تفسیر پر یہ مختصر اور جامع رسالہ نہایت اہمیت کا حامل ہے، اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کو نصاب میں شامل کرنا چاہیے تاکہ صحیح اور غلط تفاسیر میں امتیاز ہو سکے، نیز بغیر علم کے قرآن کی تفسیر نہ کی جائے۔ طلباء میں صحیح تفسیر کا شعور پیدا ہو کیونکہ مصنف نے جہاں جہاں متکلمین اور بدعتی فرقوں نے ٹھوکریں کھائیں، ان مقامات کی

---

(۱) ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:۶۴

نشاندہی کی ہے اور ان کے علمی و عقلی مغالطوں کے پردے چاک کئے ہیں۔ اس کے علاوہ اصحاب تفسیر کو اصول تفسیر میں جو الجھنیں پیش آتی رہی ہیں ان کو نہایت عمدگی سے سلجھایا ہے۔

ان اصولوں کی روشنی میں آج کل کی جدید تفاسیر کو جانچنے کی ضرورت ہے کیونکہ بعض جدت پسند مفسرین تفسیر ممدوح کی حد پار کر کے تفسیر مذموم کا شکار ہو گئے ہیں اور یہ اصول ان کے لیے مینارہ نور ثابت ہونگے۔

خلاصہ یہ کہ ان اصولوں کی افادیت جیسے ماضی میں تھی ویسے ہی حال اور مستقبل میں بھی ہے۔

❁ ❁ ❁